★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | بدھ یکم جمادی الثانی 1446ھ 04 دسمبر 2024ء 18 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 49

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

دھرنوں میں قانون پامال کرنے والوں کو سزائیں دی جائیں شہباز شریف

انتشار پھیلانے والوں کیخلاف کارروائی پر پیشرفت کا ہفتہ وار جائزہ لیا جائیگا' فسادات کی تحقیقات کے لیے قائم ٹاسک فورس کا اجلاس

انتشار پھیلانے والوں نے بیلاروس کے صدر کے پاکستان کے سرکاری دورے کے وقت ملک کے دارالحکومت پر لشکرکشی کی جو ہمارے لیے شرمندگی کا باعث بنا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ دھرنوں میں قانون پامال کرنے والوں اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والوں کو سزائیں دی جائیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت 24 نومبر دھرنے میں فسادات کی تحقیقات کے لیے قائم ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا ہے کہ انتشار پھیلانے والوں کے خلاف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سموگ تدارک کیس، موسم سرما کی تعطیلات 10 جنوری تک بڑھانے کی تجویز

درخت کاٹنے والے کیس کو وزیراعلیٰ تک پہنچائیں، وزیراعلیٰ خود اس پر کارروائی کریں' لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تدارک سموگ کیس کے دوران تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی تعطیلات 10 جنوری تک بڑھانے کی تجویز دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق دائر درخواستوں پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

وفاقی وزیر احسن اقبال کا ٹھٹھہ میں کوسٹل ہائی وے کیٹی بندر روڈ کا دورہ

ترقیاتی اسکیموں ساحلی پٹی اور کوسٹل ہائی وے روڈ کے ترقیاتی کام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

ٹھٹھہ (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے منگل کو ٹھٹھہ میں کوسٹل ہائی وے کیٹی بندر روڈ کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز وجیل خانہ جات سندھ علی حسن زرداری، صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ، پیپلز پارٹی ضلع باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

اسلام آباد پر چڑھائی سے اسٹاک مارکیٹ گرتی' ایکشن پر جشن مناتی، احسن اقبال

100 انڈیکس کے 1 لاکھ پار کرنے سے دنیا نے دیکھا کہ پاکستان کی صلاحیت کیا ہے' سٹاک ایکسچینج میں خطاب

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیرِ پلاننگ احسن اقبال کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں چڑھائی ہوتی ہے تو اسٹاک مارکیٹ گرتی ہے، ان کے خلاف آپریشن ہوتا ہے تو مارکیٹ اس کا جشن مناتی ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ 100 انڈیکس کے 1 لاکھ پار کرنے سے دنیا نے دیکھا کہ پاکستان کی صلاحیت کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2013ء میں 2025ء کا ویژن بنایا، کراچی کا امن بحال اور دہشت گردی ختم کی، 3 برس میں چین سے 25 ارب کی سرمایہ کاری کی اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

قانون سازی میں سینیٹ کا کردار انتہائی اہم ہے

وزیراعظم شہباز شریف کی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوامی فلاح وبہبود کے حوالے سے قانون سازی میں سینیٹ کا کردار انتہائی اہم ہے، ایوان بالا کا قومی یکجہتی اور صوبائی ہم آہنگی میں متحرک کردار ادا کر رہا ہے۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ عوامی فلاح وبہبود کے حوالے سے قانون سازی میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

افواج ملک کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنا دیں گی آرمی چیف

آرمی چیف نے جوانوں کے ساتھ دن گزارا اور جوانوں کے تربیتی معیار، پیشہ ورانہ تیاریوں اور بلند جذبے کو سراہا، آرمی چیف نے مشقوں کا معائنہ کیا

فوجی جوانوں کے تربیتی معیار، آپریشنل تیاری اور بلند حوصلے کی تعریف کی۔ اس موقع پر آرمر، انفنٹری، میکانائزڈ انفنٹری، آرٹلری، ایئر ڈیفنس، آرمی ایوی ایشن، اینٹی ٹینک گائیڈڈ میزائل یونٹس نے مربوط فائر اور مینیوور آپریشن کیے

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ قوم کی حمایت سے افواج ملک کیخلاف ہر سازش ناکام بنا دیں گی۔ مسلح افواج قوم کی پُرعزم حمایت کے ساتھ تمام خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے نارووال اور سیالکوٹ کا دورہ کیا۔ آرمی چیف کی آمد پر کور کمانڈر گوجرانوالہ اور انسپکٹر جنرل آف ٹریننگ اینڈ ایویلیوایشن نے ان کا استقبال کیا۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے فیلڈ ٹریننگ مشقوں کا معائنہ کیا، انہیں مشق کے مقاصد اور انعقاد کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ آرمی چیف نے دن فوجیوں کے ساتھ فیلڈ میں گزارا، انہوں نے فوجی جوانوں کے تربیتی معیار، آپریشنل تیاری اور بلند حوصلے کی تعریف کی۔ اس موقع پر آرمر، انفنٹری، میکانائزڈ انفنٹری، آرٹلری، ایئر ڈیفنس، آرمی ایوی ایشن، اینٹی ٹینک گائیڈڈ میزائل یونٹس نے مربوط فائر اور مینیوور آپریشن کیے جبکہ برقی جنگی صلاحیتوں اور معلوماتی آپریشنز کے مؤثر استعمال کا بھی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ قومی حمایت سے مادرِ وطن کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کی حفاظت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز نے بتایا ہے کہ ان مشقوں کا مقصد ابھرتے آپریشنل چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پیشہ ورانہ مہارتوں اور میدان جنگ کا طریقہ کار بہتر بنانا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ان آپریشنز کو دشمن کے مواصلات میں خلل ڈالنے اور جدید میدان جنگ کے ماحول میں غلط معلومات کی حکمتِ عملیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے بتایا گیا کہ آرمی چیف نے جوانوں کے ساتھ دن گزارا اور جوانوں کے تربیتی معیار، پیشہ ورانہ تیاریوں اور بلند جذبے کو سراہا، آرمی چیف نے مشقوں کا معائنہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

حکومت پاکستان کو مظاہرین سے احترام کے ساتھ نمٹنا چاہیے، امریکا

دہشتگردی اور شدت پسندی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں' میتھیو ملر

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر کا کہنا ہے کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں احتجاج پرامن ہونے چاہئیں، حکومت پاکستان کو مظاہرین سے احترام کے ساتھ نمٹنا چاہیے۔ واشنگٹن میں پریس بریفنگ دیتے ہوئے امریکی ترجمان میتھیو ملر نے کہا کہ دہشتگردی اور شدت پسندی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میتھیو ملر نے ٹرمپ کی اتحادی ممالک کو دھمکیوں سے متعلق مؤقف دینے سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

آئی ایم ایف پروگرام پر روانی سے عمل درآمد ہو رہا ہے، وزارت خزانہ

آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد میں نام نہاد 'مشکلات' کے حوالے سے قیاس آرائیاں معتبر ثبوت سے عاری ہیں' بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے واضح کیا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام پر روانی سے عمل درآمد ہو رہا ہے، آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

مشہد، وزیر خارجہ ونائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے قازقستان کے وزیر خارجہ سے ملاقات کر رہے ہیں

تحریک انتشار سیکورٹی اہلکاروں کی فائرنگ کا کوئی بھی ثبوت پیش نہیں کر سکی وفاقی وزیر اطلاعات

تحریک انتشار اپنی ناکامی اور خفت مٹانے کے لئے گولی چلانے کا جھوٹا بیانیہ بنارہی ہے، اپنی شرمندگی چھپانے کیلئے لاشوں پر سیاست کر رہے ہیں، یہ لاشیں ٹک ٹاک، فیس بک، واٹس ایپ پر ہی ملیں گی، عطاء اللہ تارڑ

مہنگائی 70 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی ہے، سٹاک مارکیٹ ایک لاکھ کی حد عبور کر چکی ہے، مہنگائی کا 4.8 فیصد پر آنا حکومت اور وزیراعظم کی محنت کا نتیجہ ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ وثقافت عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انتشار اپنی ناکامی اور خفت مٹانے کے لئے گولی چلانے کا جھوٹا بیانیہ بنا رہی ہے، یہ سیکورٹی اہلکاروں کی فائرنگ کا کوئی بھی ثبوت پیش نہیں کر سکے، یہ وہ لوگ ہیں جو جھوٹ پر ریاست کو بدنام کرتے ہیں، یہ آپس کی لڑائی میں دست و باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نیشنل ایکشن پلان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انٹرنیٹ کی اسپیڈ کا مسئلہ 3 ماہ میں حل ہونے کا امکان

اگر واٹس ایپ پر میسج جا رہا ہے لیکن تصویر نہیں تو امکان ہے مانیٹرنگ جاری ہے، سجاد مصطفی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (پاشا) کے چیئرمین سجاد مصطفیٰ کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ اسپیڈ کا مسئلہ 3 ماہ میں حل ہونے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر واٹس ایپ پر میسج جا رہا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

ڈی چوک احتجاج پر مقدمات: عمر ایوب کی عبوری ضمانت منظور

پانچ پانچ ہزار روپے کے مچلکے جمع کروا دیں' عدالت کی عمر ایوب کو کیس میں شامل تفتیش ہونیکی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے ڈی چوک احتجاج سے متعلق درج مقدمات میں پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی 5، 5 ہزار روپے مچلکوں کے عوض عبوری ضمانت منظور کرلی۔ انسدادِ دہشت گردی عدالت کے جج طاہر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

سائبر کرائم ترمیمی بل کا ابتدائی مسودہ تیار

فیک نیوز دینے والے کو 5 سال قید یا 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے سائبر کرائم ترمیمی بل کا ابتدائی مسودہ تیار کرلیا، نئے مسودے میں اہم تبدیلیاں بھی کی گئی ہیں۔ مسودے کے مطابق فیک نیوز دینے والے کو 5 سال قید یا 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا ہوگی، قانون نافذ کرنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

لاپتہ افراد کیس انتہائی اہم ہے، ہزاروں لوگ لاپتہ ہیں' جسٹس جمال مندوخیل

اٹارنی جنرل، وزارت داخلہ، دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے رپورٹس طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے لاپتہ افراد کیس میں اٹارنی جنرل، وزارت داخلہ، دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے رپورٹس طلب کر لی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں آئینی بینچ نے سماعت کی۔ جسٹس جمال مندوخیل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

سپیشل ہیروز کی حوصلہ افزائی اور معاونت کرنا اجتماعی ذمہ داری ہے مریم نواز

لاہور میں پاکستان کا پہلا سرکاری آٹزم سینٹر بنائیں گے، سپیشل ہیروز کے لیے میرے در ہمیشہ کھلے ہیں

خصوصی افراد اپنے جذبے سے دنیا کو حیران کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، سپیشل افراد کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سپیشل ہیروز کی حوصلہ افزائی اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کا وکلا کے مسائل کو حل کرنے کا مشن/ اُدو کروڑ کے چیکس تقسیم

ساہیوال، شاہ پور، سلانوالی، بھلوال، کوٹ مومن، بھوانہ، لالیاں بار ایسوسی ایشنز کے صدور وجنرل سیکرٹریز کی لاہور آمد

پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ پنجاب بڑے پیمانے پر وکلا کے مسائل حل کر رہی ہیں۔ صوبائی وزیر قانون ینگ وکلا کی ٹریننگ پروگرام کو ایک ماہ تک شروع کر دیا جائے گا۔ صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ کی دعوت پر ساہیوال، شاہ پور، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ کا کوٹ مومن، سلانوالی، ساہیوال، شاہ پور، بھلوال، بھوانہ، لالیاں بار ایسوسی ایشنز کے صدور وجنرل سیکرٹریز کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہر فرد تک صحت کی سہولیات کی رسائی ہمارا ایجنڈا اور مشن ہے، ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ

ہم ایک صحت مند اور زیادہ مساوی پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کریں، کوآرڈینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ ہر فرد تک صحت کی سہولیات کی رسائی ہمارا ایجنڈا اور مشن ہے، حکومت یونیورسل ہیلتھ کوریج کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ منگل کو وہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ آصف سے ترکیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر سپریم کورٹ کا پیس فل اسمبلی پبلک آرڈیننس سے متعلق بڑا فیصلہ

متنازع صدارتی آرڈیننس پر عملدرآمد روک دیا فل کورٹ نے آرڈیننس معطل کرنے کا حکم جاری کیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ کے چیف جسٹس راجہ سعید اکرم کی سربراہی میں قائم فل کورٹ بینچ نے حکومت کی طرف سے جاری کیے گئے متنازع صدارتی آرڈیننس پر عملدرآمد روک دیا۔ آزاد کشمیر سپریم باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

کچے میں آپریشن تیز کرنے کیلئے سندھ پولیس کو 33 کروڑ روپے جاری

شکار پور، گھوٹکی، کشمور، سکھر اور لاڑکانہ رینج کے ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز فنڈز کا استعمال کر سکیں گے

کراچی (این این آئی) سندھ میں کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن مزید تیز کرنے کیلئے 33 کروڑ روپے کا فنڈ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع سینٹرل پولیس آفس کے مطابق کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف جاری آپریشن میں پولیس اہلکاروں کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

اسحاق ڈار کی مشہد میں ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

مشہد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایران کے شہر مشہد میں ای سی او وزرا کونسل کے اجلاس کے موقع پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی۔ منگل کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں اور تازہ ترین باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

اسلامی مالیاتی نظام دنیا میں مضبوط، اخلاقی اور پائیدار ماڈل کے طور پر ابھر رہا ہے، احسن اقبال

یہ جدت اور باہمی تعاون کے ذریعے مستقبل کے لیے اہم کردار ادا کریگا، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسلامی مالیاتی نظام دنیا میں مضبوط، اخلاقی اور پائیدار ماڈل کے طور پر ابھر رہا ہے، یہ جدت اور باہمی تعاون کے ذریعے مستقبل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

صدر مملکت کی پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم کو چوتھا بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم کو چوتھا بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ معذوری کے حامل افراد بھی کھیل کے شعبے میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

پشاور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کو 23 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی

زیادہ ٹائم اس لیے نہیں دے سکتے کیونکہ سردیوں کی چھٹیاں آنے والی ہیں، جج کے ریمارکس

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 23 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس وقار احمد نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی راہداری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

غیر قانونی گیٹ وے ایکسچینج کے مجرم کو 8 سال قید، 2 لاکھ روپے جرمانہ

یہ سزا پی ٹی اے ایکٹ 1996ء، ای ٹی او 2002ء اور پینل کوڈ کے تحت سنائی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے سائبر کرائم میں ملوث مجرم کو مجموعی طور پر 8 سال قید اور 2 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی۔ عدالت میں جوڈیشل مجسٹریٹ محمد عباس شاہ نے اسلام ا؟ باد سے تعلق رکھنے والے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

خصوصی افراد کو مساوی مواقع اور حقوق فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ خصوصی افراد کا عالمی دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ معذور افراد کو مساوی مواقع اور حقوق فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے خصوصی افراد کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

سٹاک ایکسچینج میں تاریخ ساز دن، انڈیکس 1 لاکھ 4 ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی حد پار کر گیا

کراچی (این این آئی) سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہونے سے پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان کا سلسلہ برقرار ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی دیکھنے میں آئی ہے، 900 سے زائد پوائنٹس اضافے کے ساتھ سٹاک ایکسچینج میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا معاملہ' بہنوں کی درخواست پر جیل سپرنٹنڈنٹ عدالت طلب

درخواست علیمہ خان، عظمیٰ خان، نورین نیازی نے اپنے وکلاء کے ذریعے دائر کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی سے بہنوں کی ملاقات سے متعلق درخواست پر جیل سپرنٹنڈنٹ کو عدالت طلب کر لیا۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ درخواست سماعت کر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری روسی وزیر ٹرانسپورٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں پولیو وائرس کے مزید 3 کیسز کی تصدیق، مجموعی تعداد 59 ہوگئی

نئے کیسز ڈیرہ اسماعیل خان، کراچی کے ضلع کیماڑی اور کشمور سے رپورٹ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں پولیو وائرس کے 3 مزید کیسز کی تصدیق ہوگئی، جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کے مجموعی کیسز کی تعداد 59 ہوگئی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق پولیو کے نئے کیسز ڈیرہ اسماعیل خان، کراچی کے ضلع کیماڑی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

9 مئی پر معافی کی بات کرو تو عمران خان کہتا ہے شواہد لے آئیں' حافظ حمد اللہ

عمران خان کے پاس بار بار جا رہے ہیں لیکن وہ نئے الیکشن کی بات کرتے ہیں' بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے پاس بار بار جا رہے ہیں لیکن وہ نئے الیکشن کی بات کرتے ہیں۔ جے یو آئی رہنما کا کہنا تھا کہ ملک میں عام انتخابات کو ابھی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

راولپنڈی میں 102 الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

پروجیکٹ کی مالیت 7 ارب سے زائد ہے' حکومت پنجاب نے 4.7 بلین روپے جاری کر دیے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے شہریوں کے لیے سفری سہولیات کو مزید بہتر بناتے ہوئے 102 ماحول دوست الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ منصوبے کا فیصلہ صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کی 25 اکتوبر کو ہونے والی 39 ویں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی کی ناکام بغاوت کے تمام ثبوت سامنے آگئے عظمیٰ بخاری

جنہوں نے انقلاب لانا تھا اب وہ ایک دوسرے پر تاؤٹ، جاسوس کے الزامات لگا رہے ہیں' صوبائی وزیر اطلاعات

احتجاج میں شریک افراد تربیت یافتہ اور تخریب کاری کے ماہر تھے، گرفتار افراد کی اکثریت کا پاکستان میں کوئی ریکارڈ ہی نہیں

لاہور (سمعیہ فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ناکام بغاوت کے تمام ثبوت سامنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

انٹرنیٹ بند کر کے نوجوانوں کو مایوس، بے روزگار کیا جا رہا ہے حافظ نعیم الرحمن

ملک کی باگ دوڑ چند ارب پتیوں کے ہاتھ میں، جنھیں عوام کے مسائل کا اندازہ ہے نہ یہ انھیں ٹھیک کرنا چاہتے ہیں

ریاست اپنے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم دینے میں بھی ناکام ہوگئی، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ بند کر کے نوجوانوں کو مایوس، بے روزگار اور جمہوری باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت انٹرنیشنل والنٹیر ڈے پر یوتھ ایمپاورمنٹ سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی سندھ کے جنرل سیکرٹری اپنے عہدے اور کور کمیٹی کی رکنیت سے مستعفی

وہ جس عہدے پر فائز تھے اس کے حساب سے پارٹی کو وقت نہیں دے پا رہے تھے' استعفیٰ کا متن

کراچی (این این آئی) تحریک انصاف سندھ کے جنرل سیکرٹری علی پلھ نے پارٹی عہدے اور کور کمیٹی کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ تحریک انصاف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

بلوچستان کے ضلع دکی میں ژالہ باری کا 42 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا

وادی نیلم کے سیاحتی مقامات اڑانگ کیل اور اپر گریس نے برفباری کے بعد سفیدی چادر اوڑھ لی

دکی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع دکی میں ژالہ باری نے 42 سال کا ریکارڈ توڑ دیا، علاقے میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ ضلع دکی کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

چمن میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 3.2 ریکارڈ

زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 15 کلو میٹر اور شدت 3.2 ریکارڈ کی گئی

چمن (این این آئی) چمن اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیماء مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 15 کلو میٹر اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان لارنس کالج گھوڑا گلی مری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہر
1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے زیر اہتمام پانچ روزہ قومی ورکشاپ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر سووینئر وصول کر رہے ہیں

محنت کے ساتھ ساتھ اپنے والدین و اساتذہ کے احترام سے کامیاب اور خوشگوار زندگی کی کنجی حاصل کی جاسکتی ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی وی سی

پنجاب یونیورسٹی سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے زیر اہتمام 'پروٹین پیوریفیکیشن اور کریکٹرائزیشن' پر ورکشاپ کا انعقاد

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے بہترین ورکشاپ کے انعقاد پر سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے اساتذہ، منتظمین اور شرکاء کی تعریف کی

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے زیر اہتمام 'پروٹین پیوریفیکیشن اور کریکٹرائزیشن میں موجودہ تکنیک' کے موضوع پر پانچ روزہ قومی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، قائم مقام ڈائریکٹر جنرل سکول آف بائیولوجیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر صدف ناز، سیکرٹری پی اے ایس پنجاب چیپٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد وحید اختر، فیکلٹی ممبران، محققین اور طلباؤطالبات نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ کو پاکستان اکیڈمی آف سائنسز کی معاونت حاصل ہے۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے بہترین ورکشاپ کے انعقاد پر سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے اساتذہ، منتظمین اور شرکاء کی تعریف کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی ورکشاپس محققین کے کیریئر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر اس بات پر زور دیا کہ محنت کے علاوہ کامیاب اور خوشگوار زندگی کی کنجی صرف اسی صورت حاصل کی جا سکتی ہے جب ہم اپنے والدین اور اساتذہ کا احترام کریں۔ انہوں نے بانی ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر ایف آر اے ایس، ان کی ٹیم آف ڈائریکٹرز اور ان کے جانشینوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈاکٹر صدف ناز نے مہمانوں، فیکلٹی ممبران، طلباء اور شرکاء کو خوش آمدید کہا اور ورکشاپ کا ایک جامع جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے ورکشاپ کی اہمیت اور مختلف صنعتوں جیسے بائیو فارماسیوٹیکل، ٹیکسٹائل اور فوڈ انڈسٹری میں اس کے استعمال پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ڈاکٹر وحید اختر نے پاکستان اکیڈمی آف سائنسز کی جانب سے کی جانے والی سرگرمیوں کا جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا۔

راوی روڈ پولیس نے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا

راوی روڈ کے علاقے میں نجی کمپنی کے ورکر بینک سے رقم لیکر نکلے اس دوران موٹرسائیکل سوار ملزمان پیچھے لگ گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) راوی روڈ پولیس نے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ رقم 33 لاکھ 90 ہزار روپے برآمد کرکے مال مسروقہ مدعی کے حوالے کردیا تفصیلات کے مطابق، راوی روڈ کے علاقے میں نجی کمپنی کے ورکر بینک سے رقم لیکر نکلے اس دوران موٹرسائیکل سوار ملزمان پیچھے لگ گئے اور شہری کی موٹرسائیکل کو ٹکر مار کر اس سے رقم سے بھرا بیگ چھین کر فرار ہوگئے اس واردات کے بعد ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس پی سٹی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی۔

The Urban Unit
Urban Sector Planning & Management Services Unit (Pvt) Ltd.

We are
HIRING!

The Urban Sector Planning & Management Services Unit (Urban Unit), Planning & Development Board, Government of the Punjab, has been developing sustainable urban solutions for cities in Pakistan since 18 years. We have been playing a pivotal role in re-shaping the urban culture by assisting governments in making urban areas functional, attractive, and sustainable. Urban Unit is looking for the services of exceptionally sound and self-motivated professionals for the following project based positions:

Specialist WSS Civil/Elec/Mech/Env
Vacancy: 03 - Maximum Age: 45 Years
Specialist Mapping
Vacancy: 01 - Maximum Age: 45 Years
Communication & Coordination Specialist
Vacancy: 01 - Maximum Age: 45 Years
Specialist GIS Development
Vacancy: 01 - Maximum Age: 45 Years
Senior Database Manager
Vacancy: 01 - Maximum Age: 45 Years
Senior Research Analyst Engineering/Env/Survey
Vacancy: 03 - Maximum Age: 40 Years
Senior Research Analyst (IT & GIS Coordination, Sub Engr, Communication, Finance)
Vacancy: 05 - Maximum Age: 40 Years
Senior Research Analyst (Technical Content Writer)
Vacancy: 01 - Maximum Age: 40 Years
Senior Research Analyst (GIS Developer)
Vacancy: 01 - Maximum Age: 40 Years
Senior Research Analyst (GIS /RS/QC)
Vacancy: 04 - Maximum Age: 40 Years
Research Analyst (Urban Planner/ GIS/ QS /Architecture /Engineer/Admin)
Vacancy: 06 - Maximum Age: 35 Years
Research Analyst (GIS/RS)
Vacancy: 05 - Maximum Age: 40 Years
GIS Professionals (Field)
Vacancy: 40 - Maximum Age: 35 Years
Field Engineers (Field)
Vacancy: 60 - Maximum Age: 35 Years

How to Apply

1. For job details and TORs please visit: www.urbanunit.gov.pk
2. To apply online please visit: www.jobs.punjab.gov.pk.
3. The applications submitted by hand, by courier or by email will not be entertained.
4. We reserve the right to cancel, increase or decrease the number of vacancies at any level without assigning any reason.
5. The deadline to apply for the above positions is **Thursday December 19 , 2024.**
6. Government servants should apply through proper channel.
7. Only short-listed candidates will be called for the interview.
8. The Company reserves the right to accept/reject any application or cancel the recruitment process at any stage.
9. We are an equal opportunity employer. Quota shall be observed as per rules (where ever applicable). Female applicants are encouraged to apply.
10. NO TA/DA will be admissible to the candidates appearing for Test/Interview.
11. *Note: Applications submitted with incomplete information shall not be entertained.*

Head of Human Capital Management
503 - Shaheen Complex, Egerton Road, Lahore
Ph: 042-99205316-22 Ext: 202 Fax: 042-99205323 www.urbanunit.gov.pk

IPL 10379

پنجاب یونیورسٹی میں 'صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف ایکٹیوزم' پر خصوصی تقریب کا انعقاد

صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم کا آغاز "رولنگ ریز جسٹس: ایک تھیٹر آن ویلز" کے موضوع پر تھیٹر کے ذریعے کیا

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی شعبہ جینڈر سٹڈیز کے زیر اہتمام یو این ویمن اور ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، پنجاب کے اشتراک سے صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم کا آغاز "رولنگ ریز جسٹس: ایک تھیٹر آن ویلز" کے موضوع پر تھیٹر کے ذریعے کیا۔ اس تقریب کا مقصد صنفی بنیاد پر تشدد بارے بیداری پیدا کرنا تھا تاکہ مساوی اور تشدد سے پاک معاشرے کی جانب اجتماعی کارروائی کا آغاز کیا جا سکے۔ اس موقع پر چیئرپرسن شعبہ جینڈر سٹڈیز پروفیسر ڈاکٹر رعنا ملک، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب عثمان علی خان، یو این ویمن اسلام آباد سے مس ثمن اور نبیلہ ملک، فیکلٹی ممبران اور طلباؤطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر رعنا ملک نے پاکستان میں صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف اٹھنے والی آوازوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بیداری کو فروغ دینے اور معاشرے میں تبدیلی کو متحرک کرنے کے لیے پنجاب یونیورسٹی کے عزم پر روشنی ڈالی۔ عثمان علی خان نے پنجاب میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے حکومتی اقدامات اور ذمہ داریوں پر سیر حاصل بات چیت کی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کا خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد پر زیرو ٹالرنس کا واضح پیغام پہنچایا، جس سے صنفی تشدد کے خلاف حکومتی موقف کو تقویت ملی۔ مس ثمن نے شرکاء کو اکٹھے ہو کر تشدد اور عدم مساوات سے پاک دنیا کی وکالت کرنے کی ترغیب دی۔ تھیٹر کی پرفارمنس نے حاضرین کو مسحور کیا جس کے ذریعے ایک طاقتور بیانیہ پیش کیا گیا جس میں صنفی بنیاد پر تشدد سے متعلق وسیع مسائل پر روشنی ڈالی گئی اور تبدیلی کو آگے بڑھانے کے لیے اجتماعی عزم کو فروغ دیا گیا۔

حکومت اور اپوزیشن کی جنگ خطرناک موڑ تک پہنچ چکی ہے، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

ملک میں سیاسی انتشار کی وجہ سے پاکستان کی سالمیت خطرے میں ہے، سربراہ اور تحریک صراط مستقیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک صراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا: ملک میں سیاسی انتشار کی وجہ سے پاکستان کی سالمیت خطرے میں ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کی جنگ خطرناک موڑ تک پہنچ چکی ہے۔ عوامی مسائل جوں کے توں پڑے ہیں۔ عوام مہنگائی کی وجہ سے دو وقت کی روٹی سے تنگ ہیں۔ اوپر سے ان کو وطن کی فکر کھائے جا رہی ہے۔ نام نہاد سیاستدان ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف ہیں۔ عوامی مسائل کے حل سے کسی کو دلچسپی نہیں۔ دہشت گردی کا اژدھا پھر سے پھنکار رہا ہے۔ وفاق اور صوبوں کی باہمی چپقلش سے خدا بچائے۔ بنگلہ دیش جیسے حالات بنتے نظر آ رہے ہیں۔ فوج اور عوام میں دوری جو دن بدن بڑھتی جا رہی ہے، کسی طرح بھی پاکستان اور قوم کے مفاد میں نہیں۔ ملک کے سلگتے مسائل پر بہت جلد قابو پانے کی ضرورت ہے۔ ملک میں مقتدر اداروں اور محب وطن قوتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے۔ اور ملکی استحکام اور سالمیت کا کوئی مضبوط لائحہ عمل تیار کرنا چاہیے۔



الزام علیہان سلیمان گل اور ساجد علی کی فائل فوٹوز علاوہ ازیں تھانہ ریس کورس میں جمع کروائی جانے والی درخواست کی رسید کا عکس

ریس کورس کے علاقہ میں کیفے ملازمین مبینہ طور لاکھوں روپے کا کیش چوری کرکے فرار

کلینک پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کروانے اور قتل و سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، درخواست کا متن

لاہور (خبر نگار) تھانہ ریس کورس کے علاقہ میں کیفے وکلینک کے ملازمین مبینہ طور لاکھوں روپے کا کیش چوری کرکے فرار ہوگئے جس پر ملزمان کے خلاف مقدمے کے اندراج کے لیے تھانہ ریس کورس میں درخواست دائر کردی گئی ہے تفصیلات کے مطابق کیفے کے لیگل ایڈوائزر ریحان منظور ایڈووکیٹ کی جانب سے الزام عائد کیا گیا ہے کہ 68 علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور تھرڈ فلور پر سپر سٹار کیفے واقع ہے جبکہ ڈیورنڈ روڈ پر واقع سائل کی کمپنی کے کلینک MURASH ASTHETIC مراش استھیٹک پر خواتین بھی کام کرتی ہیں اور اس کلینک پر خواتین کا ہی آنا جانا ہے اور کسی بھی مرد کا داخلہ ممنوع ہے اور سائل کی لاہور میں چار برانچز کام کر رہی ہیں اور تمام برانچز کا روزانہ چار سے پانچ لاکھ روپے تقریباً کیش اکٹھا ہوتا ہے جو کہ تمام کیش سپر سٹار کیفے میں جمع ہوتا ہے اور دو تین دن کے بعد اکٹھا کیش بینک میں جمع کرایا جاتا ہے یہ کہ چیف ایگزیکٹو ضروری کام کے سلسلے میں لاہور سے باہر تھا اور جب کہ تمام برانچز اور کیفے کا کیش مبلغ 10 لاکھ 30 ہزار روپے موجود تھا جو کہ وہ لاہور میں نہ ہونے کی وجہ سے بینک میں نہ جمع کروا سکا جبکہ کیفے کی چابی مبینہ طور الزام علیہان سلیمان گل اور ساجد علی کے پاس موجود تھی جو کہ الزام علیہان نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مذکورہ رقم باہمی ملی بھگت سے اپنے نامعلوم دوستوں کے ساتھ سازش مجرمانہ کے تحت چوری کر لی۔ جس پر چیف ایگزیکٹو نے الزام علیہان سے اپنے طور پر رابطہ کیا اور بار بار تقاضا کیا کہ چیف ایگزیکٹو کی کمپنی کا کیش جو تم لوگوں نے باہمی ملی بھگت سے جان بوجھ کر بدنیتی اور بد دیانتی سے چوری کرلیا ہے وہ واپس کردو تو میں آپ لوگوں کے خلاف قانونی کارروائی نہ کرواؤں گا جس پر الزام علیہان سیخ پا ہوگئے اور مبینہ طور پر چیف ایگزیکٹو کو قتل و سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں کہ آئندہ رقم واپسی کا تقاضا نہ کرنا ورنہ نتائج اچھے نہ ہوں گے اور مبینہ طور پر چیف ایگزیکٹو کے بھائی کو ساجد نے اپنے موبائل فون نمبر 5514470-0340 سے کال کرکے قتل و سنگین نتائج کی دھمکیاں دی اور کہا میرا علاقہ غیر کے پٹھانوں سے تعلق ہے۔

یونیسکو کی ری ایکٹو مانیٹرنگ مشن نے آج لاہور قلعہ میں اپنا پانچ روزہ دورے کا آغاز کیا

لاہور (تخلیق صدیقی سے) یونیسکو کی ری ایکٹو مانیٹرنگ مشن نے آج لاہور قلعہ میں اپنا پانچ روزہ دورے کا آغاز کیا، جس کا مقصد جاری تحفظاتی کاموں کا جائزہ لینا اور مستقبل کی منصوبہ بندی کو ترتیب دینا ہے۔ وفد میں کوموں سے کیا میون، ورلڈ ہیریٹیج سینٹر سے ناؤ ہایاشی اور یونیسکو پاکستان سے جواد عزیز شامل ہیں، جو قلعے پر کیے گئے کاموں اور مستقبل کے لیے ضروری اقدامات کا قریبی جائزہ لیں گے۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (WCLA) اور آغا خان ٹرسٹ فار کلچر نے وفد کو لاہور قلعہ کے کئی اہم مقامات کا دورہ کرایا، جن میں پکچر وال، شاہی باورچی خانہ، لاہو مندر اور [illegible] شامل ہیں۔ یہ مقامات اس وسیع کوشش کا حصہ ہیں جو لاہور قلعہ کے تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو محفوظ رکھنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ اپنے دورے کے دوران، وفد مکمل ہونے والے تحفظاتی کاموں اور مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ لے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ کام یونیسکو کے معیار کے مطابق ہیں۔ ان کوششوں کا مقصد نہ صرف اس تاریخی ورثے کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ بنانا ہے بلکہ اس کے تاریخی پہلو کو برقرار رکھنا بھی ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی اور آغا خان کی جانب سے کی گئی محنت کو سراہا جائے گا۔

لاہور پولیس کی وارداتیں کنٹرول کرنے کی سب تدبیریں بے سود ثابت ہونے لگیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کی وارداتیں کنٹرول کرنے کی سب تدبیریں بے سود ثابت ہونے لگیں، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 340 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق ہاؤس رابری کی واردات میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر ایک گھر سے لاکھوں روپے اور طلائی زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے، نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 8 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 18 افراد سے لاکھوں روپے 3 شہریوں سے موٹرسائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 17 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے۔ جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 44 موٹرسائیکلیں، 4 دیگر وہیکل، 1 مویشی چوری ہو گیا اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 244 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

ٹرین مینجر سمیت 4 کنڈکٹر گارڈز مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے

ڈی سی او ریلوے غلام فرید اسد اور ڈی پی او ریلوے سکھر شوکت حسین منگی نے تقریب میں خصوصی شرکت کی

لاہور (سپیشل رپورٹر) ٹرین مینجر چوہدری منیر احمد سمیت 4 کنڈکٹر گارڈز عظیم نثار بٹ، افتخار علی خان، محمد سلیم اور ذاکر حسین شاہ مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریلوے سے ریٹائر ہو گئے۔ ساتھیوں نے ان کے اعزاز میں لاہور ریلوے سٹیشن پر خصوصی الوداعی تقریب کا اہتمام کیا اور ساتھ ہی ساتھ ٹرین سے آخری ڈیوٹی کرکے لاہور آمد پر والہانہ استقبال بھی کیا۔ ڈویژنل کمرشل آفیسر ریلوے غلام فرید اسد اور ڈویژنل پرسانل آفیسر ریلوے سکھر شوکت حسین منگی نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ افسران طارق نذیر اور افتخار حسین، سٹیشن مینجر ملک ظفر اقبال سمیت چیف کنٹرولر لاہور زاہد سعید نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ ڈی سی او ریلوے غلام فرید اسد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ریلوے ملازمین ایک فیملی کی مانند ہیں۔ انہوں نے ریٹائر ہونے والے ملازمین کی باقی ماندہ زندگی سے متعلق نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ یونین عہدیداران کی جانب سے تقاریر کے دوران ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین نے ڈی سی او ریلوے لاہور سمیت دیگر افسران و ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا۔

پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس کے زیر اہتمام بین الاقوامی کانفرنس آج ہوگی

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس کے زیر اہتمام 'بینکنگ، انشورنس اور رسک مینجمنٹ' پر نویں بین الاقوامی کانفرنس بروز منگل (آج) صبح 10 بجے کالج کے احاطے (اولڈ کیمپس) میں ہوگی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خان، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور ملکی و غیر ملکی یونیورسٹیوں سے سکالرز شرکت کریں گے۔

پی ایچ اے کی جیلانی پارک میں "گل داؤدی کے پھولوں کی سالانہ نمائش کی تیاریاں" شروع

لاہور (سپیشل رپورٹر) پی ایچ اے کے زیر اہتمام جیلانی پارک میں "گل داؤدی کے پھولوں کی سالانہ نمائش کی تیاریاں" شروع کردی گئی ہیں۔ گل داؤدی کے پھولوں کی نمائش کا افتتاح جیلانی پارک میں 5 دسمبر کو کیا جائے گا۔ نمائش کی تیاری کیلئے پی ایچ اے کے زیر انتظام نرسریوں میں پھولوں کی نگہداشت کا عمل سال بھر جاری رہا۔ قدرت کے حسین نازک کرشمے گل داؤدی کے پھولوں کی درجنوں اقسام نمائش میں رکھی جائیں گی۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور محمد طاہر وٹو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق نمائش میں جدت اور نئے آئیڈیاز کیساتھ نمائش کو سجایا جائے گا۔



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لائیوسٹاک کارڈ
5 دسمبر 2024
سے کارڈ کی فراہمی کا آغاز
وزیراعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ کی وصولی کے لئے محکمہ زراعت توسیع کے دفاتر سے رجوع کریں
لائیوسٹاک کارڈ کے ذریعے تحصیل کے رجسٹرڈ ڈیلرز سے ونڈا، سائلیج اور منرل مکسچر خریدا جا سکے گا
4 ماہ کے لئے بلاسود قرض جات
1 لاکھ 35 ہزار تا 2 لاکھ 70 ہزار تک قرض کی سہولت
فی جانور 27 ہزار روپے قرض کی فراہمی
08000 9211 24/7
محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ، حکومت پنجاب
SPL-1725

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کا گیارھواں کانووکیشن گورنر پنجاب کی شرکت

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے صدارت کی، مدینہ فاؤنڈیشن کے چیئرمین میاں محمد حنیف، یونیورسٹی کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد حیدر امین، ممبران بورڈ آف گورنرز میاں خالد ریاض اور حسن رشید، ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ ملک، ریکٹر گرین انٹرنیشنل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سید عامر گیلانی، رجسٹرار ڈاکٹر زاہد مقبول اور والدین کی شرکت

Convocation

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے گیارہویں کانووکیشن کا پروقار انعقاد۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی زیر صدارت دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے گیارہویں کانووکیشن کا انعقاد ڈاکٹر عبدالقدیر خان گراؤنڈ میں ہوا۔ مدینہ فاؤنڈیشن کے چیئرمین میاں محمد حنیف، یونیورسٹی کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد حیدر امین، ممبران بورڈ آف گورنرز میاں خالد ریاض اور حسن رشید، ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ ملک، ریکٹر گرین انٹرنیشنل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سید عامر گیلانی، رجسٹرار ڈاکٹر زاہد مقبول مختلف شعبوں کے ہیڈز، فیکلٹی ممبران اور گریجوایٹس کے والدین تقریب میں شریک تھے۔ کانووکیشن کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا جس کے بعد بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کیا گیا اور اس کے بعد مظلوم فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے مس عائشہ بتول اور طالبات نے خصوصی نظم پڑھی اس موقع یونیورسٹی میں زیر تعلیم فلسطینی طلبہ بھی ہمراہ تھے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اپنے خطاب میں تمام گریجوایٹس، انکے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔ گریجوایٹس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کے والدین نے تمام مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے آپ کو اعلیٰ تعلیم دلوانے کیلئے جو قربانیاں دیں آج آپ نے ان کا سرفخر سے بلند کر دیا۔ آپ کا تعلیمی سفر ختم ہوا لیکن آپ پر اصل ذمہ داری اب شروع ہوئی جب آپ عملی زندگی میں قدم رکھنے جا رہے ہیں۔ آپ کا فرض ہے کہ اپنے معاشرے اور وطن کی خدمت کا عہد کریں تاکہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کیلئے مثبت کردار ادا کر سکیں۔ گورنر پنجاب نے خاص طور پر میڈیکل سائنسز کے گریجوایٹس کو نصیحت کی کہ وہ طب کے شعبہ سے وابستہ ہو کر بھی انسانیت کی خدمت کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کو اندرونی و بیرونی ہر سطح پر بے شمار چیلنجز درپیش ہیں۔ ہمارے نوجوان بہت با صلاحیت ہیں ملک کا مستقبل انہی کے ہاتھ میں ہے۔ مجھے امید ہے وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے وطن کی ترقی و استحکام کیلئے مثبت کردار ادا کریں گے۔ گورنر پنجاب نے ملک میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے مدینہ فاؤنڈیشن کی خدمات کو بیحد سراہا۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کی زیر صدارت کتا مار مہم کا جائزہ اجلاس

آوارہ کتوں کی تلفی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، محمد تسلیم راؤ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت کتا مار مہم کا جائزہ اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، سی او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شیروانی، سی او ضلع کونسل عامر انتخاب، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک سمیت سی او میونسپل کمیٹیز کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آوارہ کتوں کی تلفی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں اور مہم میں تیزی لا کر لوگوں کی زندگیوں کو محفوظ بنایا جائے، آوارہ کتوں کی تلفی کے لیے ہیلتھ، ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیز کے ملازمین پر مشترکہ ٹیمیں تشکیل دی جائیں جو کہ شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں آوارہ کتوں کی تلفی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا ضلع کے کسی بھی علاقے میں آوارہ کتا نظر آیا تو متعلقہ افسر ذمہ دار ہو گا۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ضلع کی تمام پبلک پارکس اور گرد و نواح میں آوارہ کتوں کو پہلے تلف ہونا چاہیے، افسران و ملازمین ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، ٹیموں کی نگرانی کے لیے افسران خود فیلڈ میں جائیں اور مہم کو کامیاب بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ آوارہ کتوں کی تلفی کا مقصد شہریوں کو آوارہ کتوں کے کاٹنے سے بچانا ہے۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ شہری اپنے پالتو کتوں کو باندھ کر رکھیں ان کو آوارہ نہ چھوڑیں تا کہ شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔

مسلم ن کا دور ملک میں ترقی، خوشحالی اور امن کا دورہ ہوتا ہے، سائرہ افضل تارڑ

سابق وفاقی وزیر کی سینئر صحافی و سابق جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب انجم سہیل کی تیمارداری کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ کی سینئر صحافی و سابق جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب انجم سہیل کی رہائش گاہ آمد، سابق وزیر نے مقامی صحافی انجم سہیل کے گھٹنے کی سرجری کروانے پر انکی تیمارداری کرتے ہوئے عیادت کی۔ اس موقعہ پر سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن کا دور ملک میں ترقی، خوشحالی اور امن کا دورہ ہوتا ہے ہم نے ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود، اپنے علاقہ کی تعمیر و ترقی اور کو ریلیف کی فراہمی کے لیے تاریخی اقدامات کیے اور انشاءاللہ عوامی خدمت کا یہ سفر ہمیشہ جاری رہیگا۔ سائرہ تارڑ کا کہنا تھا کہ اس وقت وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر کروڑوں روپے کی لاگت سے علی پور، راسکے، سوہیانوالہ، خانقاہ ڈوگراں شیخوپورہ روڈ، پنڈی بھٹیاں لاہور روڈ اور حافظ آباد سے ہیڈ خانکی (گجرات) کے لیے نئی سڑکوں کی تعمیر کا کام جاری ہے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ گورنمنٹ کی مقرر کردہ تنخواہ دلوانے میں ناکام۔آصف خان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک سرکاری طور پر محنت کش کی کم از کم ماہانہ اجرت 37000 روپے فیکٹری و کارخانہ مالکان سے دلوانے میں ناکام ہو گئے۔ محنت کش و مزدور طبقہ مزدوری کی گورنمنٹ پالیسی کے مطابق تنخواہ نہ ملنے کے باعث ہوشربا مہنگائی کے دور میں کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان باتوں کا اظہار صدر پاکستان ورکرز فیڈریشن چوہدری محمد اشرف اور سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن آصف خان نے مختلف یونین عہدیداران کے ساتھ خصوصی میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک کی راتوں کے اوقات میں فیکٹری مالکان کیساتھ مبینہ ملاقاتوں کے بھیانک نتائج مزدوروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے اور محنت کشوں کو خودکشیوں پر مجبور کر رہے ہیں۔

سخت حالات میں امید کا دامن نہ چھوڑیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

پاکستان میں خواتین کا طاقتور کردار سابقہ وزیر اعظم بینظیر بھٹو ہیں، ثبوت سیالکوٹ کا سیمینار سے خطاب

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ثبوت سیالکوٹ و عوامی رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے پاکستان میں خواتین کا کردار سیمینار میں دعوت نامہ پر خصوصی شرکت کی۔ اپنے خطاب کے آغاز میں انہوں نے کہا وجود زن سے کائنات میں ہے رونق۔ خواتین کا مثبت و بہترین عملی کردار تحریک پاکستان اور قیام پاکستان کے بعد مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کے بہترین عملی کردار میں دکھائی دیتا ہے اور پھر دو دفعہ کی منتخب وزیر اعظم پاکستان شہید بینظیر بھٹو کا سب سے بڑے عہدے پر دو بار متمکن ہونا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ مملکت خداداد پاکستان میں عورت کا کردار کس قدر بلند ہے۔ ملک کے مایہ ناز انٹیلیکچول محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات میں بجائے افراتفری و پینک ہونے کے ہر پاکستانی کو مثبت انداز میں پاکستانیوں کو امید دلانی چاہیے۔ میں نے بطور قومی رہنما ہمیشہ قومی یکجہتی و اتحاد و بھائی چارے کا پیغام دیا ہے۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں اور تمام پاکستانی مرد و خواتین کو اپنے ملک کے بہتر مستقبل و استحکام کیلئے بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ملکی ترقی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہے۔

ڈسکہ: بوسیدہ سیوریج سسٹم نے شاہراہیں توڑ ڈالیں

شاہراہوں پر کھڑے سیوریج کے گندے پانی سے اٹھنے والا تعفن شہریوں کیلئے وبال جان بن چکا ہے گورنمنٹ بوائز کالج سے بائی پاس تک سیوریج کے پانی کے باعث ہونے والی پھسلن کی وجہ سے حادثات معمول بن گئے

شہریوں اور طلباء نے صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق اور اسسٹنٹ کمشنر ماہم مشتاق سے سڑک کیساتھ نالہ کی مرمت اور صفائی کے ہنگامی انتظامات کا مطالبہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) 40 سال پرانے بوسیدہ سیوریج سسٹم کے باعث اہم شاہراہیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، شاہراہوں پر کھڑے سیوریج کے گندے پانی سے اٹھنے والا تعفن شہریوں کیلئے وبال جان بن چکا ہے گورنمنٹ بوائز کالج سے بائی پاس تک سیوریج کے پانی کے باعث ہونے والی پھسلن کی وجہ سے حادثات معمول بن چکے ہیں موٹر سائیکلیں اور مسافر رکشے الٹنے سے متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہو چکے ہیں اس شاہراہ پر دیہات سے خریداری کیلئے آنے والوں کی وجہ سے ٹریفک کا بھی بوجھ زیادہ ہے اور تعلیمی ادارے اور ہسپتال بھی واقع ہیں تعلیمی اداروں میں چھٹی کے وقت ٹریفک کے حادثات زیادہ رونما ہوتے ہیں شہریوں اور طلباء نے صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق اور اسسٹنٹ کمشنر ماہم مشتاق سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کے ساتھ نالہ کی مرمت اور صفائی کے فوری انتظامات کیے جائیں تاکہ یہاں سے سیوریج کے پانی کا نکاس ہو سکے

ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ گورنمنٹ کی مقرر کردہ تنخواہ دلوانے میں ناکام۔آصف خان

طیب ورک کی طے شدہ اجرت بارے مبینہ خاموشی، سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک سرکاری طور پر محنت کش کی کم از کم ماہانہ اجرت 37000 روپے فیکٹری و کارخانہ مالکان سے دلوانے میں ناکام ہو گئے۔ محنت کش و مزدور طبقہ مزدوری کی گورنمنٹ پالیسی کے مطابق تنخواہ نہ ملنے کے باعث ہوشربا مہنگائی کے دور میں کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان باتوں کا اظہار صدر پاکستان ورکرز فیڈریشن چوہدری محمد اشرف اور سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن آصف خان نے مختلف یونین عہدیداران کے ساتھ خصوصی میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک کی راتوں کے اوقات میں فیکٹری مالکان کیساتھ مبینہ ملاقاتوں کے بھیانک نتائج مزدوروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے اور محنت کشوں کو خودکشیوں پر مجبور کر رہے ہیں۔

قادری برادران کی جانب سے سالانہ محفل نعت کا انعقاد

محفل میں بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں حضرات نے عقیدت کے پھول نچھاور کیے

فتح گڑھ (عمران عارف سے) فتح گڑھ قادری برادران کی جانب سے نبی کریم ﷺ سے اپنی محبت کے اظہار کے لیے سالانہ محفل نعت مگل ساری سرکار دی اے کا روح پرور انعقاد کیا گیا۔ اس مبارک محفل میں بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں حضرات نے حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے۔ عاشقان مصطفیٰ کی کثیر تعداد نے اس نورانی محفل میں شرکت کر کے اپنے جذبات عشق رسول کا اظہار کیا۔ محفل کے بانی ملک طلحہ طاہر قادری اور ان کی ٹیم کی شب و روز محنت نے اس محفل کو ایک روحانی اور پروقار تقریب میں بدل دیا۔ اس موقع پر خاص طور پر آستانہ عالیہ لطیف آباد کے پیر سید احتشام اخلاق شاہ صاحب نے ملک طلحہ طاہر قادری کو عمرہ مبارک کا ٹکٹ بطور تحفہ پیش کر کے ان کی خدمات کو سراہا۔ محفل کے اختتام پر نبی کریم ﷺ کے دربار میں حاضری کی دعا کی گئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس بابرکت محفل نعت کے صدقے تمام عاشقان رسول کو اپنے محبوب کریم ﷺ کے در کی حاضری نصیب فرمائے۔ آمین۔

دی رائل سکول آف ایکسیلینس کے زیر اہتمام نجی شادی ہال میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) دی رائل سکول آف ایکسیلینس کے زیر اہتمام نجی شادی ہال میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ و طالبات اور والدین سمیت اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ پروفیسر زاہد محمود نے بطور مہمان خصوصی جبکہ پروفیسر ملک نوید ارشد اور میاں سجاد علی نے بطور مہمان شرکت کی۔ بچوں نے ثقافت ملی نغمے اور مختلف موضوعات پر رلا دینگ ٹیبلوز پیش کر کے شرکاء سے خوب داد وصول کی۔ بہترین کارکردگی دکھانے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اختتام پر مہمانان گرامی نے شرکاء کو زندگی میں نظم و ضبط اور سچائی کا علمبردار بننے کی تلقین کی اور ادارہ کے ڈائریکٹر ملک اعجاز احمد پرنسپل اور جملہ سٹاف ممبرز کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی۔

مریدکے کے بڑے بھائی نے چھوٹے بھائی کو گولی مار ڈالی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) سرکل مریدکے کے مختلف علاقوں میں لڑائی جھگڑے اور نوسر بازی کی وارداتوں کے دوران بڑے حقیقی بھائی نے چھوٹے کو گولی مار دی، خاوند کے بیوی کے ساتھ جھگڑے پر خاوند نے زہریلی گولیاں نگل لیں جبکہ سہریاں کے نوجوان کو نوسر بازوں نے نشہ آور چیز کھلا کر لوٹ لیا۔ پولیس نے ضروری کارروائی شروع کر دی ہے۔ ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق نواحی علاقہ بھیانوالہ روڈ پر بڑے بھائی نے گھریلو جھگڑے پر فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی سلمان ولد عمران کو شدید زخمی کر دیا۔ دوسرے واقعہ میں نواحی علاقہ کھٹیالہ ورکاں میں خاوند نے بیوی سے جھگڑے پر گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں نگل لیں۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم ہنجرا کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی ہیڈ کوارٹرز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم ہنجرا نے کی جس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سیفٹی آفیسر علی عمران، ایکشن کوارڈینیٹر محمد فہد امین، میڈیا کوارڈینیٹر علی اکبر اور تمام ریسکیو آفیسرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم ہنجرا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کو نومبر میں 9313 کالز موصول ہوئیں جن میں 2849 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 2849 موصول ہونے والی ایمرجنسیز کالز میں سے 712 سڑک کے حادثات، 1723 میڈیکل ایمرجنسیز، 35 آگ لگنے کے واقعات، 46 لڑائی جھگڑوں کے واقعات، 5 عمارتوں کے منہدم اور 328 دیگر نوعیت کی ایمرجنسیز تھیں۔

خالد روڈ پر الحرمین ڈینٹل کیئر میں ماہانہ فری میڈیکل و ڈینٹل کیمپ کا انعقاد

افتتاح معروف سیاسی سماجی شخصیت حاجی طارق چوہدری نے کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) خالد روڈ پر الحرمین ڈینٹل کیئر میں ماہانہ فری میڈیکل و ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح معروف سیاسی سماجی شخصیت حاجی طارق چوہدری نے کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو رانا محمد اکرم، رانا عبدالرحمن ایڈووکیٹ، میاں عتیق الرحمن بھٹی، میاں شفیق طاہر گل شیر احمد سردار، رانا عبدالشکور، میاں جاوید چاچو، حافظ احسان، محمد زاہد و دیگر موجود تھے۔ کیمپ میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم، ڈاکٹر عفیزہ منیب اکرم اور ڈاکٹر فراز احمد نے مریضوں کے چیک اپ کیے اور انہیں مفت ادویات فراہم کیں۔ کیمپ کا جائزہ لینے کے موقع پر حاجی طارق چوہدری کا کہنا تھا کہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد مستحق مریضوں کیلئے علاج معالجہ کے حوالے سے کسی نعمت سے کم نہیں جس پر الحرمین ڈینٹل کیئر کی انتظامیہ اور ڈاکٹرز و سٹاف خراج تحسین کا حقدار ہے۔ غریب و پسماندہ علاقوں کے مریضوں کو مفت علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنا بہت بڑی خدمت ہے جسے جاری رکھنے کیلئے ہم ان شاء اللہ الحرمین ڈینٹل کیئر کے منتظمین سے بھرپور تعاون کریں گے۔ اس موقع پر ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم کا کہنا تھا کہ ہم نے مستحق و غریب افراد کی خدمت کو ہمیشہ شعار بنایا جس کی خاطر ہر ماہ فری میڈیکل و ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جسے ہر حال میں جاری رکھیں گے تاکہ غریب و مستحق افراد کو علاج معالجہ کی مفت سہولت فراہم ہو سکے۔

گوجرانوالہ: ایک روزہ یوتھ کانفرنس کا انعقاد، عدنان اشرف کا خطاب

گوجرانوالہ 3 دسمبر (نوید بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پاپولیشن مینجمنٹ اور فیملی پلاننگ کے عنوان سے ایک روزہ یوتھ کانفرنس کا انعقاد گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین سیٹلائٹ ٹاؤن میں کیا گیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر گوجرانوالہ عدنان اشرف نے کہا کہ کانفرنس کا مقصد بڑھتی ہوئی بے ہنگم آبادی کے ملک پر فکری، معاشی اور معاشرتی اثرات کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی سے غربت، بے روزگاری، لاقانونیت، پانی کی قلت، ٹرانسپورٹ کی کمی، آلودگی، صحت کی سہولیات کا فقدان، بڑھتا ہوا درجہ حرارت اور معاشی عدم استحکام جیسے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔

ستار لائنز کلب نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت کیلئے عملی اقدام کیے، فیضان مجید کھوکر

لائن طاہر مجید کھوکر کی خدمات مشعل راہ ہیں۔ سابق ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب

Sialkot Stars
Lions Club
6th General Bo

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ ستار لائنز کلب کی 6ویں جنرل باڈی میٹنگ کا انعقاد ہوا جس میں ستار لائنز کلب کے عہدیداران وکلس عاملہ و ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ سابق ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب فیضان مجید کھوکر نے بہترین خدمات کے اعتراف میں لائنز کو سرٹیفکیٹس و شیلڈز سے نوازا۔ اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران مقررین نے کہا کہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر لائن طاہر مجید کھوکر کی خدمات مشعل راہ ہیں۔ انکی انتھک محنت و لگن سے ستار لائنز کلب سمیت پاکستان بھر کے لائنز کلب نے انسانیت کی خدمت کے عملی جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے نادار و لاچار پریشان حال انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے جامع منصوبہ بندی کرتے ہوئے کام کیا۔ دی لائیٹ سکول ہو، اولڈ ہومز، وومن چلڈرن شیلٹر ہومز یا سرکاری سکولز ہو پھر رفاہی کام اور شجرکاری مہم سیالکوٹ ستار لائنز کلب نے ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور موسم کی مناسبت کے مطابق ہمیشہ بچوں میں موسم سرما گرما ملبوسات کی فراہمی یقینی بنائی۔

ساہیوال میں ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد

ساہیوال (مہر اے ڈی نعیم سپرا) عوام کے ریونیو سے متعلق مسائل کے حل کیلئے ضلع کونسل ہال ساہیوال میں ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی نے کچہری میں آئے سائلین کے مسائل سنے اور انہیں فوری ریلیف دینے کے احکامات جاری کیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم عارف، اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب سمیت تحصیلدار سمیت ریونیو سٹاف بھی اس موقع پر موجود تھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر صائمہ علی نے کہا کہ ریونیو عوامی خدمت کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کا ایک ہی چھت تلے ازالہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مشکلات کو حل کرنا انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی ریونیو کچہری کا مقصد عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ہے تاکہ عوام کو درپیش ریونیو سے متعلقہ مشکلات کو ختم کر کے فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

مصطفی آباد میں واٹر سپلائی کی پائپ لائن عرصہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد مضر صحت پانی کے باعث موذی امراض کا شکار، نوٹس کا مطالبہ

مصطفی آباد (علی ملک) مصطفی آباد میں واٹر سپلائی کی پائپ لائن عرصہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، سرکاری نلوں میں گندا آلودہ پانی آنا معمول بن گیا، علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد مضر صحت اور بدبودار پانی پینے کی وجہ سے مختلف موذی امراض کا شکار ہو گئی، سماجی حلقوں کے نمائندوں اور شہریوں نے سخت احتجاج کرتے ہوئے ڈی سی قصور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ تقریباً 10 سال قبل مصطفی آباد میں واٹر سپلائی کے نئے پائپ بچھانے کیلئے 13 کروڑ کی مالیت کا ٹھیکہ ہوا، اس منصوبہ میں انتہائی ناقص پائپ ڈال دیئے گئے تاہم پائپ لائن پانی کے چالو ہونے کے بعد پریشر برداشت نہ کرنے کی وجہ سے متعدد جگہوں سے لیک ہو چکی ہے جس کے باعث گٹروں کا پانی پائپ لائنوں میں داخل ہو کر گھروں میں صارفین کو مہیا ہو رہا ہے، سرکاری پانی پینے کی وجہ سے شہریوں میں تیزی سے مہلک موذی امراض پھیل رہے ہیں۔ اس حوالے سے محلہ لوہاراں والہ، محلہ ملکاں والہ، امیر کالونی اور محلہ پاکپتی کے رہائشیوں، سابق کونسلر و ایڈووکیٹ محمد افضل سندھو، عمران ملک، سابق کونسلر رانا شہزاد، حاجی عبدالغنی طاہر اور دیگر نے بتایا کہ واٹر سپلائی کے منصوبے کے بعد سرکاری نلوں میں عرصہ سے گندا پانی آنا علاقے کا سب سے اہم ترین مسئلہ بن چکا ہے، اس پانی کو پینے کی وجہ سے تقریباً 40 فیصد شہری مختلف موذی امراض میں مبتلا ہو چکے ہیں، میونسپل کمیٹی میں متعدد بار درخواستیں دے چکے ہیں لیکن ان کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگی، ڈی سی قصور فوری نوٹس لیں۔

امن گھر فیصل آباد میں ساؤتھ ایشیا پارٹنر شپ پاکستان کے زیر اہتمام تربیتی سیشن

خواتین کو درپیش سماجی رکاوٹوں کو دور کر کے ماحول کو سازگار بنایا جائے، مقررین

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) امن گھر فیصل آباد میں ساؤتھ ایشیا پارٹنر شپ پاکستان کے زیر اہتمام تربیتی سیشن سے شبنم رشید بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ، احسان الحق ڈائریکٹر سوشل ٹیکنالوجی، نائلہ اصغر پاشا لیبر آفیسر ویسٹ، یاسمین طاہرہ، پروین لطیف انصاری ویمن ورکرز الائنس، شبانہ پرویز، بھٹی ڈائریکٹر بی بی ایس نواز ولو، ملک جمیل ہوزری اینڈ کارمنٹس نے خطاب کیا۔ ساؤتھ ایشیا پارٹنر شپ پاکستان نے سماجی رویوں کو تبدیل کرنے کی مہم کا آغاز کیا ہے جس میں خاص طور پر خواتین اور افراد باہم معذوری کو شامل کیا گیا ہے۔ ارادہ یہ ہے کہ معاشی طور پر خود مختار ہونے میں خواتین کو درپیش سماجی رکاوٹوں کو دور کر کے ماحول کو سازگار بنایا جائے اور ہماری معیشت کے سب سے بڑے شعبے ٹیکسٹائل اور فیشن کی صنعت میں خواتین اور مخصوص صلاحیتوں کے حامل افراد کے روزگار کی صورت حال کو بہتر بنایا جائے۔ صوبہ سندھ اور پنجاب کے پانچ بڑے شہروں لاہور، کراچی، ملتان، فیصل آباد اور سیالکوٹ میں اس مہم کی مختلف سرگرمیاں جاری ہیں جن میں خواتین، افراد باہم معذوری، ان کے خاندان اور علاقے کے لوگ اور ضلعی سطح کے تمام متعلقہ اداروں اور شعبوں کو شامل کیا گیا ہے جو خواتین اور ان مخصوص صلاحیتوں کے حامل افراد کے روزگار کے لیے سازگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ مقاصد ان پانچ شہروں میں خواتین اور معذوری کا شکار افراد ٹیکسٹائل کی صنعت میں روزگار حاصل کرنے کے قابل ہو سکیں۔ خواتین اور افراد باہم معذوری کے روزگار کے لیے پانچ شہروں میں ٹیکسٹائل اور فیشن کی صنعت میں سازگار ماحول بنانا ہو۔ کراچی، ملتان، فیصل آباد اور سیالکوٹ خواتین صدیوں سے ٹیکسٹائل کی صنعت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ قدیم کھڈیوں سے لے کر جدید ٹیکسٹائل کی صنعت تک وہ کپڑے بنانے، بنتی اور کڑھائی کرتی رہی ہیں اور ان کی محنت میں انہوں نے ثقافت، ورثے اور تخلیق کو شامل کیا ہے۔ اس لیے دنیا بھر میں آج بھی اس صنعت میں خواتین مزدوروں کی بڑی تعداد کام کر رہی ہے۔ پاکستان کی معیشت میں بھی ٹیکسٹائل کا شعبہ بہت اہم ہے۔ جو ہماری ملک کی مجموعی پیداوار میں 8.5 فیصد اور برآمدات میں 54 فیصد حصہ ڈالتا ہے۔ اور یہ ایک کروڑ پانچ لاکھ افراد کو روزگار بھی فراہم کر رہا ہے۔

معاشی ترقی میں خواتین کا کردار کلیدی ہے، مریم شہباز

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بیوٹی پارلرز ایسوسی ایشن کی صدر زرتاج زریں اور جنرل سیکرٹری مریم شہباز نے کہا ہے کہ معاشی ترقی میں خواتین کا کردار کلیدی ہے دنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک میں خواتین تمام تر شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں اور اپنی صلاحیتوں سے معاشرے کی فلاح و بہبود یقینی بنانے کیلئے سرگرم عمل ہیں پاکستان میں خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں تمام شعبوں میں نمائندگی دینے سے ہی تیز ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

خصوصی افراد کا عالمی دن: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی قیادت میں واک کا اہتمام

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں خصوصی افراد کے عالمی دن کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی قیادت میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے واک کا انعقاد کیا گیا، گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکول کے اساتذہ، طلباء و طالبات، سرکاری افسران، ملازمین اور معززین نے واک میں شرکت کی، شرکاء واک نے خصوصی افراد کے عالمی دن کے حوالے سے فلیکس، پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ کسی بھی ذہنی و جسمانی معذوری کا شکار افراد اور بالخصوص بچے ہماری خصوصی توجہ اور تربیت کے مستحق ہیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف پاکستان کو مسائل کے گرداب سے نکالنے کیلئے کوشاں ہیں، ملک شاہد جاوید

سمندری (تحصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر شاہد جاوید نے کہا ہے کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف وطن عزیز پاکستان سے دہشت گردی، مہنگائی، بیروزگاری اور لاقانونیت کے خاتمے کیلئے دن رات اپنی سنجیدہ کوششوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں، انتشاری ٹولے نے ملک کا جو برا حال کر رکھا تھا اس کو سدھارنے کیلئے وقت درکار تھا، الحمدللہ اب تمام معاشی اشاریے درست سمت کی طرف گامزن ہیں اور بہت جلد اس کا ریلیف عام آدمی کو پہنچے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر وطن عزیز پاکستان کی معاشی ترقی کو ٹریک پر لانے کیلئے ایک جماعت دن رات کام کوشش میں لگی ہوئی ہے۔ مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی و خوشحالی کی شاہراہ پر مکمل طور پر گامزن کر چکی ہے۔

عورت بارے مثبت معاشرتی رویوں کی ترویج پر بیداری سیمینار منعقد ہوا

ویمن ایمپاورمنٹ ایکشن پلان پر پریزیڈنٹ بیداری حنا نورین و مقررین کا خطاب

Awareness Session
Promoting Employment Opportunities for Women
& Persons with Disabilities
Social Behavior Change Campaign
Date: 03-Dec-202

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) بیداری ساؤتھ ایشیاء پارٹنرشپ پاکستان و GIZ کے تعاون سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ عورتوں کی مالی اور سماجی خود مختاری کی اہمیت، سماجی و ثقافتی رکاوٹیں، خواتین کو مالی خود مختاری حاصل کرنے میں مشکلات اور باہم معذوری والے افراد کے لیے رکاوٹیں، خواتین کے حقوق کے فورم کا کردار اور سوشل رویے تبدیل کرنے کے لیے سفارشات کی گئیں۔ پریزیڈنٹ بیداری سیالکوٹ حنا نورین ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے خطاب کرتے ہوئے کہا خواتین کی مالی اور سماجی خود مختاری نہ صرف ان کی ذاتی ترقی کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ معاشرتی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آج کے دور میں خواتین کی مالی خود مختاری کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ یہ ان کی زندگی کے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے اور انہیں معاشی بحرانوں سے نمٹنے کی طاقت دیتی ہے۔ تاہم، خواتین کو مالی خود مختاری حاصل کرنے میں متعدد سماجی اور ثقافتی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ معاشرتی روایات اور قدیم تصورات کی بنا پر خواتین کو اکثر ان کے حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ تعلیم کی کمی، کام کرنے کی جگہ پر امتیاز، اور خاندان کی طرف سے مالی آزادی کی محدود کرداں رکاوٹوں میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، گھر کے کام اور بچوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داریوں کی وجہ سے خواتین کو کام کرنے کے لیے کم مواقع ملتے ہیں جس سے ان کی مالی خود مختاری پر اثر پڑتا ہے۔ مقررین نے کہا کہ اسی طرح، باہم معذوری والے افراد (PWDs) کے لیے سماجی اور ثقافتی رکاوٹیں اور بھی زیادہ پیچیدہ ہوتی ہیں۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر بیداری ارشد مرزا نے کہا کہ معاشرتی عدم مساوات، معذوری کی وجہ سے کام کرنے کے مواقع کی کمی اور معاشرتی بدنامی انہیں مالی اور سماجی خود مختاری حاصل کرنے میں مزید مشکلات کا سامنا کراتی ہیں۔ باہم معذوری والے افراد کی صلاحیتوں کو نظر انداز کیا جاتا ہے اور انہیں عمومی سماجی رویوں سے الگ رکھا جاتا ہے۔ خواتین کے حقوق کے فورم کا کردار اس حوالے سے بے حد اہم ہے۔ یہ فورم خواتین کے حقوق کے بارے میں آگاہی پھیلانے، ان کی مالی خود مختاری کے حق میں آواز بلند کرنے اور سماجی رویوں میں تبدیلی لانے کے لیے کام کرتا ہے۔ فورم مختلف سطحوں پر ورکشاپس، سیمینارز اور آگاہی مہمات منعقد کرتا ہے تاکہ معاشرے میں خواتین کے لیے مالی آزادی اور حقوق کی اہمیت کو سمجھا جا سکے۔

ساہیوال ڈویژن میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات

ساہیوال (مہر اے ڈی نعیم سپرا سے) ساہیوال ڈویژن میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات اختتام پذیر ہو گئے ہیں، جیتنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرنے کی خصوصی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی ممبران اسمبلی ملک قاسم ندیم اور نوید اسلم لودھی تھے جبکہ پیر احسان الحق اور یس ساتھ ایم این اے اور مختلف ایسوسی ایشنز اور کلبوں کے سربراہان نے بھی شرکت کی۔ کرکٹ میں ڈوگرز الیون پاکپتن، کبڈی میں شان پنجاب کبڈی ساہیوال، فٹبال میں عارف والا فٹبال کلب پاکپتن، ہاکی میں حیدری ہاکی کلب ساہیوال، ہاکی گرلز میں یونائیٹڈ اوکاڑہ، والی بال میں جوئیہ کلب اے، باسکٹ بال بوائز میں اوکاڑہ برکت کلب اوکاڑہ، گرلز میں باسکٹ بال گرلز جہاز گراؤنڈ ساہیوال، بیڈمنٹن بوائز میں طاہر جاوید بیڈمنٹن کلب، گرلز میں گورنمنٹ کالج عارف والا پاکپتن، ٹیبل ٹینس بوائز میں شوکت علی ٹیبل ٹینس اوکاڑہ، گرلز میں ساہیوال ٹیبل ٹینس کلب ساہیوال، آرچری بوائز میں ساہیوال آرچری، گرلز میں فرید ٹاؤن آرچری کلب ساہیوال، اور اسی طرح جمناسٹکس بوائز اینڈ گرلز ویٹ ریسلنگ، ٹیکوانڈو بوائز اینڈ گرلز میں انعامات تقسیم کیے۔ مہمانان خصوصی نے کھلاڑیوں میں شیلڈ تقسیم کی گئیں۔

تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ میں چور ٹرانسفارمر سے قیمتی تانبہ چوری کر کے لے گئے

چوروں نے بجلی بند کر کے ڈیرہ کا ٹرانسفارمر اتار کر کھلی سے کاروائی کی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ 3 ظہورہ میں چوری کی عجیب و غریب طریقے سے چوری کی کامیاب واردات کے دوران چور ڈیرے پر لگے ٹرانسفارمر سے قیمتی تانبہ نکال کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ 3 ظہورہ میں چوری کی عجیب و غریب واردات پیش آئی جہاں چور مقامی زمیندار کے ڈیرے پر لگے ہوئے ٹرانسفارمر سے تانبہ چوری کر کے فرار ہو گئے۔ چوروں نے بڑی مہارت سے ہائی ٹینشن لائن کے ٹرانسفارمر فیوز اتار کر بجلی بند کرنے کے بعد ڈیرے پر لگا ہوا ٹرانسفارمر اتار کر اس میں سے قیمتی تانبہ نکالا اور رفو چکر ہو گئے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ چور پیشہ ور ڈکیت لگتے ہیں جنہوں نے ایسا انوکھا کارنامہ سرانجام دیا۔ تھانہ کوٹلی سید امیر پولیس نے واقع کا مقدمہ درج کر لیا۔ ایس ایچ او نعیم اشرف کا کہنا ہے کہ چوروں کو جلد ہی گرفتار کر لیا جائے گا۔

سماجی رہنما مہر اشتیاق احمد لک کی والدہ کی رسم چہلم

سابق وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف سمیت سیاسی و سماجی شخصیت کی شرکت

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) سماجی رہنما مہر اشتیاق احمد لک کی والدہ کی رسم چہلم پر سابق وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف سمیت سیاسی و سماجی شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت، مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے خصوصی دعا۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 131 لاوالا میں معروف سماجی رہنما مہر اشتیاق احمد لک کی والدہ کی وفات کے بعد رسم چہلم میں سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف نے شرکت کی۔ گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی کے بھائی پارلیمانی لیڈر ایم پی اے احمد کریم کنڈی، سابق وفاقی وزیر ملک نعمان احمد لنگڑیال، سابق ایم این اے پیر محمد اسلم بودلہ، سردار سعید اکبر خان نوانی، ایم پی اے مہر عامر حیات ہراج، مہر محمد یار خان لک، چوہدری محمد ارشد جٹ، چوہدری محمد حنیف جٹ، سابق صوبائی وزیر ریونیو پنجاب حاجی محمد اسحاق، سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب مہر حاکم علی کاٹھیا، میاں وحید کاٹھیا ٹکٹ ہولڈر پاکستان پیپلز پارٹی، سردار عاشق خان بلوچ چیئرمین ڈرگ کورٹ، پیر محمد شاہ گیلانی اور سیاسی و سماجی شخصیات سمیت عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی، شرکاء نے مرحومہ کی مغفرت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے بلند درجات کی دعا کی۔

طیب بک ڈپو اینڈ ریسورس سنٹر کے زیر اہتمام کتاب میلے کا انعقاد

کتاب میلہ میں نامور پبلشرز کی جانب سے کتب کے سٹال لگائے گئے سیاسی و سماجی شخصیات نے میلے میں شرکت کی



وزیرآباد (نامہ نگار) طیب بک ڈپو اینڈ ریسورس سنٹر کے زیر اہتمام کتاب میلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ، ڈائریکٹر محمد آصف تارڑ، علامہ محمد ابراہیم مجددی، حافظ آصف عثمانی، پروفیسر محمد ارشد بخاری، مسز ارشد بخاری، وقار احمد چیمہ، احتشام چیمہ، اے او ایجوکیشن آفتاب صادق چیمہ، خاور نعیم، رانا عرفان، غلام مصطفی، محمد فیاض، میاں شہزاد احمد، انیس جعفری، اے ای او عظیم طاہر، رانا عامر سمیت سکولز کالجز کے طلباء و طالبات، لوگوں کی بڑی تعداد نے کتاب میلہ میں شرکت کی۔ کتاب میلہ میں جاوید پبلشرز، ماؤنٹ پبلشرز، گوہر پبلشرز، جہانگیر بکس پبلشرز، القا انٹرنیشنل پبلشرز، بیکرام پبلشرز، جناح پبلشرز، ایلن ایجوکیشن پبلشرز لاہور، کتاب میلہ ڈیجیٹل مارکیٹنگ بکس، روشن کتاب گھر سے این کرافٹ ڈیکوریشن نے اسلامی، تاریخی، ادبی، لٹریچر بکس کے سٹالز لگائے۔ وقار احمد چیمہ، محمد رب نواز چدھڑ نے کتاب میلہ کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا کے دور میں بھی کتاب کی اہمیت و افادیت کم نہیں ہوئی ہے اور ہی اس کا وجود خطرے میں ہے، کتاب سے محبت اور دوستی بہت ضروری ہے، کتب بینی کی رجحان میں کو بڑھانے میں بہتر کرنے کے لئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اساتذہ، اور والدین کو بچوں کو سوشل میڈیا سے دور کرنا بھی ضروری ہے، تمام ترقی یافتہ اقوام کتاب سے جڑی ہیں پاکستان میں بھی قوم کو کتابوں سے جوڑنے کے لئے اقدامات کرنا ہوں گے کہ پاکستان میں نوجوان نسل کو کتاب کی طرف مائل ہونا بہت مثبت پیش رفت ہے، کتب بینی کو فروغ دینے اور معاشرے میں مثبت تبدیلیاں لانے کے لئے کتاب میلے کا طیب بک ڈپو اینڈ ریسورس سنٹر کی طرف سے یہ احسن اقدام ہے وزیرآباد میں پہلی بار کتاب میلے کا انعقاد کیا گیا ہے جس پر محمد آصف تارڑ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ آصف تارڑ نے کہا کہ کتاب میلہ کے انعقاد کرنے کا مقصد بچوں میں کتابوں کے مطالعہ کے تعلق سے بیداری اور جذبہ پیدا کرنا ہے اسی وجہ سے کم قیمت پر کافی تعداد میں کتابیں رکھی گئی ہیں تاکہ بچے آسانی سے اپنی دلچسپی کی کتب خرید سکیں۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

شرپسندوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کے حکومتی اقدامات

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے پرتشدد احتجاجی مظاہرے کو کنٹرول کرنے کے لیے حکومت نے جو اقدامات کیے ان کے خلاف پی ٹی آئی کا پروپیگنڈا جاری ہے۔ اس پروپیگنڈے کا جواب دینے کے لیے اتوار کو وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے ایک پریس ریلیز جاری کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا مہم پاکستان میں انتشار، بدامنی اور تفرقہ بازی کو فروغ دے رہی ہے۔ اندرون اور بیرون ملک ایسے عناصر کا متعلقہ قوانین کے تحت احتساب کیا جائے گا۔ پرتشدد مظاہرین سے 18 خودکار ہتھیاروں سمیت 39 مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔ پکڑے گئے شرپسندوں میں تین درجن سے زائد غیرملکی اجرتی شامل ہیں۔ ڈیوٹی پر متعین تین رینجرز اہلکاروں کو گاڑی چڑھا کر شہید کیا گیا۔ پرتشدد مظاہرین نے ایک پولیس اہلکار کو بھی شہید کیا۔ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پروپیگنڈا شروع کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا مہم کے دوران پرانے اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے تیار کردہ جھوٹے فیکس کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے۔ بدقسمتی سے غیرملکی میڈیا کے بعض عناصر بھی اس پروپیگنڈا کا شکار ہو گئے ہیں۔ 21 نومبر کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیر داخلہ کو ہدایت کی کہ وہ امن وامان کے حوالے سے پی ٹی آئی قیادت سے رابطہ کریں۔

پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ بیلاروس کے صدر اور اعلیٰ سطحی چینی وفد کے دورے کے پیش نظر پی ٹی آئی کو متعدد بار احتجاج موخر کرنے کا کہا گیا۔ احتجاج جاری رکھنے کی ضد پر انہیں سنگجانی کے مقام کی تجویز دی گئی۔ غیر معمولی مراعات بشمول بانی سے ملاقاتوں کے باوجود پی ٹی آئی نے عدالتی احکام کی خلاف ورزی کی۔ مظاہرین نے سنگجانی کی بجائے اسلام آباد کے ریڈ زون میں داخل ہو کر قانون کی خلاف ورزی کی۔ پرتشدد مظاہرین نے پشاور تا ریڈ زون مارچ کے دوران ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنایا۔ مظاہرین نے اسلحہ بشمول سٹیل سلنگ شاٹس، سٹین گرینیڈ، آنسو گیس شیل اور کیل جڑی لاٹھیوں وغیرہ کا استعمال کیا۔ پرتشدد احتجاج میں خیبر پختونخوا حکومت کے وسائل کا بھرپور استعمال کیا گیا۔ پی ٹی آئی کے پرتشدد احتجاج میں تربیت یافتہ شرپسند اور غیرقانونی افغان شہری بھی شامل تھے۔ یہ سخت گیر 1500 شرپسند براہ راست مفرور اشتہاری مراد سعید کے ماتحت سرگرم تھے جو خود بھی ہمراہ تھا۔

وزارت داخلہ کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت اسلام آباد میں پاک فوج کی تعیناتی کا مقصد اہم تنصیبات کو محفوظ اور غیرملکی سفارت کاروں کی حفاظت اور دورے پر آئے اہم وفود کے لیے محفوظ ماحول کو یقینی بنانا تھا۔ پولیس اور رینجرز نے اس پرتشدد ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے براہ راست گولیوں کا استعمال نہیں کیا۔ پریس ریلیز میں وضاحت کی گئی کہ پاک فوج کا اس پرتشدد ہجوم سے براہ راست کوئی ٹکراؤ نہیں ہوا اور نہ ہی وہ فسادیوں کو کنٹرول کرنے پر تعینات تھی۔ منتشر کرنے کے عمل کے دوران قیادت کے ہمراہ مسلح گارڈز اور مظاہرین کے مسلح شرپسندوں نے اندھا دھند فائرنگ کی۔ ان خود ساختہ پرتشدد حالات میں پی ٹی آئی قیادت نے صورتحال سنبھالنے کے بجائے راہ فرار اختیار کی۔ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پروپیگنڈا شروع کر دیا ہے۔ پروپیگنڈا میں مبینہ ہلاکتوں کی ذمہ داری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ڈالنے کی مذموم کوشش کی جا رہی ہے۔

ادھر، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے سابق وفاقی وزیر اور تحریک انصاف کے مرکزی رہنما مراد سعید سے متعلق بڑا دعویٰ کیا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران عطا تارڑ نے کہا کہ شرپسندوں کا قائد مراد سعید وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور میں روپوش ہے، وہیں بیٹھ کر اس نے لاشیں گرانے کا منصوبہ بنایا۔ مراد سعید کی گرفتاری کے لیے وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور پر چھاپا مارنا اچھا نہیں لگتا۔ پیشگی انٹیلی جنس رپورٹس تھیں کہ 'فائنل کال' کی آڑ میں حملہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ عطا تارڑ کے بیان کی کوئی اہمیت نہیں۔ کارکنوں کے ہاتھوں میں ڈنڈے تھے، اسلحہ نہیں تھا۔ ایک طرف سے گولیاں چلائی گئیں، جھوٹ بولا جا رہا ہے، پوری دنیا نے دیکھا کس طرح گولیاں چلائی گئیں۔ اگر مراد سعید احتجاج میں ان کو نظر آئے تھے تو ان کو پکڑ لیتے۔ وہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں آئیں اور دیکھ لیں مراد سعید موجود ہے یا نہیں۔ بیرسٹر سیف نے اس بات کی تصدیق کی کہ حکومت نے پی ٹی آئی کو سنگجانی میں احتجاج کرنے کا کہا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ میری اور بیرسٹر گوہر کی بانی پی ٹی آئی سے بات ہوئی اور ہم نے بانی پی ٹی آئی کو بتایا تھا کہ ہمیں ڈی چوک نہیں جانا چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی نے ہمیں سنگجانی میں احتجاج کی اجازت دی۔

حیرت انگیز بات ہے کہ حکومت نے پی ٹی آئی کو سنگجانی میں احتجاج کرنے کی تجویز دی تھی اور بانی پی ٹی آئی بھی اس بات سے متفق تھے لیکن اس کے باوجود پی ٹی آئی کے احتجاجی مظاہرے میں حصہ لینے والوں نے ڈی چوک کا رخ کیا۔ اس صورتحال سے پتا چلتا ہے کہ اس احتجاجی مظاہرے میں ایسے عناصر شریک تھے جو حالات کو بگاڑنا چاہتے تھے۔ اس بات کا امکان بھی موجود ہے کہ ان عناصر کے پاس اسلحہ وغیرہ بھی ہو جسے استعمال کر کے گڑبڑ پیدا کی گئی۔ سیاست اپنی جگہ مگر ریاست سے ٹکرانے والوں کو کیفر کردار تک پہنچانا ضروری ہے۔ جو مجرم ہیں ان کے خلاف ٹھوس بنیادوں پر کارروائی کی جائے اور جو بے گناہ ہے انھیں ملوث نہ کیا جائے۔ اگر اس مسئلے کے حل کے لیے فوجی عدالتیں ناگزیر ہیں تو پارلیمان کی اجازت سے انھیں قائم کیا جائے جس کی آئین بھی اجازت دیتا ہے۔ شرپسند عناصر کے خلاف شروع کی گئی کارروائی اب رکنی نہیں چاہیے تاکہ ریاست کی طرف سے یہ بات پوری طرح واضح کر دی جائے کہ کسی کو بھی ریاست کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

آلودہ فضا اور سیاسی آلودگی!!!!!!

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

سموگ نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے، صاف فضا میں سانس لینا محال ہے۔ نیلا آسمان دیکھے بھی بہت وقت گذر چکا، ہر دن پاکستان کا کوئی شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سب سے اوپر نظر آتا ہے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ ہم ہر سال نومبر دسمبر میں سموگ اور آلودگی کا شور مچاتے ہیں، روتے پیٹتے ہیں، باتیں کرتے ہیں لیکن عملی اقدامات کی طرف نہیں جاتے۔ کتنے برسوں سے ہمیں اس مشکل کا سامنا ہے، سموگ کی وجہ سے ہر سال ان دنوں میں ہمارے معمولات زندگی متاثر ہوتے ہیں لیکن مجال ہے کہ حکومتی سطح پر اس اہم ترین مسئلے کو حل کرنے کے لیے کوئی کام کیا گیا ہو، نمائشی اقدامات اور بیانات کی حد تک تو بہت کچھ ہوتا ہے لیکن آلودگی ختم کرنے کے لیے جو ہونا چاہیے وہ ہم نہیں کرتے۔ گذشتہ روز بھی لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر تھا۔

گذرے چند دنوں میں فضا کچھ بہتر تھی۔ چند دن اچھے گذرے لیکن اب پھر حالات بدل رہے ہیں، لاہور کی فضا بھی خراب ہو رہی ہے۔ لاہور کا فضائی معیار جو کہ مسلسل بہتر رہنا چاہیے ویسا نہیں ہے، لاکھوں لوگ اس آلودہ فضا کی وجہ سے متاثر ہو رہے ہیں۔ گذشتہ روز دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور کا پہلا نمبر تھا۔ لاہور میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 275 ریکارڈ کی گئی ہے، اس کے علاوہ ملتان میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد دو سو اڑتالیس جب کہ کراچی میں ایک سو ترانوے ریکارڈ کی گئی ہے۔

کراچی کی فضا انتہائی مضر صحت ہے اور شہر قائد دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر ہے۔

ماہرین کے نزدیک 151 سے 200 انڈیکس مضر اور 201 سے 300 انتہائی مضر صحت ہے۔ یعنی لاہور کی فضا صحت کے لیے انتہائی مضر ہے۔ کیا آلودگی سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات کی ضرورت نہیں ہے۔ ویسے تو سیاست دانوں کو ملک کی بہت فکر رہتی ہے لیکن کیا کسی کو انتہائی مضر صحت حالات کی کوئی فکر ہے۔ جب نومبر آتا ہے، عارضی طور پر مختلف اقدامات ہوتے ہیں لیکن جیسے ہی قدرتی طور پر حالات میں بہتری آتی ہے سب بھول جاتے ہیں کہ اس مسئلے کے پائیدار حل کی طرف بڑھنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہمارے غلط فیصلوں کی وجہ سے ماحول آلودہ ہوا ہے تو اسے ٹھیک کرنے کے لیے کام بھی ہمیں ہی کرنا پڑے گا۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ آج بھی حکومت عارضی اقدامات پر کام کر رہی ہے۔

پنجاب حکومت نے خراب انجن اور زیادہ دھواں چھوڑتی گاڑیوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مزید یہ کہ جمعہ اور اتوار کو ٹرکوں، بسوں اور بھاری گاڑیوں کے لاہور میں داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق اینٹی سموگ مہم کے تحت لودھراں، اوکاڑہ، وہاڑی اور سرگودھا میں چھ بھٹے گرا دیے گئے جب کہ تین صنعتی یونٹ، ایک سٹیل رولنگ مل، ایک ٹیکسٹائل یونٹ اور ایک چاول مل سیل کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ خراب انجن اور زیادہ دھواں دینے والی ایک ہزار سے زائد گاڑیوں کی پڑتال کی گئی جن میں سے 144 گاڑیاں بند کر دی گئیں۔ بغیر ترپال اور سموگ رولز پر عمل نہ کرنے والی ریت کی چونسٹھ ٹرالیاں بند کر دیں جب کہ کمرشل جنریٹرز اور بار بی کیو پوائنٹس کا معائنہ کیا گیا جہاں خلاف ورزیوں پر نوٹس جاری کیے گئے۔

پنجاب حکومت دعویٰ تو کرتی ہے کہ ان فیصلوں سے بتدریج سموگ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ستمبر اکتوبر میں حکومت نے کچھ کیا، جنوری اور فروری میں حکومت ان فیصلوں پر عملدرآمد کرے گی۔ تاریخ کا سبق تو اس حوالے سے مختلف ہے لیکن ہم مستقبل قریب میں حکومت کو یاد کروائیں گے کہ دو دسمبر 2024 کو حکومت نے کیا کہا تھا۔ بہرحال آلودگی پر قابو پانے، فضا کو بہتر کرنے کے لیے طویل المدتی منصوبوں پر مستقل مزاجی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ماحول کو آلودہ کرنے والی ہر چیز پر پابندی عائد کرنا ہو گی۔ اس ضمن میں سارا سال نگرانی اور جرمانوں کی ضرورت ہے۔ صوبوں کو اس اہم مسئلے پر مل بیٹھنا چاہیے، وفاقی حکومت کو بھی ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کی مہم چلانی چاہیے۔

ویسے تو ملک میں سیاسی فضا بھی خاصی آلودہ ہے، جہاں انسانی بیانات اتنے آلودہ ہوں کہ ایک احتجاج کے بعد ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ سینکڑوں شہادتوں کا بیان دے، ایک سینئر سیاست دان ٹیلیویژن پروگرام میں 278 شہادتوں اور سینوں پر گولیاں مارنے کا دعویٰ کرے اور اسی جماعت کا چیئرمین پریس کانفرنس کر کے ان بیانات سے لاتعلقی کا اعلان کر دے تو اس سے زیادہ آلودہ سیاسی ماحول کیا ہو سکتا ہے۔ جہاں کسی کو یہ خیال بھی نہ رہے کہ سینکڑوں انسانوں کی موت کا دعویٰ سوچے سمجھے بغیر کر دیا جائے۔ کیا سیاست کے نام پر سب کچھ جائز ہو جاتا ہے، کیا اس سیاسی آلودگی کو ختم کرنے کے لیے بھی کوئی کام ہونا چاہیے یا نہیں، کیا اس سیاسی افراتفری جہاں درست اور غلط کی تمیز ختم ہو جائے، جہاں جھوٹ اور سچ کا فرق ختم ہو جائے، جہاں اچھے اور برے میں کوئی فرق باقی نہ رہے وہاں کیسی ترقی، کیسا استحکام اور کیا بہتری آئے گی۔ عام آدمی تک اگر جھوٹ ہی پہنچانا ہے، اسے غیر ذمہ دار ہی بنانا ہے، جھوٹ کو ہی پھیلانا ہے تو پھر اس فضا سے بھی آلودگی ختم نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ آلودگی جو ہم اپنی زبانوں سے پھیلا رہے ہیں۔ اس نے تو کم نہیں ہونا۔ ایک صورت حال یہ بھی ہے کہ جب ہم اپنی ذہنی آلودگی پر قابو نہیں پا سکتے تو باقی کیا کام کریں گے۔ کاش کہ ہماری قیادت کی سوچ میں وسعت آئے، ان کے لیے سیاسی مفادات، سیاسی مقاصد کا حصول اولین ترجیح نہ ہو بلکہ ملک وقوم کا بہتر مستقبل اولین ترجیح ہو۔ کاش ایسا ہو۔

آخر میں فاخرہ بتول کا کلام

دسمبر اب کے آؤ تو
تم اس شہر تمنا کی خبر لانا
کہ جس میں جگنوؤں کی کہکشائیں جھلملاتی
ہیں
جہاں تتلی کے رنگوں سے فضائیں مسکراتی
ہیں
وہاں چاروں طرف خوشبو وفا کی ہے
اور اس کو جو بھی پوروں سے
نظر سے چھو گیا
پل بھر مہک اٹھا
دسمبر اب کے آؤ تو
تم اس شہر تمنا کی خبر لانا
جہاں پر ریت کے ذرے ستارے ہیں
گل و بلبل، مہ و انجم وفا کے استعارے ہیں
جہاں دل وہ سمندر ہے، کئی جس کے
کنارے ہیں
جہاں قسمت کی دیوی مٹھیوں میں جگمگاتی
ہے
جہاں دھڑکن کی لے پر بے خودی نغمہ سناتی
ہے
دسمبر ہم سے مت پوچھ ہمارے شہر کی بابت
یہاں آنکھوں میں گزرے کارواں کی گرد
ٹھہری ہے
محبت برف جیسی ہے یہاں، اور دھوپ
کھیتوں میں اگتی ہے
یہاں جب صبح آتی ہے تو۔۔۔ شب کے
سارے جگنو راکھ کے اک ڈھیر کی
صورت میں ڈھلتے ہیں
یہاں جذبوں کی ٹوٹی کرچیاں آنکھوں میں
چبھتی ہیں
یہاں دل کے لہو میں اپنی پلکوں کو
ڈبو کر ہم سنہرے خواب بنتے ہیں پھر
ان خوابوں میں جیتے ہیں
انہی خوابوں میں مرتے ہیں
دریدہ روح کو لفظوں سے سینا گو نہیں ممکن
مگر پھر بھی۔۔۔
دسمبر اب کے آؤ تو
تم اس شہر تمنا کی خبر لانا

تلنگے انقلاب نہیں لایا کرتے



عاشقان عمران ان دنوں اس مشتعل شخص جیسا رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں جو گدھے سے گرنے کا ذمہ دار کمہار کو ٹھہرا دیتا ہے۔ ''انقلاب'' برپا کرنے کی خاطر ان عاشقان کو 24 نومبر کے دن اسلام آباد محترمہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور لائے تھے۔ پنجاب کی حدود میں داخل ہوتے ہی ''کاروان انقلاب'' کا یہاں کی ''پلس'' سے مقابلہ شروع ہو گیا۔ میرے اور آپ کے دیے ٹیکسوں سے خریدے پنجاب کی پولیس نے پشاور سے آئے قافلے پر آنسو گیس کے شیل پھینکے تو کاروان میں گھسے صوبہ خیبر پختونخواہ کے پولیس اہلکاروں نے بھی جوابی شیلنگ کی۔ اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے بالآخر علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی اسلام آباد میں داخل ہو گئے۔ یہاں داخلے کے بعد ان کی منزل ریڈ زون میں واقع ڈی چوک تھی۔

ڈی چوک وہ مقام ہے جو ریاست اور حکومت پاکستان کی نمائندہ عمارتوں مثلاً پارلیمان، سپریم کورٹ اور ایوان صدر کے عین سامنے ہے۔ مظاہرین اس مقام پر جمع ہو کر درحقیقت ریاست وحکومت پاکستان کو للکارتے ہیں۔ 24 نومبر کی رات سے اسلام آباد داخلے کی کاوشوں میں مبتلا ہجوم کو یہاں پہنچ کر اس وقت تک دھرنا دیے رکھنا تھا جب تک ان کے قائد عمران خان کو اڈیالہ سے رہا نہیں کیا جاتا۔ ریاستی قوت کو مختصراً نیچا دکھانا مقصود تھا۔

پاکستان جیسے ملکوں میں اقتدار سے محروم ہوئے سیاستدانوں کی گرفتاری ان کے چاہنے والوں نے کبھی بھی واجب وجائز نہیں سمجھی۔ سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے میں بطور صحافی اس سوچ سے متفق ہوں کہ ہماری حکومتیں مقبول سیاستدانوں سے خوف کھاتی ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ایسے سیاستدانوں کو جائز وناجائز مقدمات کی بدولت زیادہ سے زیادہ عرصہ تک جیل میں رکھا جائے۔ ہمارے کئی سیاستدانوں نے محض مقبول ہونے کے جرم میں اپنی زندگیاں جیلوں کی نذر کر دیں۔ انہیں اگرچہ دورِ حاضر کے انقلابی بھول بھال چکے ہیں۔

اپنی حکومتوں کے جابرانہ رویے کا شاہد ہونے کے باوجود میں اصرار کرتا رہا کہ عاشقان عمران کے انتہائی جذباتی ہجوم کو اسلام آباد کے ڈی چوک پہنچا کر بھی ریاست کو جھکایا نہیں جا سکتا۔ ہجوم سے دب جانے کے بجائے ریاست بلکہ ہجوم کے ''زعم'' کو مزید جبر سے کچلنے کو مصر ہو جاتی ہے۔

اس سوچ کا اظہار اس کالم اور سوشل میڈیا پر کیا تو عاشقان عمران کا غول میرے خلاف مغلظات سے بھری واہی تباہی بکنے لگا۔ بنیادی گناہ میرا یہ ٹھہرایا گیا کہ میں ''بڈھا'' ہو گیا ہوں۔ اپنے ذہن میں جمع ہوئے فرسودہ اور شکست خوردہ خیالات دہراتے رہنے کے بجائے مجھ ''ٹاؤٹ'' صحافی کو ریٹائر ہو جانا چاہیے۔ ریٹائر ہونے کا مشورہ دینے والے تاہم یہ سمجھا نہ پائے کہ صحافت چھوڑ دی تو گھر کا خرچ کیسے چلاؤں گا۔ فرض کیا میں جابر قوتوں کا ''ٹاؤٹ'' ہوں تب بھی وہ اسی صورت ''چائے پانی'' کے لئے کچھ رقم دیں گے اگر میں اپنی تحریروں اور ٹی وی کے علاوہ سوشل میڈیا پر ادا کیے کلمات کے ذریعے دورِ حاضر کے انقلابیوں کو گمراہ یا دل شکستہ کرنے کی کاوش میں مصروف رہوں گا۔

سوشل میڈیا پر چھائے دو نمبر انقلابیوں کا غول مجھے ریٹائر ہونے کو مجبور نہ کر پایا تو نہایت رعونت سے بتانا شروع ہو گیا کہ میں تاریخ کی ''غلط سمت'' کھڑا ہوں۔ تاریخ کی غلط سمت ''کھڑا ہونا'' اپنے تئیں ایک فیشن ایبل مگر فرسودہ تصور ہے۔ مجھ بدنصیب نے جتنی تاریخ پڑھی ہے اس میں تاریخ بذات خود مظلوم نہیں بلکہ ہمیشہ ظالم کے ساتھ کھڑی نظر آئی۔

آج کی خبر نہیں مگر جن دنوں میں سکول میں تھا تو ہمیں نصاب میں جنگ پلاسی پڑھائی جاتی تھی۔ انگریزوں نے یہ جنگ بنگال کے نواب سراج الدولہ پر مسلط کی تھی۔ ہمیں یہ بھی پڑھایا گیا کہ اپنی دھرتی کو سامراج کی غلامی سے آزاد رکھنے کو ڈٹے نواب سراج الدولہ کو انگریز محض اس وجہ سے شکست دے پائے کیونکہ اس کا آرمی چیف - میر جعفر - ''غدار'' ہو کر دشمنوں سے مل گیا تھا۔ 1980 میں لندن گیا تو کئی دنوں تک روزانہ وہاں کی انڈیا آفس لائبریری جاتا رہا۔ وہاں بہت لگن سے میں نے ایسا مواد جمع کرنے کی کوشش کی جو سمجھا سکے کہ نواب سراج الدولہ کو شکست کیوں ہوئی تھی۔ میری تحقیق نے جو اجاگر کیا اسے لکھنے سے خوف آتا ہے۔ محض یہ کہتے ہوئے جند چھڑا لیتا ہوں کہ تاریخ نے اس وقت نواب سراج الدولہ کا ساتھ نہیں دیا تھا۔ جذباتی ذہن سے جانچنے کی کوشش کریں تو تاریخ اس وقت ''درست'' سمت کی جانب رواں نہیں تھی۔

کالم کی تنگ دامنی کی وجہ سے اپنی بات سمجھانے کے لئے مثالوں کا انبار لگا نہیں سکتا۔ فقط 1857ء یاد کر لیتے ہیں۔ انگریز اس برس میں جو ہوا اسے ''غدر'' اور ہم ''جنگ آزادی'' پکارتے ہیں۔ ''جنگ آزادی'' کے نام پر جو ''مجاہدین'' 1857ء کی دلی میں گھس آئے تھے انہیں وہاں کے رہائشی ''تلنگے'' پکارنا شروع ہو گئے۔ وہ کسی بھی گھر یا دوکان میں گھس کر اپنی جدوجہد کا ''خراج'' وصول کرنا شروع ہو جاتے۔ ان کے خوف سے مرزا غالب اپنے گھر میں محصور ہو گئے۔ خوش نصیب تھے کہ جس علاقے میں رہتے تھے وہاں مہاراجہ پٹیالہ کئی عمارتوں کا مالک تھا۔ ان کی نگہبانی کے لئے اس نے اپنے ہاں سے ''مشٹنڈے'' بھیج رکھے تھے۔ ''غالب'' لہٰذا محفوظ رہے۔ گھر سے نکل کر تاریخ کی ''درست سمت'' کھڑے ہونے کے بجائے وہ گھر بیٹھے ہی دوستوں کو چٹھیاں لکھتے رہے۔ ان کے لکھے خطوط پڑھنے کی بدولت ہی یہ قلم گھسیٹ اردو کے ایک دو فقرے لکھنے کے قابل ہوا ہے۔ کبھی کبھار سوچتا ہوں کہ غالب جوش میں اپنا گھر بار چھوڑ کر تلنگوں کے ساتھ ''تاریخ کی درست سمت'' کھڑے ہو جاتے تو مجھ جیسے سینکڑوں افراد اردو میں چند فقرے لکھنے کے قابل بھی ہوتے یا نہیں۔ ''تاریخ'' ہمیشہ جیتنے والی قوتوں نے لکھی ہے۔ اس نے ''درست راہ'' کبھی دکھائی نہیں اور تاریخ ہی نے بتایا ہے کہ ''تلنگے'' انقلاب نہیں لایا کرتے۔ جابر قوتوں کو بلکہ مزید جابر بنا دیتے ہیں۔

کوئے حجامت اور ٹرمپ کی رگ جاں



دل پھر طواف کوئے حجامت کو جائے ہے۔ کیا کیجئے۔ کوئے حجامت یعنی ایک بار پھر اسلام آباد کا رخ جہاں پہلے بھی بار بار حجامت ہو چکی ہے۔ اس بار طواف کی تاریخ 24 نومبر رکھی گئی ہے اور 24 نومبر ہی کیوں، 23 یا 25 کیوں نہیں؟ خبر اس بارے میں یہ آئی ہے کہ سات کے پورے ہندسے کی مہورت اس بار کسی نجومیہ نے نہیں، نجومی نے نکالی ہے۔ 7 اس طرح کہ 24 کے 6(2+4)، 11 کے (1+1) اور 2024ء کے 8(4+2+2) یہ ہوکے مل ملا کر 16 اور 16 کا بنتا ہے۔ 7 تو 7 کی شبھ مہورت دی گئی ہے۔ ماضی میں نجومیہ (یعنی مرشدانی) نے جتنی بھی تاریخیں نکالیں، سب الٹی پڑ گئیں، اب، خاندانی دائرے سے باہر کا کوئی کاہن ہاتھ لگا ہے۔

24 کو انقلاب آئے گا کہ نہیں۔ تمام ٹی وی چینل ایک دم سے پھر 2014ء کے دھرنے کی طرح سرگرم ہو گئے ہیں۔ جس چینل کو بھی کھولا، اسی ایک نکتے پر پروگرام ہو رہے تھے۔ لیکن کوئی بھی اینکر یہ نہیں بتا رہا تھا کہ اب نہ تو پاشا ہے نہ فیض، باجوہ نہ اس کا پیشرو کھوسہ، ثاقب، عظمت، اعجاز وغیرہ بھی قصہ ماضی ہوئے۔ یہاں تک کہ اس بار پرویز الٰہی اور طاہر القادری بھی نہیں۔

ان سب مذکورہ بالا ''اثاثوں'' کو اگر مال وزر تصور کیجئے تو لگتا کچھ یوں ہے کہ 24 کے بعد مرشد اپنے مرشد خانے کی سلاخیں پکڑ کر یہ شعر دہراتے پائے جائیں گے کہ:

مال وزر کچھ نہ تھا تو بارے میر
کس بھروسے پہ آشنائی کی

شبھ مہورت کیا پلی کارتی ہے؟ بھارت کی فلمی صنعت (کیا بالی ووڈ کیا تالی ووڈ، کیا بنگالی وڈ کیا خالصہ وڈ)، ہر فلم کی شروعات شبھ مہورت سے کرتی ہے۔ چوٹی کے، قابل اعتماد، ماہر فن پنڈتوں اور جوتشیوں سے زائچے بنواتے ہیں، نامی گرامی سادھو اور مانترک جوان (بروزن چمن نہ کہ بروزن کون) کرتے ہیں۔ پھر کیا ہوتا ہے؟ چند ایک فلمیں ہی ہٹ اور سپر ہٹ ہوتی ہے، بھاری اکثریت ان کی ایوریج، فلاپ اور سپر فلاپ ہوتی ہے۔ کوئی گھڑی شبھ ہوتی ہے نہ کوئی اشبھ، بہرحال، مرشد کو تاریخ فال نکلوانے، روحونیاتی عملیات کرانے کی لت پڑ گئی ہے تو یہ ان کا بنیادی انسانی آئینی جمہوری حق ہے۔ 26 ویں ترمیم کے تحت اس لت پر پابندی تو نہیں لگ سکتی۔

تمام مین سٹریم ٹی وی چینلز پر چونکہ متاثرین انقلاب کا قبضہ، غلبہ ہے اس لئے وہ امید کی شمعیں جلائے رکھتے ہیں۔ ہفتہ بھر سے یہ امید افزا خبریں آ رہی تھیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے سے پہلے ہی مرشد کی رہائی کیلئے دباؤ ڈالنا شروع کر دیا ہے اور اس نے آئی ایم ایف کو پاکستان کی مدد سے روک دیا ہے چنانچہ آئی ایم ایف نے قرضے کی قسط کیلئے نئی شرطیں لگا دی ہیں اور سرفہرست شرط یہ ہے کہ منی بجٹ لاؤ۔

جس اینکر پرسن کو دیکھو، اس کے منہ سے امید کی رال ٹپک رہی تھی، بس اب ملک سری لنکا بنے گا، سول وار ہو گی، بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ ٹرمپ کی بات مان لو، مرشد کو رہا کر کے اسے قومی اسمبلی کی مزید 188 سیٹس دے دو۔ اور کوئی حل نہیں اور کوئی راستہ بھی نہیں۔

پھر خبر آئی کہ آئی ایم ایف اچانک ہی مان گیا، منی بجٹ کی کوئی شرط نہیں لگائی، معاملے حکومت کے حسب منشا طے ہو گئے۔

کسی اینکر پرسن نے اس ''ٹریجڈی'' پر کوئی تبصرہ کیا نہ پروگرام، کمال ہو تو ایسا۔

ایک مزے کی اطلاع ہے اور ایک بہت مزے کی۔ مزے کی اطلاع یہ ہے کہ مرشد پارٹی کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کی بڑی تعداد نے 24 نومبر کی کال کی مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ مت کیجئے صاحب، مارے جائیں گے اور بہت مزے کی اطلاع یہ ہے کہ بہت سے ارکان اسمبلی اور پارٹی قائدین نے پولیس سے رابطہ کیا ہے کہ ہم دستیاب ہیں، جب چاہو، تشریف لاؤ اور ہمیں گرفتار کر لو، لیکن ابھی نہیں، ایک دو تین دن بعد اور 24 کی شام چھوڑ دینا۔ رہائی کے بعد ہم پریس کانفرنس کریں گے کہ وہ تو ہمیں پولیس نے پکڑ لیا ورنہ آج انقلاب لا کر ہی رہتے۔ فسطائی حکومت مردہ باد، انقلاب زندہ باد، مرشد تیرے جانثار، کچھ اندر، کچھ باہر!

خیر، اب ٹرمپ کی سن لو، پچھلے ہفتے اسلامی عرب کانفرنس بڑی دھوم دھام سے ہوئی تھی اور ایک زوردار اعلامیہ جاری کیا گیا تھا کہ دو ریاستی حل پر عمل کیا جائے، غزہ میں جنگ بندی کی جائے وغیرہ وغیرہ۔

اس اعلامیے کو اسلامی عرب کانفرنس کا ٹرمپ کو پیغام قرار دیا گیا تھا۔ اب ٹرمپ نے مجسم جواب نامہ، 6 فٹ قد کا، ارسال کر دیا ہے۔ اس جواب نامے کا نام ''مائیک ہکابی'' ہے۔

یعنی ٹرمپ نے اپنے خاص الخاص چیلے مائیک ہکابی کو اسرائیل میں امریکی سفیر نامزد کر دیا ہے۔ مائیک ہکابی کی شناخت یہ ہے کہ وہ مغربی کنارے کو اسرائیل کا حصہ مانتا ہے، اسرائیل میں اس کے انضمام کا حامی ہے اور یہ کہتا ہے کہ مغربی کنارے میں یہودی آبادکاروں کی تمام ناجائز بستیاں دراصل جائز ہیں، مزید بننی چاہئیں۔

یعنی یک ریاستی حل پورے فلسطین پر اسرائیل کا حق ہے، بچا کھچا، کٹا پھٹا رہا سہا غزہ تو ویسے ہی دم توڑ رہا ہے۔

تو مائیک ہکابی نے نامزد ہوتے ہی اسرائیلی ریڈیو کو انٹرویو دیتے ہوئے یہ خوش کن اطلاع دی کہ ٹرمپ کے منصب صدارت سنبھالتے ہی مغربی کنارے کو اسرائیل میں ضم کرنے کی کارروائی شروع کر دی جائے گی۔ انہوں نے یہ وضاحت بھی کی، اگرچہ اس وضاحت کی ضرورت نہیں تھی کہ کوئی بھی امریکی صدر، صدر ٹرمپ سے بڑھ کر اسرائیل کا حامی نہیں ہو سکتا۔

مبصرین اب حیران ہیں کہ صدی کی ڈیل معاہدہ ابراہام کا کیا بنے گا۔ یہ وہ سہرا ہے جو ٹرمپ ہر صورت اپنے ماتھے پر لگانا چاہتے ہیں لیکن یہ سہرا سعودی عرب کی رضامندی کے بغیر نہیں لگ سکتا اور سعودی عرب اپنی رضامندی کی شرط پہلے انفرادی طور پر، پھر اسلامی عرب کانفرنس کے ذریعے عائد کر چکا ہے کہ صدی کی ڈیل بعد میں، پہلے دو ریاستی حل یعنی فلسطینی ریاست کا قیام، ایسی ریاست جو اقوام متحدہ کی رکن بھی ہو۔

یہ عقدہ کیسے حل ہو گا؟ شاید مشاہد حسین، کہ وہ بھارت اور امریکہ دونوں کے ہمراز اور ہمدم ہیں، کچھ بتا سکیں!

سوشل میڈیا کے مضمرات

تحریر

بلال حسین خان

ٹیکنالوجی کی دنیا میں آنے والے انقلابات میں سوشل میڈیا سب سے بڑا انقلاب ثابت ہوا جس نے ہمارے باہمی میل جول، معلومات کے حصول اور اسے دوسروں تک پہنچانے کے طریقوں کو بدل کر رکھ دیا۔ جہاں اس نے یہ سب آسان کیا وہیں سوشل میڈیا ڈس انفارمیشن جھوٹ پھیلانے کا تیز ترین ذریعہ بھی بن گیا۔ آج ہمیں سوشل میڈیا پر ہر طرح کی جعلی خبریں دیکھنے کو ملتی ہیں، جن کے پیچھے مختلف قسم کے سیاسی، نظریاتی یا معاشی مفادات ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ خبریں مکمل جھوٹ پر مبنی ہوتی ہیں اور دھوکہ دینے کے لیے بنائی گئی ہوتی ہیں۔ اس کے لیے کئی طریقے اپنائے جاتے ہیں۔ جیسے پرانی تصاویر کا غلط سیاق و سباق کے ساتھ استعمال، یا پھر کسی نئی تباہی یا حادثے کو کسی پرانی آفت کی تصاویر کی مدد سے بڑھا چڑھا کر پیش کرنا۔ بعض اوقات اصل تصاویر کو ایڈٹ کر لیا جاتا ہے یا پھر ایسی سنسنی خیز سرخیاں لگائی جاتی ہیں جو آپ کو اپنی طرف کھینچتی ہیں لیکن اندر موجود مواد بے معنی ہوتا ہے۔ ''متبادل سچائی'' والے نظریے کے مطابق حقیقت کے ایک سے زیادہ رخ ہو سکتے ہیں، جس میں ذاتی آراء کو بھی حقائق کی طرح درست سمجھا جاتا ہے۔ اب تو ڈیپ فیک تصاویر یا ویڈیوز بھی بنائی جا رہی ہیں جن میں AI کی مدد لی جاتی ہے۔ یہ کسی غیر حقیقی منظر کو حقیقی بنا کر پیش کر سکتی ہیں جیسے کہ آپ کو کسی ساحل پر دکھانا جبکہ آپ اپنے گھر میں سو رہے ہوں۔ یہ سب کچھ دنیا میں کوئی بھی شخص کسی بھی کونے میں بیٹھ کر محض چند کلکس کی مدد سے کر سکتا ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ انٹرنیٹ نے دنیا کو ایک عالمی نیوز روم بنا دیا ہے جہاں لوگ اپنی رائے کو خبر بنا کر پیش کرتے ہیں لیکن اس طرح کہ حقیقت اور جھوٹ کے درمیان فرق مٹ جاتا ہے۔ جھوٹی خبریں یا ڈس انفارمیشن غصہ، پریشانی نے خوف جیسے منفی جذبات کو بھڑکانے کے لیے بنائی جاتی ہیں تاکہ فوری ردعمل پیدا ہو۔ 2018 میں Massachusetts Institute of Technology (MIT) کی ٹویٹر پر کی گئی ایک تحقیق سے پتا چلا کہ منفی یا جھوٹی خبریں 70 فیصد زیادہ ری ٹویٹ کی جاتی ہیں۔ اس کا مقصد سادہ سا ہوتا ہے کہ لوگوں کے اندر موجود خوف یا تعصبات کو نشانہ بنا کر فوری ردعمل پیدا کیا جا سکے۔ اس کے نتائج اکثر بہت خطرناک نکلتے ہیں۔ یہ بہت بڑے پیمانے پر عوامی فسادات سے لے کر انتخابات میں ووٹرز کی رائے اور پھر انتخابی نتائج میں تبدیلی پر منتج ہو سکتے ہیں۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ لوگ جھوٹی خبروں پر اتنی جلد یقین کیوں کر لیتے ہیں؟ ماہرین نفسیات نے اس حوالے سے کئی نظریات پیش کیے ہیں۔ ایک نظریہ Confirmation Bias ہے، یعنی اگر کوئی خبر یا کہانی آپ کے خیالات و نظریات سے میل کھاتی ہے تو آپ اسکو فوراً قبول کرتے ہیں چاہے وہ جھوٹ پر مبنی ہو۔ ایک اور نظریہ Social Identity ہے جس کے مطابق اگر خبر کسی شخص کے سماجی گروہ یا شناخت کو تقویت دیتی ہے تو وہ اسے بلاتحقیق شیئر کرے گا۔ وجہ جو بھی ہو لیکن جھوٹی خبریں یا ڈس انفارمیشن لوگوں کی سوچ اور رویوں پر بہت بری طرح سے اثر انداز ہو رہی ہے۔ جس سے ہمارے معاشرے میں سیاسی اور سماجی تفریق پیدا ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا خبروں کے حوالے سے معتبر ذرائع اور اداروں کو بھی کمزور کر رہا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس مسئلے سے کیسے نمٹا جائے؟ دنیا بھر میں ڈس انفارمیشن یا جھوٹی خبروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے قوانین بنائے گئے ہیں۔ جن پر سختی سے عمل بھی کیا جاتا ہے۔ قانون توڑنے والوں کو سزائیں بھی دی جاتی ہیں۔ جیسے کہ یورپی یونین کا Digital Services کا قانون۔ اسی طرح برطانیہ نے Online Safety کا قانون متعارف کروایا ہے۔ امریکہ میں سوشل میڈیا کمپنیوں پر دباؤ ڈالنے کے لیے آئے دن کانگریس کی سماعتیں ہوتی رہتی ہیں اور اس حوالے سے بار بار ان کمپنیوں کی طلبی ہوتی ہے جہاں ان کو کڑے سوالوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کئی نجی ادارے بھی اس مسئلے سے نمٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن یہ سب اقدامات کافی نہیں ہیں، اس کے لیے عوام کی شمولیت بھی ضروری ہے۔ ہمیں سب سے پہلے جھوٹی خبروں کے نقصانات سے آگہی حاصل کرنا ہو گی اور خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے انکی تصدیق کرنے کی عادت اپنانی ہو گی۔ پاکستان بھی سوشل میڈیا کے منفی اثرات سے اسی طرح متاثر ہے جیسے کہ باقی دنیا کے ممالک۔ حال ہی میں ایک تعلیمی ادارے میں خاتون سے بدسلوکی کی جعلی خبر اس طرح پھیلائی گئی کہ اس کی وجہ سے ملک بھر میں امن عامہ کا سنگین مسئلہ پیدا ہو گیا۔ اسی طرح اپنے مخصوص مقاصد، جن میں سیاسی، معاشی اور نظریاتی مفادات کا حصول شامل ہیں، سوشل میڈیا کا ایک گروہ مسلسل جھوٹ اور سنسنی پھیلانے میں مصروف ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی اور سماجی سطح پر وہ تمام اقدامات کیے جائیں جن سے ہماری نوجوان نسل کو اس عفریت کے غلط استعمال اور اس کے ممکنہ اثرات سے آگاہی دی جائے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ہمارا معاشرہ ایک مثبت اور تعمیری سوچ سے دور ہوتا چلا جائے گا۔ آخر میں فرانسیسی فلسفی پیئر ابیلارڈ کا ایک قول یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ''حکمت کا آغاز شک سے ہوتا ہے، شک ہمیں سوالات کی طرف لے جاتا ہے اور سوالات ہمیں سچائی تک پہنچانے میں مدد کرتے ہیں۔'' پہلے سے کہیں زیادہ، آج اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے!

اُمید ابھی کچھ باقی ہے!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

ملک میں حصول اقتدار کی جنگ بڑے زور شور سے جاری ہے، اس اقتدار میں کی جنگ میں پہلے دو فریق تھے، اب ایک تیسرا فریق بھی شامل ہونے لگا ہے، اپنی باری کیلئے پر تولنے لگا ہے، حکومت کے اتحاد سے آہستہ آہستہ دور ہونے لگا ہے، اس حکومت پر ہی اعتراضات اٹھائے جا رہے ہیں، وعدہ خلافی کے الزامات لگائے جا رہے ہیں، اس بدلتی صورتحال میں ایسا لگ رہا ہے کہ جیسے اندر خانے کوئی کھچڑی پک رہی ہے اور اس کھچڑی کی ہنڈیا کسی بھی وقت بیچ چوراہے پھوٹ سکتی ہے، یہ حکومت بدل سکتی ہے اور اس کی جگہ کوئی دوسری حکومت اپنی باری لینے کیلئے آ بھی سکتی ہے۔

اس حکومت کو عام عوام کی حمایت حاصل ہے نہ ہی عوام کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے، بلکہ عوام مخالف فیصلے کر کے رہی سہی عوامی حمایت بھی کھوتی جا رہی ہے، اس کا ادراک حکومت کرے نہ کرے، مگر اس کے اتحادی ضرور کر رہے ہیں، وہ بدلتی ہواؤں کا نہ صرف رخ دیکھ رہے ہیں، بلکہ اُڈاری مارنے کیلئے اپنے پر بھی تول رہے ہیں، وہ ایک اشارے کے منتظر ہیں اور اس اشارے کے ہوتے ہی ایسے نظریں بدل کر اُڑ جائیں گے کہ جیسے جانتے ہی نہیں، بلکہ پہچانتے بھی نہیں ہیں، اس حکومت کے ساتھ بھی وہی کچھ ہونے والا ہے، جو کہ اس نے دوسروں کے ساتھ کیا تھا اور اس سے بھی زیادہ بھگتنے والے ہیں، جو کہ دوسروں کے ساتھ کرتے چلے آ رہے ہیں۔

یہ بات سب ہی جانتے ہیں کہ اس حوالے سے کہیں بات ہو رہی ہے، اس کی تصدیق بھی کی جا رہی ہے کہ کہیں معاملات طے ہو رہے ہیں، اس بارے جے یو آئی کے رہنما حافظ حمد اللہ بھی کہہ رہے کہ پس پردہ مذاکرات ہو رہے ہیں اور اس میں بانی پی ٹی آئی نئے الیکشن کی بات کر رہے ہیں، وہ کیسے کروائیں گے؟ جبکہ دوسری جانب سے نو مئی پر معافی مانگنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کہتے ہیں کہ شواہد لائیں، پھر بات کرتے ہیں، اس ملک میں کسی بھی معاملے پر کسی وقت بھی بریک تھرو ہو سکتا ہے اور پلک جھپکتے سب کچھ بدل بھی سکتا ہے، اس وقت کی اپوزیشن اقتدار میں آ سکتی ہے اور یہ حکومت اقتدار سے جا بھی سکتی ہے، کیونکہ اس ملک میں بیچ ایک ہی رہتا ہے، اس پر بدلتے حالات کے تحت کردار بدلتے رہتے ہیں۔

اس ملک میں جب بھی کوئی ایسا نادر موقع آتا ہے، پیپلز پارٹی قیادت کی پھرتیاں دیکھنے کے لائق ہوتی ہیں اور وہ ایسے نادر موقع کو کبھی ضائع نہیں ہونے دیتے ہیں، اس بار سب کچھ ہی لینے کیلئے پورا زور لگایا جا رہا ہے، ملک بھر سے اہم پارٹی عہدیداروں کو بلا کر مشاورتی اجلاس بلایا جا رہا ہے، ہر ایک کو ہی ایک نیا ٹاسک دیا جا رہا ہے اور باور کرایا جا رہا ہے کہ اس بار ہم نے باری لینی ہے، صدارت کے ساتھ وزارت عظمیٰ بھی لینی ہے، صدر زرداری سب پر بھاری ہونے کیلئے ایک نئے جوڑ توڑ کی تیاری کر رہے ہیں، اس میں بلاول بھٹو زرداری بھی پورا ساتھ دیے رہے ہیں اور اپنی پارٹی کے اہم عہدیداروں کو ذمہ داری دیے رہے ہیں کہ دیگر سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں، تاکہ تعین کیا جا سکے کہ کن معاملات پر سیاسی اتفاق رائے کیا جا سکتا ہے۔

اس وقت نمایاں ترین نکتہ یہ ہے کہ اہل سیاست کے حصول اقتدار کی دوڑ لگی ہے، مگر اس میں عوام کہیں نظر آ رہے ہیں نہ ہی ان کی ترجیحات میں کہیں دکھائی دیے رہے ہیں، عوام بڑھتی مہنگائی اور شدید بے روزگاری کی زد میں ہے، مہنگائی نے عام آدمی کی قوت خرید جان لیوا حد تک کم کر دی ہے اور ہر اُمید ہی توڑ کر رکھ دی ہے، کیونکہ افلاس کا گراف بلند تر ہوتا جا رہا ہے اور حکمرانی کا معیار انتہائی پست ہوتا چلا جا رہا ہے، یہ آزمائے حکمران عام آدمی کے بنیادی مسائل حل کر پا رہے ہیں نہ ہی ملک چلا پا رہے ہیں، اس کے باوجود مان ہی نہیں رہے ہیں کہ ملک پر بیرونی قرضے خطرناک حد تک بڑھتے ہی چلے جا رہے ہیں اور حد سے بڑھتے مسائل ہاتھ سے نکلتے جا رہے ہیں، ملک میں ایک طرف سیاسی و معاشی بحران بے قابو ہوتا جا رہا ہے تو دوسری جانب دہشت گردی کا مسئلہ سنگین تر شکل اختیار کرتا جا رہا ہے، سیکورٹی ادارے کب تک تن تنہا قربانیاں دیتے رہیں گے اور اہل سیاست اقتدار کے مزے لوٹتے رہیں گے، کیا اس ملک کے بڑھتے مسائل کا تدارک کبھی ہو پائے گا؟ اس کی اُمید ابھی کچھ باقی ہے، لیکن اس کیلئے مقتدرہ کو سیاست سے نکلنا ہو گا اور ڈوریاں ہلانے کا کھیل بند کرنا ہو گا، اس ملک میں جب تک عوام کے بجائے طاقتور حلقے ہی پس پردہ فیصلے کرتے رہیں گے، اس ملک کے مسائل حل ہو پائیں گے نہ ہی ہم آگے بڑھ پائیں گے، بلکہ مسائل در مسائل میں ہی الجھتے چلے جائیں گے۔

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے احسن اقدامات!

تحریر

حیدر علی

وطن عزیز پاکستان میں اس وقت اڑھائی کروڑ کے قریب نوجوان تعلیمی اداروں اور کھیلوں سمیت ہر شعبہ میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ میں بھی پاکستانی نوجوانوں کی اکثریت نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اگر پاکستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو وطن عزیز پاکستان کیلئے نوجوان قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا۔ شاعر مشرق حکیم الامت، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری کا مخاطب ہی نوجوان ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بھی ہمیشہ نوجوانوں کی اہمیت اور پاکستان کیلئے بنیادی اساس قرار دیا۔

قارئین کرام! اس وقت وطن عزیز پاکستان میں مسلم لیگ ن کی جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں نوجوانوں کیلئے جتنے اقدامات مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئے ہیں شاید ہی کسی اور دور میں ہوئے ہوں۔ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا دور وزارت اعلیٰ دیکھ لیں جتنے اقدامات نوجوانوں کیلئے کیے گئے وہ مثال ہیں خصوصاً لیپ ٹاپ سکیم ان میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وزیر اعظم یوتھ پروگرام کا اجراء کیے جس کے ثمرات آج پورے ملک کے نوجوانوں کو میسر ہو رہے ہیں۔ اس وقت وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ہیں اور ان کی سربراہی میں اس وقت نوجوانوں کیلئے تعلیم، فنی تعلیم، کھیل اور کلچر سمیت دیگر شعبوں میں روزانہ کی بنیاد پر نئے عوامل شامل ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز وطن عزیز پاکستان میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت 21 نومبر سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے تفصیلاً بتایا کہ ہم ملک میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کاپ 29 کانفرنس میں پاکستانی پویلین مرکز نگاہ ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی کاپ 29 کانفرنس میں شرکت کے موقع پر کئی اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئیں، جس کی وجہ سے دنیا پاکستان کی طرف رخ کر رہی ہے، 14 ممالک سے 50 کھلاڑی ٹینس چیمپئن شپ میں شرکت کر رہے ہیں، 7 ممالک کے کھلاڑی سکواش کھیلنے آئے ہوئے ہیں، ہر ماہ بڑی تعداد میں سیاح، کھلاڑی اور سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یونیورسٹی اولمپیاڈ 21 نومبر سے 23 نومبر تک لیاقت جمنیزیم میں کھیلی جائے گی جس میں ملک بھر سے 30 ہزار ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات و ثقافتی ورثہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایچ ای سی، اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔ ان کے مشترکہ تعاون سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ یونیورسٹی اولمپیاڈ میں 10 کھیل شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں شرکت کیلئے تمام ممالک کے سفیروں، متعلقہ فریقوں، ترقیاتی شراکت داروں اور کھیلوں کی تنظیموں کو دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں شریک باصلاحیت کھلاڑیوں کو ہمیں سپورٹ کرنی چاہیے اور ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ وطن عزیز پاکستان اس وقت دنیا میں اپنا نمایاں کردار ثابت کر رہا ہے معیشت ہو یا فلسطین یا کشمیر کے مظلوم مسلمان۔ پاکستان کا ہمیشہ واضح اور دوٹوک موقف رہا ہے۔ حکومت پاکستان ملک کے مضبوط مستقبل کیلئے کام کر رہی ہے۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو گزشتہ چند سالوں میں ایک نوجوانوں کے ٹولے کو جو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تربیت دی گئی ہے وہ سوائے بدتمیزی اور جاہلانہ حرکات کے کچھ نہیں۔ ایک طرف حکومت نوجوانوں کیلئے مثبت سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ایک سیاسی بونوں کی جماعت کی جانب سے وفاق پر چڑھائی کا درس دیا جا رہا ہے۔ ایس سی او میں شریک ممالک پاکستان کی ترقی میں شمولیت کے لئے آ رہے تھے لیکن اس موقع پر بھی سیاسی بونوں کی جماعت نے احتجاج کیا جس کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ اس جماعت کے دور میں پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہیں آئی اور اب بھی وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ آئے۔ لیکن یہ سیاسی بونے یاد رکھیں کہ پاکستانی قوم نے ان کا بیانیہ ہمیشہ مسترد کر دیا ہے۔ خوشحال مستقبل پاکستانی نوجوانوں کا حق ہے اور یقیناً حکومت کی جانب سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا کامیابی سے انعقاد ہو گا۔

پاکستان بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ کا فاتح بن گیا

بنگلادیش بلائنڈ ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 139 رنز بنائے، بنگلادیش کے عارف حسین 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان نے ناقابل شکست رہتے ہوئے بلائنڈ ٹی20 کرکٹ ورلڈکپ اپنے نام کرلیا۔ قومی ٹیم نے ایونٹ کے فائنل میں بنگلادیش کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر ٹائٹل جیتا، پاکستان کو بنگلادیش نے 140 کا ہدف دیا تھا۔ بنگلادیش بلائنڈ ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 139 رنز بنائے، بنگلادیش کے عارف حسین 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ پاکستانی اوپنرز نے ہوم گراؤنڈ کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے مطلوبہ ہدف محض 11 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ قومی بلائنڈ ٹیم کی جانب سے نثار علی نے 72 اور محمد صفدر نے 47 رنز کی اننگز کھیلی۔ پاکستان نے ناقابل شکست رہتے ہوئے بلائنڈ ٹی20 کرکٹ ورلڈکپ اپنے نام کرلیا۔ قومی ٹیم نے ایونٹ کے فائنل میں بنگلادیش کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر ٹائٹل جیتا۔

میچ میں شکست کے باوجود ٹیم کے حوصلے پست نہیں ہوئے، ٹراوس ہیڈ

بھارتی ٹیم کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر سیریز برابر کریں گے، انٹرویو

ایڈیلیڈ (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز اوپننگ بلے باز ٹراوس ہیڈ نے کہا ہے کہ مہمان بھارتی ٹیم کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر پانچ میچوں کی بارڈر گواسکر سیریز 1-1 سے برابر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مہمان ٹیم سے ابتدائی ٹیسٹ میچ میں شکست کے باوجود ٹیم کے حوصلے پست نہیں ہوئے ہیں۔ 30 سالہ ٹراوس ہیڈ نے کہا کہ بھارت کے خلاف پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے آئندہ میچ کیلئے ان کی ٹیم بھرپور تیاریوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم کا شمار دنیائے کرکٹ کی بہترین ٹیموں میں ہوتا ہے اور اس کو شکست دینا آسان نہیں ہے۔ بھارتی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میچ میں جاندار کھیل پیش کرتے ہوئے فتح حاصل کی ہے۔ بھارت کی ٹیم کو میزبان آسٹریلوی ٹیم کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے، بھارتی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا کو 295 رنز سے شکست دی تھی۔ ٹراوس ہیڈ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی ٹیم میں ایسے کھلاڑی موجود ہیں جو کسی بھی وقت میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھارت کے خلاف بارڈر، گواسکر سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے بلکہ سیریز میں جاندار کم بیک کرتے ہوئے سیریز 1-1 سے برابر بھی کریں گے۔

عمر اکمل کی اہلیہ نفرت سے کیسے نمٹتی ہیں؟ کئی لوگوں کا سوال

اس سے پیار کرتی ہوں اور میں اس سے محبت کرتی ہوں میرے لیے اتنا ہی کافی ہے' کرارا جواب

لاہور (این این آئی) عمر اکمل ایک مشہور پاکستانی کرکٹر ہیں جنہوں نے کرکٹ کے تقریباً تمام فارمیٹس کھیلے ہیں اور متعدد میچ وننگ اننگز دی ہیں۔ عمر اکمل نے 2009 سے 2019 کے درمیان قومی کرکٹ ٹیم کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ اپنے دو بھائیوں عدنان اور کامران کی طرح عمر نے بھی کبھی ون ڈے میچوں میں قومی ٹیم کے لیے وکٹ کیپنگ کی ہے۔ بدقسمتی سے کرکٹر کو اسپاٹ فکسنگ سے متعلق پیشکشوں کو ظاہر نہ کرنے پر پاکستان کرکٹ بورڈ نے ان پر اٹھارہ ماہ کی پابندی عائد کر دی۔ انہیں پی سی بی کی جانب سے عارضی پابندی کا سامنا کرنا پڑا اور اس کے بعد وہ قومی کرکٹ ٹیم میں جگہ نہیں بنا سکے۔ تاہم وہ پی ایس ایل کا لازمی حصہ ہیں۔

پاکستان فٹ بال فیڈریشن کا سعودی عرب کے خلاف فیفا دوستانہ میچ کے لئے ویمنز ٹیم کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن نے 7 دسمبر کو دوحہ میں ہونے والے سعودی عرب کے خلاف فیفا دوستانہ میچ کے لئے ویمنز ٹیم کا اعلان کر دیا۔ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ہیڈ کوچ عدیل رزقی قومی ٹیم کی قیادت کریں گے جبکہ کھلاڑیوں میں گول کیپر نیشا اشرف، آرزو اور حبیبہ فاروقی، ڈیفینڈر ماریہ خان (کپتان)، سارہ خان، مشعل بھٹی، صوفیہ قریشی، مہرین گل، فاطمہ ناصر اور زالیہ صدیقی، مڈفیلڈر سوہا ہیرانی، رامین فرید، آمنہ حنیف، شا مہدی اور عالیہ صادق، فارورڈ جمیمہ ملک، اسرا خان، نادیہ خان، انمول حرا اور ایمان مصطفی شامل ہیں۔

جنوبی افریقا اور انگلینڈ کی خواتین ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے کرکٹ میچ آج کھیلا جائے گا

جوہانسبرگ (این این آئی) جنوبی افریقا اور انگلینڈ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ آج (بدھ کو) ڈائمنڈ اوول، کمبرلی میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل انگلینڈ کی خواتین ٹیم نے میزبان جنوبی افریقا کی خواتین ٹیم کو تین ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچز کی سیریز میں 0-3 سے وائٹ واش کر دیا تھا۔ برطانوی ویمنز ٹیم نے میزبان جنوبی افریقی ویمنز ٹیم کو پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 4 وکٹوں، دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 36 رنز جبکہ تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ میں 9 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ انگلینڈ کی خواتین ٹیم ان دنوں جنوبی افریقا کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹوئنٹی، تین ون ڈے اور ایک ٹیسٹ میچ کھیلنا ہے۔ برطانوی خواتین ٹیم تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیل چکی ہے۔

جب تک پاکستان بھارت دوطرفہ میچ نہ کھیلیں آئی سی سی کوئی شیڈول نہ دے، کامران اکمل

لاہور (این این آئی) ہائبرڈ ماڈل کے تحت چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کی گونج میں بھارتی کرکٹ بورڈ کے ڈبل اسٹینڈرڈ کو سابق کرکٹر نے شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کے حوالے سے ٹکراؤ جاری ہے، بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے کہ بھارت آئی سی سی ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان کا سفر نہیں کرے گا، ایسے میں پی سی بی نے پارٹنرشپ فارمولا پیش کر کے ترپ کا پتا پھینکا ہے۔ پاکستان کے سابق وکٹ کیپر کامران اکمل نے اس صورتحال پر سخت موقف اپناتے ہوئے کہا کہ آئی سی سی کو بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ اس وقت تک شیڈول نہیں کرنا چاہیے جب تک یہ دونوں ٹیمیں باہمی کرکٹ کھیلنا شروع نہیں کر دیتیں۔ چیمپئنز ٹرافی کے غیر یقینی مستقبل کے درمیان کامران اکمل نے بھارتی بورڈ کے ڈبل اسٹینڈرڈ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہائبرڈ ماڈل کو قبول کیا جاتا ہے، تو آئی سی سی کو ان ایونٹس کے لیے بھی اسی طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیے جو 2031-2025 تک بھارت میں منعقد کیے جائیں گے۔ ٹیلی کام ایشیا اسپورٹ سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مستقبل میں بھارت میں مردوں کا ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ اور ون ڈے ورلڈ کپ ہونا ہے پھر اس کے لیے بھی ہائبرڈ ماڈل کو اپنانا چاہیے۔

پنک بال ٹیسٹ سے پہلے گواسکر نے سازش کی بو سونگھ لی



پرتھ (این این آئی) بھارتی لیجنڈ سنیل گواسکر نے آسٹریلیا کے خلاف پنک بال ٹیسٹ سے قبل جوش ہیزل ووڈ کے نہ کھیلنے پر سازش کی بو سونگھ لی ہے۔ آسٹریلیا کے پیسر جوش ہیزل ووڈ سائیڈ اسٹرین انجری کے باعث 6 دسمبر سے ہونے والے پنک بال ٹیسٹ سے باہر ہو چکے ہیں، بھارت کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں جوش ہیزل ووڈ کی جگہ اسکاٹ بولینڈ کو ٹیم میں شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ سنیل گواسکر نے کہا کہ آسٹریلین ٹیم میں خوف و ہراس نظر آرہا ہے، جوش ہیزل ووڈ نے میڈیا میں جو بیان دیا تھا کہ چوتھے دن کا سوال بیٹرز سے کرنا چاہیے، اس میں کچھ عجیب سے نظر آرہا ہے۔ سابق لیجنڈ کرکٹر نے کہا کہ اپنے اس بیان کے بعد جوش ہیزل ووڈ دوسرے ٹیسٹ سے باہر ہو چکے ہیں اور سائیڈ اسٹرین انجری کی وجہ سے پوری سیریز سے باہر ہو چکے ہیں۔

شہید بینظیر آباد انڈر 20 یوتھ سپورٹس فیسٹیول کے تحت کھیلوں کے مقابلے اختتام پذیر ہو گئے

نوابشاہ (این این آئی) ضلع انتظامیہ کی جانب سے محکمہ سپورٹس کے تعاون سے ڈسٹرکٹ شہید بینظیر آباد انڈر 20 یوتھ سپورٹس فیسٹیول کے تحت کھیلوں کے مقابلے اختتام پذیر ہو گئے۔ اس موقع پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں میں انعامات تقسیم کرنے کی ایک شاندار تقریب بلاول سپورٹس کمپلیکس میں منعقد کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رکن سندھ اسمبلی غلام قادر چانڈیو، سیکرٹری سپورٹس عبدالعلیم لاشاری، کمشنر سید محمد سجاد حیدر، ڈپٹی کمشنر شہریار گل میمن اور دیگر نے کہا کہ نوجوانوں کی صحت کے لیے کھیل بہت ضروری ہیں جس سے انکی صحت پر اچھے اثرات مرتب ہونگے۔

ویرات کوہلی کے ہمشکل نوجوان کی ویڈیو وائرل

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے مایہ ناز بیٹر ویرات کوہلی کے ہمشکل نوجوان کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہورہی ہے۔ جس میں بھارتی ٹیم کے مداح محمد ارمان ملک کو دیکھا جاسکتا ہے کہ لیکن انہوں نے ویرات کوہلی سے مشابہت کی وجہ سے لوگوں کی توجہ حاصل کر لی ہے۔

لاہور: سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب اسٹیڈیم میں مقابلوں میں کبڈی میچ کا منظر۔

روہت شرما اور رتیکا سجدیو نے نوزائیدہ بیٹے کا نام بتا دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما اور اہلیہ رتیکا سجدیو نے نوزائیدہ بیٹے کا نام بتادیا۔ بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما اور ان کی اہلیہ رتیکا سجدیو کے ہاں رواں ماہ کے اوائل میں بیٹے کی ولادت ہوئی تھی۔ بیٹے کی ولادت کے باعث روہت شرما نے آسٹریلیا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ میں شرکت نہیں کی تھی۔ آسٹریلیا کیخلاف میچ میں قیادت جسپریت بمراہ کی تھی اور بھارت نے میچ 295 رنز سے جیتا تھا۔ روہت شرما اور رتیکا سجدیو نے اب نومولود کا نام ظاہر کیا ہے، رتیکا نے کرسمس پر مبنی فیملی کٹ آؤٹ کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ روہت اور سجدیو کی بیٹی کا نام سیمی ہے۔

پاکستان سیریز سے قبل جنوبی افریقا کو بڑا دھچکا

فاسٹ باؤلر جیرالڈ کوئٹزی گروئن انجری کے باعث پاکستان کیخلاف سیریز سے باہر

ڈربن (این این آئی) پاکستان سیریز سے قبل جنوبی افریقہ کو انجری کا دھچکا لگ گیا۔ جنوبی افریقہ کے فاسٹ باؤلر جیرالڈ کوئٹزی گروئن انجری کے باعث سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ اور پاکستان کے خلاف آئندہ سیریز سے باہر ہو جائیں گے۔ ڈربن ٹیسٹ میں باؤلنگ کے دوران کمر میں چوٹ لگنے سے کوئٹزی کے چھ ہفتوں تک میدان سے باہر رہنے کی امید ہے۔ اسکینز نے پٹھوں میں کھچاؤ کی تصدیق کی اور اس کے نتیجے میں، وہ سری لنکا ٹیسٹ اور پاکستان کے خلاف آل فارمیٹ کی سیریز کے لیے اسکواڈ کا حصہ نہیں ہوں گے۔

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ؛ کیا پاکستان اب بھی فائنل کھیل سکتا ہے؟

پروٹیز نے دوسری پوزیشن پر قابض ہوکر آسٹریلیا اور بھارت کیلئے مشکل کھڑی کردی

دبئی (این این آئی) آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل کی دوڑ دلچسپ موڑ پر پہنچ گئی۔ کچھ عرصے قبل تک بھارت اور آسٹریلیا ہی ایک بار پھر فیصلہ کن معرکے میں مدمقابل نظر آرہے تھے مگر ہوم گراؤنڈز پر نیوزی لینڈ سے وائٹ واش نے بھارتی پوزیشن کو دھچکا لگا دیا۔ اسی طرح آسٹریلوی ٹیم بھی بھارت سے پرتھ ٹیسٹ میں شکست کے بعد خود کو خطرے کا شکار کرچکی۔ اس دوران جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو پہلے ٹیسٹ میں شکست دے کر کینگروز سے دوسری پوزیشن چھین لی ہے۔ رواں ٹیسٹ چیمپئن شپ دورانیے میں ابھی 15 میچز مزید کھیلے جانے ہیں تاہم تاحال کوئی بھی ٹیم ابھی تک فائنل میں اپنی نشست بک نہیں کراسکی۔ جنوبی افریقہ اگر سری لنکا کے خلاف جاری سیریز کا آخری ٹیسٹ اور اس کے بعد پاکستان سے دونوں ہوم ٹیسٹ میچز جیت گیا تو 61.11 کی پرسنٹیج حاصل کر کے فائنل کھیلنے کے اپنے امکانات کو روشن کرسکتا ہے، اس صورت میں بھی سری لنکا اور بھارت دونوں اس کو پیچھے چھوڑ سکتے ہیں مگر اس کیلئے آئی لینڈرز کو آسٹریلیا کے خلاف ہوم سیریز کے دونوں ٹیسٹ جیتنا ہوں گے جبکہ بھارت کو رواں سیریز میں آسٹریلیا کو کم سے کم مزید 3 ٹیسٹ میچز میں مات دینا ہوگی۔ البتہ اگر آسٹریلیا اپنے باقی ٹیسٹ میچز میں سے 4 میں فتح پائے اور ایک ڈرا کرے تو اس کی پرسنٹیج 61.11 ہوجائے گی، اس صورت میں بھارت اور سری لنکا دونوں جنوبی افریقہ سے نیچے چلے جائیں گے۔ اگر جنوبی افریقہ سری لنکا سے دوسرا ٹیسٹ جیتنے کے بعد پاکستان سے سیریز 1-1 سے برابر کرے تو اس کی پرسنٹیج 61.11 ہوجائے گی، یوں ٹیم کی فائنل میں جگہ پکی ہوسکتی ہے۔



ذاتی زندگی میں بہت بڑی آزمائش سے گزری ہوں، اداکارہ عائشہ جہانزیب

اداکارہ اپنے شوہر سے گھریلو تشدد کا شکار رہی ہیں اور اب وہ طلاق لے رہی ہے

لاہور (این این آئی) عائشہ جہانزیب ایک پاکستانی اینکر اور اداکارہ ہیں جو اپنی ذاتی زندگی میں ایک بہت بڑی آزمائش سے گزری ہیں۔ وہ ابھی اپنے شوہر سے گھریلو تشدد کا شکار رہی ہیں اور اب طلاق لے رہی ہے۔ انہوں نے ایک مشکل دور سے گزرنے کے بعد اپنی زندگی میں آگے بڑھ کر بہادری سے قدم اٹھایا ہے۔ حال ہی میں عائشہ جہانزیب نے ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے صنفی امتیاز، خواتین کے لیے مواقع کی کمی اور معاشرے میں منافقت کے بارے میں بات کی۔ عائشہ جہانزیب نے اس بارے میں بھی اپنی رائے بیان کی کہ کس طرح ڈرامے یہ پروپیگنڈہ کرتے رہے ہیں کہ تشدد اور اسے برداشت کرنا عام ہے اور کبھی اعتبار سے ٹھیک ہے۔ ان کے نزدیک اس طرح کی چیزیں ہمارے معاشرے میں تشدد کو مزید ہوا دے رہی ہیں۔ عائشہ جہانزیب نے گھریلو تشدد کے خلاف بھی بات کی۔ ان کے نزدیک کوئی آدمی آپ پر ہاتھ اٹھانے کے بعد پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ انہوں نے ایسی لڑکیاں جن کی شادی نہیں ہوئی ہے اور ریلیشن شپ میں ہیں کے بارے میں کہا کہ وہ وہ بھی بدسلوکی اور گالم گلوچ کو برداشت کرتی ہیں اور اس کو روکنے کی ضرورت ہے کیونکہ ایک بار جب کوئی آدمی آپ پر ہاتھ اٹھاتا ہے تو پھر وہ ہاتھ پیچھے نہیں ہٹتا اور وہ ہاتھ بار بار اٹھتا ہے۔

نرگس فخری کی بہن نیویارک میں قتل کے الزام میں گرفتار

نیویارک (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ نرگس فخری کی بہن عالیہ کو مبینہ طور پر قتل کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق بالی ووڈ اداکارہ نرگس فخری کی بہن عالیہ کو مبینہ طور پر نیویارک میں دو افراد کے قتل کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ عالیہ فخری کو نیویارک کے شہر کوئنز میں ان کے سابق بوائے فرینڈ ایڈورڈ جیکبز اور ان کی دوست اناستاسیا ایٹین کو قتل کرنے کے الزام میں حراست میں لیا گیا۔ ملزمان نے دو منزلہ مکان کو آگ لگا دی جس کے نتیجے میں دونوں افراد کی موت دم گھٹنے کی وجہ سے ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نرگس فخری کی بہن نے حسد کی وجہ سے انتہائی قدم اٹھایا جب جیکبز اپنی خاتون دوست کے ساتھ پائے گئے تھے۔ بعد ازاں بالی ووڈ اداکارہ کی بہن کو کوئنز کرمنل کورٹ میں پیش کیا گیا جہاں ان کی ضمانت بھی مسترد کر دی گئی ہے۔ نرگس فخری کی والدہ نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ وہ کسی کو قتل کرسکتی ہے، وہ ایک ایسی شخصیت تھی جو سب کا خیال رکھتی تھی۔ اس نے ہر ایک کی مدد کرنے کی کوشش کی۔

پاکستانی فلم ''دیمک'' کا ٹیزر جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) سینئیر اداکارہ بشریٰ انصاری اور ثمینہ پیرزادہ سمیت فیصل قریشی طویل عرصے بعد جلد ہی بڑے پردے پر واپسی کرنے والے ہیں، ان کی آنے والی فلم 'دیمک' کا ٹیزر جاری کر دیا گیا۔ رافع راشدی کی ہدایت کردہ فلم 'دیمک' کی کہانی عائشہ مظفر نے لکھی ہے اور ان کی بطور لکھاری یہ پہلی فلم ہوگی۔ فلم کی میگا کاسٹ میں جاوید شیخ، ثمینہ پیرزادہ، بشریٰ انصاری، سونیا حسین، فیصل قریشی اور ثمن انصاری سمیت دیگر اداکار شامل ہیں۔ جاری کیے گئے مختصر دورانیے کے ٹیزر میں اگرچہ فلم کے مرکزی کرداروں کو دکھایا گیا ہے، تاہم اس سے کہانی کو سمجھنا مشکل ہے۔ ٹیزر میں ثمینہ پیرزادہ، بشریٰ انصاری، جاوید شیخ اور سونیا حسین سمیت دیگر کے کرداروں کو دکھایا گیا ہے۔ ڈارک بار فلم کی ٹیزر جاری کرتے ہوئے اسے ریلیز کرنے کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا گیا۔

پریانکا کی کامیابی نے اس کے بھائی کو نقصان پہنچایا، والدہ

ممبئی (این این آئی) بھارت سمیت دنیا بھر میں شہرت رکھنے والی معروف اداکارہ پریانکا چوپڑا کی والدہ کا کہنا ہے کہ ان کی بیٹی کی کامیابی سے بیٹے کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ کی والدہ مدھو چوپڑا نے اپنے بیٹے سدھارتھ چوپڑا کی زندگی بھر کی محنت اور ان کی بہن پریانکا کی کامیابی کے اثرات پر کہا کہ سدھارتھ کو ان کے گھرانے کی مصروفیات کے باعث اپنی زندگی میں بہت کچھ خود ہی کرنا پڑا۔ مدھو چوپڑا نے کہا کہ سدھارتھ پریانکا کی کامیابی کے باعث قربانی کا بکرا بن گیا کیونکہ جب وہ نو عمر تھا تو اس وقت میں پریانکا کے ساتھ تھی اور ان کے والد اپنے کام میں مصروف تھے اسی لیے سدھارتھ کو خود سے بڑا ہونا پڑا۔ پریانکا کی والدہ نے مزید کہا کہ میں اپنے بیٹے کو ہر روز جدوجہد کرتے ہوئے دیکھتی ہوں اور دل ہی دل میں کہتی ہوں کہ خدا نے جو عطا کیا ہے اس پر شکر ادا کرو۔

نادیہ حسین کے گھر میں چوری، اداکارہ نے خوفناک واردات کا انکشاف کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ماڈل، اداکارہ، بیوٹیشن اور کامیاب کاروباری خاتون نادیہ حسین نے حال ہی میں ایک مارننگ شو میں اپنے ساتھ پیش آنے والے خوفناک چوری اور حادثے کے واقعات کا ذکر کیا ہے۔ ندیا حسین نے اپنی زندگی میں پیش آنے والے خطرناک تجربات شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ امریکہ میں ان کے گھر میں چوری ہوئی جس میں ان کا سب کچھ لٹ گیا۔ نادیہ نے بتایا کہ ہم نے گھر کے تمام کمرے اور دروازے بند کر دیئے تھے لیکن ایک دروازہ غلطی سے کھلا رہ گیا جو ہمارے کمرے کی بالکنی کا تھا۔ چور نے اسی راستے کا فائدہ اٹھایا اور سب کچھ لے اڑا حتیٰ کہ میری پلاسٹک جیولری بھی لے گیا۔

ابھیشیک بچن کے بیویوں سے متعلق بیان نے سب کو چونکا دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ابھیشیک بچن نے شادی شدہ افراد کو بیویوں سے متعلق مشورہ دیا ہے۔ ابھیشیک بچن نے گزشتہ رات ممبئی میں فلم فیئر او ٹی ٹی ایوارڈز 2024 میں شرکت کی اور کرینہ کپور کو ایوارڈ پیش کیا جب کہ ایوارڈ شو کے دوران ابھیشیک بچن کی میزبان کے ساتھ ہونے والی گفتگو وائرل ہورہی ہے۔ اس بات چیت میں اداکار نے بتایا کہ بیویوں کے معاملے میں مردوں کو کیا کرنا چاہیے۔ میزبان نے ابھیشیک سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ ایک چھوٹا سا سوال ہے کہ آپ اتنی اچھی پرفارمنس دیتے ہیں کہ ناقدین بھی لاجواب ہوجاتے ہیں اور کچھ کہہ نہیں پاتے، آپ ایسا کیسے کرلیتے ہیں؟ جواب میں ابھیشیک نے کہا یہ بہت سادہ بات ہے، اس میں ہمارا کمال نہیں، جو ڈائریکٹر کہتا ہے ہم وہی کرتے ہیں اور کام کر کے خاموشی سے گھر چلے جاتے ہیں۔ تاہم میزبان نے اس جواب کا بیوی کی بات ماننے سے موازنہ کیا جس پر ابھیشیک نے کہا 'تمام شادی شدہ مردوں کو یہ کرنا چاہیے، جو بیوی کہے اس کی بات مانیں اور وہی کریں۔ اداکار کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر بہت وائرل ہورہی ہے۔ واضح رہے کہ ابھیشیک بچن کی یہ ویڈیو ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ان کی اہلیہ ایشوریا رائے کے ساتھ طلاق کی خبریں سرگرم ہیں۔

فلمساز سنجے گپتا کی وکرانت میسے کی ریٹائرمنٹ کا دفاع

اداکار وکرانت 2025 کے بعد اداکاری کو ترک کر کے اپنے خاندان پر توجہ دیں گے

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلمساز، پروڈیوسر اور اسکرین رائٹر سنجے گپتا نے اداکار وکرانت میسے کی جانب سے اداکاری سے بریک لینے کے فیصلے کا دفاع کیا جبکہ فلمساز و مصنف اپروو ا آسرانی نے حیرت کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ پیر کو 37 سالہ اداکار وکرانت میسے نے انسٹاگرام پر اپنی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے فلم انڈسٹری کو حیران کر دیا تھا۔ جس میں انکا کہنا تھا کہ وہ 2025 کے بعد اداکاری کو ترک کر کے اپنے خاندان پر توجہ دیں گے۔ انکے اس اعلان پر انکے ہم عصروں کی جانب سے ملا جلا ردعمل سامنے آیا، کچھ نے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا تو دیگر یہ جاننے کے متمنی تھے کہ اس فیصلے کی وجہ کیا ہے۔ اسکرین رائٹر اپروو ا آسرانی نے قیاس کیا کہ وکرانت میسے نے اپنے ذاتی خیالات کی وجہ سے منسوخ کیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ کیا وکرانت نے انڈسٹری چھوڑنے کا فیصلہ رضاکارانہ طور پر کیا یا پھر یہ کسی صورتحال کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے وکرانت کی فلم سبرامتی رپورٹ کا بھی تذکرہ کیا، یاد رہے کہ مذکورہ فلم ریاست گجرات میں 2002 کے گودھرا ٹرین واقعے پر مبنی تھی۔ دوسری جانب فلمساز سنجے گپتا نے وکرانت کے جرات مندانہ قدم کو سراہا ہے۔



بہت ہی ناشکرے ہیں وہ جو لڑکی کیساتھ جہیز بھی چاہتے ہیں، بشریٰ انصاری

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری کا کہنا ہے کہ ہمارے ملک میں جہیز پر قانون بننا چاہیے۔ بشریٰ انصاری اکثر ہی دلچسپ وی لاگز ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب پر موجود اپنے چینل پر مداحوں کے ساتھ شیئر کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں ایک وی لاگ شیئر کیا ہے جس میں انہوں نے جہیز کی وجہ سے لڑکیوں اور ان کے والدین کو درپیش مشکلات کے بارے میں بات کی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ جہیز کے معاملے میں ہمارے ملک میں ابھی تک کوئی قانون نہیں بنا ہے، اس سے متعلق قانون بننا چاہیے کیونکہ لوگوں کو بیٹیوں کی شادی کے معاملے میں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ اپنی بیٹیوں کی اتنی محنت اور محبت سے پرورش کر کے انہیں رخصت کرتے ہیں اور ساتھ میں جہیز کے نام پر ڈھیر سارا سامان بھی دیتے ہیں اور اس کے باوجود بھی ڈرتے ہیں کہ پتہ نہیں سسرال والے ان کی بیٹیوں کو خوش رکھیں گے یا نہیں۔ بشریٰ انصاری نے جہیز لینے والوں پر سخت الفاظ میں تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ لوگ بہت ہی ناشکرے ہوتے ہیں جو لڑکیوں کے ساتھ جہیز کا سامان بھی چاہتے ہیں۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

لیسکو نے صارفین کو ریڈنگ کے بغیر ہی بلز بھیج دیے

عوام کی چیخیں نکلوادی گئیں، سردی میں گرمی کی ایوریج سے بل دینا ہوگا، شہری پھٹ پڑے

ڈیجیٹل میٹرز پر اطلاق نہیں ہوگا، نئے میٹرز آنے تک یہی پالیسی رہے گی نئے میٹرز میں 6 ماہ لگ سکتے ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ قوت) لیسکو کی پھرتیاں ریڈنگ کے بغیر ہی بلز بھیج دیئے ایک بار پھر غریب عوام کی چیخیں نکلوادی گئیں سردیوں میں بھی گرمیوں کے حساب سے بل دینا ہوگا ڈیجیٹل میٹرز کے علاوہ باقی میٹرز کے صارفین کو اندازاً بلز بھیج دیے گئے جب تک ڈیجیٹل میٹرز نہیں لگیں گے عوام کو ایوریج یونٹس کے حساب سے ادائیگی کرنا ہوگی تفصیل کے مطابق لیسکو نے بجلی صارفین کو بتائے بغیر ہی نئی پالیسی جاری کردی ہے رواں ماہ آنے والے بجلی کے بلز ریڈنگ کے بغیر ہی بھیج دیئے گئے ہیں نئی پالیسی کے مطابق جن صارفین کے ڈیجیٹل میٹرز نہیں ہیں ان کو گرمیوں کے حساب سے ایوریج یونٹس کا بل بھیج دیا گیا ہے یوں صارفین کو سردیوں میں بھی گرمی کے حساب سے بل دینا پڑے گا ذرائع کے مطابق ڈیجیٹل میٹرز آنے میں 4 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں جب تک میٹرز تبدیل نہیں ہو جاتے صارفین کو استعمال سے کئی گنا زیادہ بل کی ادائیگی کرنا ہوگا سماجی حلقوں نے اسے عوام دشمن پالیسی قرار دیتے ہوئے احتجاج کیا ہے ان کا کہنا ہے کہ آئے روز زیادتی اور ظلم کیا جارہا ہے اگر ایسا ہی چلتا رہا تو عوام خودکشی پر مجبور ہوجائے گی لیسکو حکام ہوش کے ناخن لیں اور عوام پر ظلم بند کریں۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخ فضل الٰہی ٹرسٹ میں تقریب کا انعقاد

ڈی پی او عبداللہ احمد کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت



چنیوٹ (پیرزادہ اقبال حسین سے) معذور افراد کے عالمی دن کے حوالے سے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخ فضل الٰہی ٹرسٹ میں تقریب کا انعقاد ڈی پی او عبداللہ احمد کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق 3 دسمبر معذور افراد کے عالمی دن کے حوالے سے شیخ فضل الٰہی بحالی معذوراں سنٹر کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ میں ڈی پی او عبداللہ احمد نے متعلقہ سٹاف اور معذور بچوں کے ہمراہ کیمپ کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر اینڈ بیت المال حاجی شہباز اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر سید نورالحسن شاہ صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ پروگرام آرگنائزر فاروق احمد راجھ اور سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندگان نے شرکت کی تقریب کے دوران معذور افراد کی ویلفیئر کیلئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا تقریب میں معذور افراد کیلئے تیار کیے گئے مصنوعی اعضاء کے سٹال بھی لگائے گئے ڈی پی او عبداللہ احمد نے معذور افراد کی ویلفیئر کیلئے شیخ فضل الٰہی ٹرسٹ و انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا معذور افراد کا عالمی دن منانے کا مقصد ان کے مسائل کو اجاگر کرنا اور بحالی کیلئے اقدامات کرنا ہے، ڈی پی او عبداللہ احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معذور افراد کو معاشرے کا کارآمد فرد بنانے کیلئے ہر شخص کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

سموگ کی روک تھام کے لیے محکمہ زراعت چنیوٹ متحرک

سموگ انسانوں جانوروں اور پودوں کے لیے مضر صحت ہے، شہباز احمد

چنیوٹ (پیرزادہ اقبال حسین سے) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی ہدایت پر سموگ کی روک تھام کے لیے محکمہ زراعت چنیوٹ متحرک، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شہباز احمد نے بتایا ہے کہ سموگ انسانوں جانوروں اور پودوں کے لیے مضر صحت ہے۔ دھان کی باقیات کو آگ لگانا قانونا جرم ہے اس سے نہ صرف زمین کی زرخیزی میں کمی واقع ہوتی ہے بلکہ اس سے نکلنے والا دھواں فضائی آلودگی کا باعث ہے۔ اس کی آگاہی کے لیے زرعی عملہ مساجد میں اعلانات سکولوں، کالجوں، فارمر ٹریننگ پروگرامز، موبز، سوشل میڈیا پر بھرپور کمپین چلا رہا ہے۔ پنجاب ماحولیات تحفظ سموگ کا سدباب روک تھام قوانین 2023 کے تحت قانون توڑنے والوں کے خلاف بھاری جرمانے اور ایف آئی آر درج کروائی جارہی ہیں تاکہ فضائی آلودگی پر قابو پایا جا سکے اور شہریوں کو سانس لینے کے لیے صاف ستھری فضا میسر آسکے۔

شہریوں کی سہولت کیلئے کارپوریشن نے شہر میں 13 پارکنگ سٹینڈ قائم کئے ہیں، شیخ اشفاق احمد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی ہدایت پر کارپوریشن نے شہر میں 13 پارکنگ سٹینڈ قائم کئے ہیں تاکہ عوام کو درپیش ٹریفک کے مسائل حل ہوں اور انہیں محفوظ پارکنگ میسر آسکے۔ چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد نے بتایا کہ یہ پارکنگ سٹینڈز جوگی چوک نزد ویٹرنری ہسپتال، ہائی سٹریٹ پرٹیکنی چوک سے مشن چوک تک، مشن چوک ہسپتال، فتح شیر روڈ، کیئر ہسپتال، بلوم فیلڈ سکول اور ڈاکٹر ساجد مصطفی کلینک، بیری والا چوک، جھال روڈ سے بھٹہ پٹرول پمپ، کالج چوک، گرلز کالج روڈ، ایمرن کو زین ظفر علی روڈ اور چرچ روڈ بالمقابل عبدالقیوم ہسپتال قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان پارکنگ سٹینڈز پر پارکنگ فیس سائیکل کے لئے 10 روپے، موٹر سائیکل کے لئے 20 روپے، آٹو رکشہ یا موٹر سائیکل رکشہ کے لئے 30 روپے جبکہ کار، ویگن، جیپ، پک اپ اور بس کے لئے 50 روپے مقرر کی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور کا بنیادی صحت مرکز چک نمبر 100/9L کا اچانک دورہ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور کا بنیادی صحت مرکز چک نمبر 100/9L کا اچانک دورہ، دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور عملے کی حاضری چیک کی۔ انہوں نے مرکز کے مختلف حصے دیکھے اور صفائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا۔ عملے سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے ہدایت کی کہ مرکز صحت میں آنے والے مریض کو اشد ضرورت کے تحت ہی ہسپتال ریفر کیا جائے۔ انہوں نے ادویات کے سٹاک کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی رکنی نہیں چاہیے۔ انہوں نے مرکز صحت میں کتے اور سانپ کے کاٹنے کی ویکسین نہ ہونے پر ہدایت کی کہ ضروری ویکسین کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مرکز میں مچھر مار سپرے بھی کیا جائے۔ اے ڈی سی جنرل کے دورے کے دوران 6 مریض مرکز میں موجود تھے جن سے انہوں نے سہولیات بارے استفسار کیا جبکہ مرکز میں صبح سے 23 مریضوں کا معائنہ کیا جاچکا تھا۔

ہیومیوپیتھی طریقہ علاج مقبولیت کے مدارج طے کررہا ہے، ڈیوڈ ریکویگ

"ہومیوپیتھی علاج کا ایک قدرتی اور مؤثر طریقہ ہے، جو لاکھوں لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لا رہا ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) "ہومیوپیتھی قدرتی طریقہ علاج جو تیزی سے مقبولیت کے مدارج طے کررہا ہے سائیڈ ایفیکٹ نہ ہونے کی وجہ سے مریض کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔" ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر ڈیوڈ ریکویگ نے ڈاکٹر ریکویگ جرمنی اور ڈاکٹر سلیم احمد اینڈ کمپنی کی گولڈن جوبلی تقریب میں کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر ریکویگ جرمنی علاج کو موثر اور اقتصادی بنانے میں یقین رکھتے ہیں۔ تقریب میں جرمن قونصلیٹ انجا کلوس، مہمان اعزازی کے طور پر اور معروف ہومیوپیتھی ماہر ڈاکٹر اسماعیل نامی نے کلیدی مقرر کے طور پر شرکت کی، جنہوں نے عالمی صحت کی دیکھ بھال پر ہومیوپیتھی کے پائیدار اثرات اور پاکستان میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر نجمس ثاقب نے جرمن ٹیم کی جانب سے غیر متزلزل حمایت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا، "یہ سنگ میل نہ صرف ہمارے مشترکہ ماضی کا عکاس ہے بلکہ پاکستان میں ہومیوپیتھک صحت کی دیکھ بھال تک جدت لانے اور وسیع رسائی کے لیے مسلسل تعاون کا وعدہ ہے۔" عزیز اے خان نے ہومیوپیتھی کے عالمی اثرات اور پاکستان میں اس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا، "ہومیوپیتھی علاج کا ایک قدرتی اور مؤثر طریقہ ہے، جو لاکھوں لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لا رہا ہے۔" تقریب میں کامیابی کے اس سفر کے کلیدی کرداروں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے خلوصِ دل سے خراجِ عقیدت اور ایوارڈز پیش کیے گئے، جن میں خاص طور پر ڈاکٹر ڈیوڈ ریکویگ، ڈاکٹر نجم الثاقب، اور عزیز اے خان کو ان کی قیادت اور انتھک محنت پر سراہا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ریکویگ جرمنی اور ڈاکٹر سلیم احمد اینڈ کمپنی جیسی شراکت داریوں کے ذریعے بہتر صحت کی خدمات کے مستقبل کی امیدوں کا بھی اظہار کیا گیا۔ اس پروقار تقریب میں 500 سے زائد معزز مہمانوں نے شرکت کی، جن میں ہومیوپیتھک ڈاکٹروں، صنعت کے ماہرین، اور صحت عامہ سے وابستہ نمایاں شخصیات شامل تھیں۔ ہومیوپیتھک ادویات کے عالمی رہنما ڈاکٹر ریکویگ جرمنی نے ڈاکٹر سلیم احمد اینڈ کمپنی، پاکستان کے ساتھ اپنی 50 سالہ شراکت داری کا فخر کے ساتھ جشن منایا۔ یہ گولڈن جوبلی معیار، جدت، اور تعاون کے 50 سالوں کی یادگار ہے، جو پاکستان بھر میں اعلیٰ معیار کی ہومیوپیتھک صحت کی خدمات فراہم کرنے کا ثبوت ہے۔

مسلم ہینڈز ادارہ بحالی معذوراں کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد

ایریا مینیجر رانا عمر فاروق، لائیولی ہڈ آفیسر سردار شمس الرحمن کی زیر نگرانی پروگرام منعقد کیا گیا



وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم ہینڈز ادارہ بحالی معذوراں کے زیراہتمام ایریا مینیجر رانا عمر فاروق، لائیولی ہڈ آفیسر سردار شمس الرحمن زیر نگرانی معذوروں کے عالمی دن کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں ڈاکٹر امولک اعجاز، صدر انجمن بہبودی مریضاں ناصر محمود اللہ والے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبید رحمت، افتخار حسین صدیقی، لائیولی ہڈ آفیسر شمس الرحمن، حافظ محمد ندیم، ڈائریکٹر حوا ہسپتال ناصر جمال بٹ، ینگ بلڈ کے نوید احمد، محمد اسلم جتالہ، عابد طفیل مغل، ڈاکٹر شاہزیب، سعید انور زبیری، وقاص ملک، محمد شاہد، عرفان مغل، جانسن سمیت معززین علاقہ اور سپیشل پرسن کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر امولک اعجاز، ناصر محمود اللہ والے، عبید رحمت نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معذور افراد ہماری توجہ اور معاونت کے مستحق ہیں دنیا بھر میں معذور افراد کی تعداد 6 سو ملین تک پہنچ چکی ہے ہر دس افراد میں ایک شخص معذور ہے ترقی پذیر ممالک میں نوے فیصد خصوصی افراد کو زندگی میں آگے بڑھنے کے موقع دستیاب نہیں دنیا میں 70 فیصد معذور افراد کا تعلق ترقی پذیر ممالک سے ہے۔ شمس الرحمن نے کہا کہ مسلم ہینڈز کے زیر اہتمام ادارہ بحالی معذوراں میں اب تک 11 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے اور جسمانی معذور افراد کے لیے مسلم ہینڈز کے ادارہ جات ہر ممکن تعاون و علاج معالجہ بہم پہنچا رہے ہیں، معذور افراد کے علاج معالجہ کے ساتھ وہیل چیئرز اور مصنوعی اعضاء کی فراہمی میں بھی مسلم ہینڈز سرگرم ہے۔ علاوہ ازیں مسلم ہینڈز ادارہ بحالی معذوراں سے ریلوے بازار تک ناصر محمود اللہ کی قیادت میں آگاہی واک کی گئی شرکاء واک نے عالمی یوم معذوراں کی مناسبت سے کتبے اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔

خالد روڈ پر الحرمین ڈینٹل کیئر میں ماہانہ فری میڈیکل و ڈینٹل کیمپ کا انعقاد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) خالد روڈ پر الحرمین ڈینٹل کیئر میں ماہانہ فری میڈیکل و ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح معروف سیاسی سماجی شخصیت حاجی طارق چوہدری نے کیا، اس موقع پر چیف ایگزیکٹو رانا محمد اکرم، رانا عبدالرحمن ایڈووکیٹ، سیف الرحمن سیلفی، میاں شفیق طاہر، گل شیر احمد سردار، رانا عبدالشکور، میاں جاوید چاچو، حافظ احسان، محمد زاہد و دیگر موجود تھے، کیمپ میں ڈاکٹر رانا عبدالمتیب اکرم، ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم اور ڈاکٹر فراز احمد نے مریضوں کے چیک اپ کئے اور انہیں مفت ادویات فراہم کیں، کیمپ کا جائزہ لینے کے موقع پر حاجی طارق چوہدری کا کہنا تھا کہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد مستحق مریضوں کیلئے علاج معالجہ کے حوالے سے کسی نعمت سے کم نہیں جس پر الحرمین ڈینٹل کیئر کی انتظامیہ اور ڈاکٹرز و سٹاف خراج تحسین کا حقدار ہے، غریب و پسماندہ علاقوں کے مریضوں کو مفت علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنا بہت بڑی خدمت ہے۔

شیخوپورہ: سردی کی آمد کے ساتھ ہی لنڈا مارکیٹ کی رونقیں بھی لوٹ آئیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سردی کی آمد کے ساتھ ہی لنڈا مارکیٹ کی رونقیں بھی لوٹ آئی ہیں بازار میں پرانے کپڑوں اور جوتوں کی دکانیں کھل چکی اور سٹالز پھر سے سج چکے ہیں ساتھ ہی خریداروں کا رش بھی بڑھ گیا ہے مگر بڑھتی مہنگائی کے باعث قوت خرید متاثر ہونے سے شہری لنڈا مارکیٹ سے بھی استفادہ نہیں کر پارہے اور شکوہ کناں ہیں، شہریوں کے مطابق لنڈا مارکیٹ میں پرانے کپڑے اور جوتوں کے نرخ گزشتہ برس کی نسبت دگنے ہوچکے ہیں جس کے باعث لنڈا بازار سے خریداری بھی خاصی مشکل ہوگئی ہے۔

لاکھوں طلبہ کو پی بی سی سی کے فیصلہ کی روشنی میں عمر کی حد میں دس ماہ کی رعایت مل گئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے امسال گوجرانوالہ بورڈ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے نہم جماعت کے امتحان میں حصہ لینے والے لاکھوں طلباء و طالبات کو پی بی سی سی کے فیصلہ کی روشنی میں عمر کی حد میں دس ماہ کی رعایت دے دی ہے یہ بات سیکرٹری تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ گوہر الطاف نے اپنے دفتر سے جاری ہونے والی پریس ریلیز میں بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے فیصلہ کے مطابق اب ایسے طلباء و طالبات جن کی عمر گیارہ سال اور دو ماہ ہے وہ بھی نہم جماعت میں اپنے متعلقہ سکولز میں رجسٹریشن کروانے کے اہل ہوں گے۔ مذکورہ رعایت کے تحت گیارہ سال دو ماہ عمر والے طلباء و طالبات نہم جماعت کیلئے اپنے سکولز میں 12 دسمبر 2024ء تک رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

بیرونی سرمایہ کاری کیلئے امیگریشن پر اخلاقیات کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

پاکستانی مضبوط معیشت وقت کی ضرورت ہے۔ اظہر حمید بھٹی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پاکستان کا سافٹ امیج دعووں، کھوکھلی باتوں اور خود پسندیدگی نہیں بلکہ مثبت اخلاقی اقدار کیساتھ پاکستانی ایئرپورٹس کے امیگریشن پر تعینات عملہ کی پاکستان آنیوالے ملکی و غیر ملکی شہریوں کیساتھ حسن اخلاق اور بہتر سلوک یقینی بنانا ہوگا۔ ان باتوں کا اظہار بیرون ملک بزنس ٹوور سے واپسی پر بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی کا کہنا تھا کہ افسوس ناک امر ہے کہ فارنرز کے ساتھ پاکستانی شہری بھی جب مڈل ایسٹ، یورپ و امریکہ کینیڈا سے وطن واپسی کرتے ہیں تو اپنے ملک اترتے ہی اکثر امیگریشن حکام کا رویہ ہتک آمیز اور توہین آمیز ہوتا ہے اگر آپ ان کو خوش نہ کریں مطلب انکی "مبینہ ڈیمانڈ" پوری نہ کریں تو خواہ مخواہ وطن واپس آنیوالوں کیساتھ منفی رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام کیلئے مضبوط معیشت کی ضرورت ہے۔

جنرل بس اسٹینڈ فیصل آباد بدانتظامی اور مبینہ کرپشن کی آماجگاہ بن گیا

ریڑھی بانوں سے روزانہ 400 روپے ناجائز وصول کیے جانے لگے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) جنرل بس اسٹینڈ فیصل آباد بدانتظامی اور مبینہ کرپشن کی آماجگاہ بن چکا ہے، جہاں مسافروں اور عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ریڑھی بانوں سے روزانہ 400 روپے ناجائز وصول کیے جاتے ہیں، جبکہ ہوٹل مالکان سے بھی یومیہ 400 روپے غیر قانونی فیس وصول کی جاتی ہے۔ مسافروں کے لیے بنائے گئے واش رومز پر کوئی سرکاری نرخ آویزاں نہیں، اور وہاں سے بھی من مانی قیمتیں وصول کی جاتی ہیں۔ چنگچی رکشہ مالکان سے سہیل نامی ٹھیکیدار اضافی پرچی فیس وصول کر رہا ہے، جو قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔ اس کے علاوہ، وہ مسافر جو لاری اڈے پر رات گزارتے ہیں، ان سے بھی غیر قانونی طور پر رقم بٹوری جارہی ہے۔ ان تمام بے ضابطگیوں کی نگرانی رانا حبیب کر رہے ہیں، جو جونیئر کلرک کے طور پر بھرتی ہوئے تھے لیکن طویل عرصے سے ایڈمنسٹریٹر کے عہدے پر براجمان ہیں۔ رانا حبیب پر ماضی میں کرپشن کے الزامات کے تحت مقدمہ بھی درج ہوچکا ہے، مگر ان کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہونا انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاری اڈے پر ناجائز وصولیوں کو روکا جائے اور مسافروں کے لیے سہولیات کو بہتر بنایا جائے۔ عوام نے شفافیت کے لیے کسی اہل اور دیانتدار افسر کی تعیناتی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر انتظامیہ نے اس معاملے پر توجہ نہ دی تو حالات مزید بگڑ سکتے ہیں۔

سپیشل بچے سپیشل توجہ کے طلبگار، ہماری توجہ سے انکا مستقبل سنور سکتا ہے، غازیہ سحر

عالمی دن کو منانے کا مقصد سپیشل بچوں کے بارے آگاہی فراہم کرنا ہے

World International
Disabled Day
3rd December
Govt. Special Education Centre
Mian Channu, Distt Khanewal

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) سپیشل بچے سپیشل توجہ کے طلبگار ہیں، ہماری توجہ سے انکا مستقبل سنور سکتا ہے، غازیہ سحر تفصیلات کے مطابق خصوصی افراد کے عالمی دن کے موقع پر میاں چنوں گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن سکول کے طلباء و طالبات کی جانب سے ٹی چوک تک آگاہی ریلی نکالی گئی، بچوں نے ہاتھوں میں پینا فلیکس اٹھا رکھے، سکولوں کے سپیشل بچوں نے اپنے انداز میں عالمی دن کے بارے آگاہی فراہم کی، سکول پرنسپل مس غازیہ سحر نے کہا کہ عالمی دن کو منانے کا مقصد سپیشل بچوں کے بارے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ اگر ہم سب مل کر خصوصی افراد کی تعلیم و تربیت کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں تو خصوصی افراد بھی ہماری طرح بہترین انسان بن کر اچھی خوشحال زندگی گزار سکتے ہیں۔

CRIME
& COURT

جرم و سزا

جھنگ: پولیس مقابلہ دو ڈاکو ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی جانب سے پولیس پارٹی کو شاباش

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس اور دو خطرناک بین الصوبائی ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ ساتھی ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ کے زد میں دونوں ڈاکو ہلاک ہوگئے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر کرائم فائٹر ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں نے تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن کا چارج سنبھالتے ہی جرائم پیشہ افراد کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا ہے گزشتہ رات ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں اہلکاروں کے ہمراہ سنپال چوک پر ناکہ لگا کر کھڑے تھے کہ ایک کار میں سوار مشکوک افراد کو روکا تو ملزمان گرفتاری کے خوف سے گھبرا کر پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے فصلوں میں چھپ گئے اسی دوران ساتھی ملزمان کی فائرنگ سے دو ملزمان ہلاک ہوگئے ہلاک ملزمان کی شناخت ناصر ولد احمد علی اور فیاض ولد احمد علی اقوام کاٹھیا سکنہ ہڑپہ ساہیوال کے نام سے ہوئی ہے جو ڈکیتی اور رابری سمیت درجنوں سنگین وارداتوں میں مختلف اضلاع کی پولیس کو مطلوب تھے جبکہ بقیہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے نواحی علاقوں میں ایلیٹ فورس سمیت پولیس کی بھاری نفری کا سرچ اپریشن جاری تھا خطرناک ڈاکوؤں کا مقابلہ کرنے پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی طرف سے ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں کو شاباش اور متحرک رہنے کی ہدایت کی گئی ہے اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا امن دشمنوں کے خلاف کامیابی پولیس کی محنت اور جرت مندی کا منہ بولتا ثبوت ہے

ذیشان چیمپئن شپ ٹی ٹونٹی ہارڈ بال ناک آؤٹ ٹورنامنٹ 13 دسمبر کو ہوگا

میچ میں انٹری فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 دسمبر



شکرگڑھ (عمران عارف سے) ذیشان چیمپئن شپ ٹی ٹونٹی ہارڈ بال ناک آؤٹ ٹورنامنٹ 13 دسمبر کو ظفروال کرکٹ گراؤنڈ میں شروع ہوگا۔ جسمیں ٹوٹل 16 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ٹورنامنٹ کے تمام میچز ذیشان کرکٹ کلب ظفروال کے زیر سرپرست کھیلے جائیں گے۔ میچ میں انٹری فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 دسمبر ہے۔ میچ کے منتظمین میں ذیشان جمیل، چوہدری قیصر رشید، چوہدری عبید خالد، چوہدری پپو جاپانی، چوہدری بابر الیاس سلہری، ندیم ایوان، شمس عباس شامل ہیں۔ میچ میں بال میچ انتظامیہ کی طرف سے فری دی جائے گی اور تین پلیئر آل پاکستان اوپن کھیل سکتے ہیں۔

معذوری کے عالمی دِن کے موقع پر گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ایچ ای اوکاڑہ میں تقریب

چوہدری حبیب الحق صدر غلہ منڈی اوکاڑا، ملک سہیل اشرف مہمان خصوصی تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) 3 دسمبر افراد باہم معذوری کے عالمی دِن کے موقع پر گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ایچ ای اوکاڑا میں خصوصی افراد کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب۔ جس میں مہمان خصوصی چوہدری حبیب الحق صدر غلہ منڈی اوکاڑا اور ان کے ہمراہ ملک سہیل اشرف بھی تشریف فرما تھے اور چوہدری حبیب الحق صاحب کی طرف سے بچوں کے لیے ریفریشمنٹ کا بھی انتظام تھا اور انہوں نے سپیشل بچوں کے لیے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا۔ پرنسپل رائے احمد سعید صاحب اور رائے یعقوب صاحب اور اساتذہ اکرام نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اس موقع پر محمد ندیم صدر، چوہدری محمد حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری لیپکا سپیشل ایجوکیشن ضلع اوکاڑا محمد شفیق سلیمر نائب صدر ساہیوال ڈویژن شاہد نور افس سیکرٹری ضلع اوکاڑا اس موقع پر موجود تھے۔

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شکرگڑھ: دیوار کیساتھ زمین پر پڑی ننگی تاریں اہل علاقہ پر خوف طاری

ہم واپڈا املازمین کو تین مرتبہ کمپلین کرچکے ہیں مگر ہماری کوئی شنوائی نہیں ہورہی، اہل علاقہ

شکرگڑھ (عمران عارف سے) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شکرگڑھ کی دیوار کے ساتھ اور زمین پر پڑی ننگی تاریں کسی بڑے ناگہانی سانحہ کی طرف توجہ دلا رہی ہیں۔ بجلی کی تاریں گزرتے راہگیروں کے سروں سے ٹکرانے لگیں۔ محکمہ واپڈا کی غفلت اور لاپرواہی سے لٹکتے ہوئے تار انسانی زندگیوں کیلئے خطرے کی گھنٹی بن گئے۔ علاوہ ازیں محلہ شبیر آباد، غوثیہ چوک، دین پور، آبکاری، محلہ اسلام آباد اور دیگر محلوں میں بھی صورتحال انتہائی خوفناک ہے۔ شہر شکرگڑھ کی مختلف گلیوں سے گزرنا خوف کے مترادف اور ان لوگوں کی گھروں کی دیواروں کے ساتھ لٹکنے والی تاریں متعدد بار دیواروں میں کرنٹ آنے سے کئی افراد حادثے کا شکار ہوچکے ہیں۔ واپڈا کے افسران سارا دن دفتروں میں بیٹھ کر لوگوں کو لوٹنے میں مصروف اور بس فوٹو سیشن تک ہی محدود ہیں۔ پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شکرگڑھ میڈم نویدہ نے سٹی پریس کلب کو بتایا کہ ہم واپڈا املازمین کو تین مرتبہ کمپلین کر چکے ہیں لیکن ہماری کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ سکول انتظامیہ نے چیف گیپکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ تین ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق شہری وقار احمد اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جارہا تھا کہ اچانک راستے میں نواحی قصبہ 30 جبیڈی کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر اس سے ہزاروں روپے نقدی طلائی زیورات اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ گوگیرہ کے ایس ایچ او نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب کیا تو ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک خطرناک ڈاکو ارسلان عرف شبو کو پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ تین ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔

غیرقانونی پیٹرول مشینوں، ایل پی جی ریفیلنگ کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ حافظ زکریا اقبال

انسپکٹنگ آفیسرز عبداللہ شاکر و حافظ زکریا اقبال کا سیالکوٹ میں کریک ڈاؤن جاری

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر سول ڈیفنس سیالکوٹ نے منی پیٹرول پمپوں اور گیس ری فلنگ مافیا کے خلاف بڑے پیمانہ پر کریک ڈاؤن کا آغاز کر رکھا ہے جس کے نتیجہ میں سیالکوٹ کے طول و ارض میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے کریک ڈاؤن کے دوران سول ڈیفنس انسپکٹنگ آفیسر حافظ زکریا اقبال نے متعدد منی پیٹرول مشینیں اور گیس ریفیلنگ کرنے والے آلات قبضہ میں لیکر متعدد دکانوں کو سیل اور ملوث افراد کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا۔ محکمہ سول ڈیفنس کے ڈائریکٹر پنجاب بارک اللہ خان کی ہدایت اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے حکم پر سول ڈیفنس کے ضلعی آفیسر عبداللہ شاکر اور انسپکٹر حافظ زکریا اقبال کی طرف سے سیالکوٹ بھر میں منی پٹرول پمپوں اور گیس ری فیلنگ کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانہ پر کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے جسکے نتیجہ میں محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے سینکڑوں منی پیٹرول مشینیں اور گیس ری فیلنگ کرنے والے الات قبضہ میں لے کر ملزمان کے خلاف بڑے پیمانے پر جرمانے اور مقدمات بھی درج کروائے جا رہے ہیں روزنامہ نئی خبریں سے گفتگو کرتے ہوئے انسپکٹر حافظ ذکریا اقبال نے کہا کہ یہ مافیا اتنا طاقتور ہے کہ کاروائی کے دوران سول ڈیفنس کی ٹیموں پر اکثر حملے بھی کیے گئے ہیں جسکی متعدد ایف ائی آرز مختلف تھانوں میں درج کرائی گئی ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ جب ہم اس مافیا کے خلاف کاروائیاں کرتے ہیں تو ان کی پشت پناہی کرنے والے سوشل میڈیا سمیت مختلف ہتھکنڈوں سے محکمہ کو ہراساں کرتے ہیں مگر ہم ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں مافیا الٹا بھی لٹک جائے تو بھی حکام بالا کی ہدایات پر شروع ہونے والا آپریشن جاری رہیگا۔

مسلم ہائر سکینڈری سکول وجیانوالا میں روڈ سیفٹی سیمینار

سکولوں اور کالجوں میں روڈ سیفٹی کے حوالے سے مہم جاری ہے، راؤ محمد اقبال

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) موٹروے پولیس بیٹ نمبر 17 میاں چنوں کی ٹریفک قوانین کے حوالے سے مسلم ہائر سکینڈری سکول وجیانوالا میں روڈ سیفٹی سیمینار، آئی جی موٹروے پولیس سلمان چوہدری کے ویژن کے مطابق سپرینٹنڈنٹ آف پولیس مقصود انجم ڈوگر کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی بیٹ نمبر 17 راؤ محمد اقبال اور ان کی ٹیم کی سکولوں اور کالجوں میں روڈ سیفٹی کے حوالے سے مہم جاری ہے اس ضمن میں ایڈمن افیسر انسپکٹر محمد طارق چوہدری نے اساتذہ کرام طلبہ و طالبات کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کیں، پیدل چلنے، روڈ کراس کرنے کا طریقہ، ٹریفک سائن بورڈز، ہیلمٹ کا استعمال، سائیڈ ویو مرر کا استعمال کریں۔ ون وے وائیلیشن اور ون ویلنگ سے اجتناب کریں۔ اپنی گاڑی اور موٹر سائیکلوں کی لائٹیں درست رکھیں، بسوں کی چھتوں پر ہرگز سفر نہ کریں تمام طلبہ اور سکول کے اسٹاف کو ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کی ہدایات جاری کیں اور ان سے ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کا عہد لیا گیا، انہوں نے کہا کہ آپ سب ہمارے سفیر ہیں خود بھی عمل کریں اور ہمارا پیغام اپنے عزیز و اقارب اور رشتہ داروں تک بھی پہنچائیں آخر میں اساتذہ کرام اور بچوں میں پمفلٹ تقسیم کیے گئے۔

چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں، مچھلی فارم سے 6 لاکھ کی مچھلی چوری

پولیس کی کارکردگی انتہائی ناقص ابھی تک ایک بھی چور یا ڈاکو نہ پکڑا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں مچھلی فارم سے 6 لاکھ کی مچھلی چوری مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں نے راہگیروں کو لوٹ لیا تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں لوٹ مار کا سلسلہ جاری ہے نواحی گاؤں غوریاں مغلاں کے قریب رانا ثاقب کے مچھلی فارم سے 6 لاکھ روپے مالیت کی مچھلی اور 1 لاکھ روپے مالیت کی لکڑی چوری ہوگئی آبدیاں کے قریب ڈاکوؤں نے راہگیر عثمان سے 50 ہزار روپے نقدی چک بھلہ کے قریب علی سے 18 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون اور گنڈھووال کے قریب سعد سے 35 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا نارنگ منڈی اور گردونواح میں عرصہ دراز سے ڈاکو راج قائم پولیس کی کارکردگی انتہائی ناقص ابھی تک ایک بھی چور یا ڈاکو نہیں پکڑا گیا اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

مخالفین نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو شدید زخمی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں پرانی رنجش پر مخالفین نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ طاہر کلاں کے رہائشی قربان رسول کو پرانی رنجش پر مخالفین نے فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے۔

تلاش گمشدہ



شیخوپورہ (بیورو پوٹ) تلاش گمشدہ، ایک بزرگ جو کہ اپنا نام اور پتہ نہیں بتا سکتا ذہنی توازن درست نہیں چند دنوں سے ڈیرہ رانا یاسر آف ڈھنگ تحصیل و ضلع نارووال پر پناہ پذیر ہے اگر کوئی اسے جانتا ہے یا اسکے الخانہ کے حوالے سے آگاہی رکھتا تو فوری رابطہ کرے، 03496136856، 03006255332، 03406205571، 03475756814

جیکب آباد میں زچگی کے دوران خاتون جاں بحق، ورثہ کا لاش سمیت احتجاج

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں زچگی کے دوران خاتون جاں بحق، ورثہ کا لاش سمیت میڈیکل سینٹر انتظامیہ کے خلاف احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے نجی میڈیکل سینٹر میں زچگی کے دوران گاؤں محبن تھرڑی کی رہائشی خاتون لیلاں سولنگی فوت ہوگئی، حاملہ خاتون کے فوت ہونے پر ورثہ نے الزام عائد کیا کہ میڈیکل سینٹر کی انتظامیہ کی غفلت کی وجہ سے ہماری حاملہ خاتون فوت ہوئی ہے، ورثہ کے فوت خاتون کی لاش رکھ کر اسپتال انتظامیہ کے خلاف احتجاج کیا، اس موقع پر ورثہ کا کہنا تھا کہ میڈیکل انتظامیہ کی غفلت کی وجہ سے ہماری حاملہ خاتون فوت ہوئی ہے، زچگی کے لیے آئے تھے ڈاکٹر نے آپریشن کیا تو اس کے بعد حالت خراب ہوگئی ہماری حاملہ خاتون دو گھنٹوں تک تڑپتی رہی لیکن سینٹر میں کوئی ڈاکٹر موجود نہیں تھا، مقتولہ کی ماں نے کہا کہ میری بیٹی آپریشن کے بعد اسپتال انتظامیہ کی نااہلی اور غفلت کے باعث فوت ہوئی ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ نجی میڈیکل سینٹر کے خلاف کاروائی کرکے ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے، واضح رہے کہ 15 روز قبل بھی اسی میڈیکل سینٹر میں ایک نومولود بچے کو چوہوں نے کاٹ کر مار ڈالا تھا جس کے خلاف بھی ورثہ نے احتجاج کیا تھا لیکن محکمہ صحت کی جانب سے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا تھا۔

سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے بھتیجے نے چچا کو قتل کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے چچا کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 39 تھری آر کے رہائشی مدثر نے سابقہ رنجش پر اندھا دھند فائرنگ کر کے اپنے چچا عدنان کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر کے ملزم کو دو گھنٹے بعد گرفتار کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

پاراچنار واقعے پر شفاف انکوائری کی جائے ہم کب تک لاشیں اٹھاتے رہیں گے، چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پارا چنار واقعے پر شفاف انکوائری کی جائے ہم کب تک لاشیں اٹھاتے رہیں گے لاشیں گرنے کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے تعصب پسندی کی آڑ میں خون خرابہ کسی کے مفاد میں نہیں ہے ہمیں بیرونی دشمنوں سے زیادہ اندرونی دشمنوں سے خطرہ ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ صوبائیت لسان اور قوم پرستی کی صورت میں بہت سی جانیں ضائع ہوچکی ہیں اس پر قابو پانے کیلئے اب تک عملدرآمد شروع ہوجانا چاہیے تھا مگر افسوس کہ ایسا نہ ہوسکا حکومت پاکستان اور سکیورٹی اداروں سے اپیل ہے کہ پاراچنار جیسے واقعات پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ مزید خون ریزی کو روکا جاسکے۔

پولیس عوام کے جان و مال کی حفاظت کیلئے کوشاں ہے، ڈی پی او

ٹارگٹڈ اپریشنز جاری ہیں ضلع جھنگ مجرموں کے لیے نوگو ایریا بنایا جائے گا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں جرائم کے خاتمے کے لیے منظم حکمت عملی کے ساتھ ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے ٹارگٹڈ اپریشنز جاری ہیں ضلع جھنگ مجرموں کے لیے نوگو ایریا بنایا جائے گا گزشتہ روز ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ پولیس نے ایک ماہ کے دوران 137 اشتہاری مجرمان، 56 عدالتی مفروران اور 94 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے اس عرصہ کے دوران 8 چور و ڈکیت گینگ کے 26 ممبران کو گرفتار کر کے 1 کروڑ 50 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا ہے انہوں نے کہا کہ خلاف قانون سرگرمیوں کی روک تھام اور امن کی بحالی کے لیے 92 غیر قانونی اسلحہ برداروں کو گرفتار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کیا گیا ہے منشیات فروشوں کی کمر توڑ دی گئی ہے جس میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں کے نتیجہ میں 29 کلو گرام چرس، 1523 لیٹر شراب، 2 کلو گرام سے زائد ہیروئن، 194 لیٹر لہن اور 200 گرام آئس برآمد کی گئی ہے

اوکاڑہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق پہلا تھیم پارک قائم کردیا گیا

ڈی پی او، ڈی سی اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، انجمن تاجران، عمائدین شہر نے افتتاح کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق پہلا تھیم پارک قائم کر دیا گیا جس کا افتتاح ڈی پی او اوکاڑہ نے ڈی سی اوکاڑہ کے ہمراہ کر دیا۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے ڈی سی اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، انجمن تاجران اور عمائدین شہر کی موجودگی میں تھیم پارک کا افتتاح کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سرسبز و شاداب پارک میں فیملیز بالخصوص بچوں کیلئے جدید ترین تفریحی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ تھیم پارک کو مختلف قسم کے سائن بورڈز سے آراستہ کرتے ٹریفک تصور کو اجاگر کیا گیا ہے، حادثات کی وجوہات کو بیان کرتے ہوئے پارک کو رنگوں سے بھرا گیا ہے، تھیم پارک کے قیام کا مقصد بچوں اور شہریوں میں ٹریفک شعور بیدار کرتے ہوئے حادثات پر قابو پانا ہے۔ ٹریفک قوانین سے لاعلمی حادثات کی بنیادی وجہ ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

قانونی کارروائی پر پیش رفت کا ہفتہ وار جائزہ لیا جائے گا۔ وزیراعظم کا کہنا ہے کہ بیلاروس کے صدر کے دورے کے وقت وفاقی دارالحکومت پر لشکر کشی شدید شرمندگی کا باعث بنی، عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق عالمی معیار کی انسداد فسادات فورس بنائی جائے گی۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد سیف سٹی میں فرانزک لیب شامل کرکے اسے بین الاقوامی معیار پر لایا جائے گا، فرانزک لیب کو بین الاقوامی معیار پر لانے کے لیے تمام ضروری وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ موقع واردات سے اسلحہ، کارتوس کے خول اور دیگر شواہد اکٹھے کیے جا چکے ہیں، تمام شواہد فرانزک کے لیے بھیجے جائیں گے، موقع واردات پر موجود فسادیوں کی شناخت کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے، شناخت کے بعد تمام فسادیوں کو عدالتوں میں پیش کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دھرنوں کے دوران قانون ہاتھ میں لینے والوں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے، ملک میں انتشار پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی پر پیشرفت کا ہفتہ وار جائزہ لیا جائے گا، انتشار پھیلانے والوں نے بیلاروس کے صدر کے پاکستان کے سرکاری دورے کے وقت ملک کے دارالحکومت پر لشکر کشی کی جو ہمارے لیے شرمندگی کا باعث بنا۔ اجلاس میں وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ دوران اجلاس وزیراعظم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ موقع واردات سے اسلحہ اور فائرنگ کے نتیجے میں ملنے والے کارتوس اور خول و دیگر شواہد اکٹھے کیے جا چکے ہیں، تمام شواہد فارنزک کے لیے بھیجے جائیں گے، موقع واردات پر موجود فسادیوں کی شناخت کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے، شناخت کے بعد تمام فسادیوں کو عدالتوں میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 2

سماعت کی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد اسحاق نے عدالت میں پیش ہو کر دلائل دیے۔ دوران سماعت ممبر جوڈیشل کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ ٹاؤن شپ کے پاس بس ڈپو میں درخت کاٹے گئے ہیں جس پر جسٹس شاہد کریم نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں نے سختی سے کہا تھا درخت نہیں کاٹے جائیں گے۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد اسحاق خان نے عدالت کو بتایا کہ ہم نے محکمہ جنگلات کو لکھا کہ بس ڈپو میں درخت ہیں انکو ٹرانسپلانٹ کرنا ہے، انوائرمنٹل پروٹیکشن اتھارٹی نے درخت کاٹنے کی درخواست کو منظور کیا۔ وکیل حنا حفیظ اللہ نے عدالت کو بتایا کہ پی ایچ اے درختوں کو کاٹ رہا ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے کہا کہ اس بس ڈپو سے تین درخت کاٹے گئے ہیں اور ان کا خاص مقصد تھا، یہاں 27 الیکٹرک بسیں آئی ہیں ان کو پارک کیا جانا ہے، عیسیٰ پاک نے پورا پلان دیا کہ کیسے یہ سارا کام مکمل کیا جانا ہے جس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ جب یہ سارا کام ہوا اور عدالت کو معلوم ہو گیا تو یہ سارا کام آپ نے کیا۔ پی ایچ اے کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ درخت کاٹے نہیں گئے انکی ٹرمنگ کی گئی جس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ بالکل بھی ٹھیک نہیں ہے ہم مطمئن نہیں ہیں، اگر درخت پی ایچ اے نے نہیں کاٹے تو کس نے کاٹے ہیں؟ جس نے درخت کاٹے اس کے خلاف کیا کارروائی کی گئی؟ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ درختوں کی کٹنگ، ٹرانسپلانٹ اور ٹرمنگ بغیر اجازت نہیں کی جا سکتی، حکومت کسی پراجیکٹ کے لیے جگہ کے انتخاب کے وقت دیکھ لے کہ وہاں سے درخت نہ کاٹنے پڑیں، درخت کاٹنے والے کیس کو وزیراعلیٰ تک پہنچائیں، وزیراعلیٰ خود اس کیس کو دیکھیں اور کارروائی کریں۔

بقیہ بقیہ جات 3

صدر نشیں، ایم این اے، صادق علی میمن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ محکمہ ورکس اینڈ سروسز کے افسران کی طرف سے صوبائی وزیر ورکس اینڈ سروسز و جیل خانہ جات سندھ علی حسن زرداری اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کو ترقیاتی اسکیموں ساحلی پٹی اور کوسٹل ہائی وے روڈ کے ترقیاتی کام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ منور عباس سومرو، ایس ایس پی ٹھٹھہ ڈاکٹر عمران خان، رئیس عبدالغنی جکھرا، چیئرمین ضلع کونسل ٹھٹھہ عبدالحمید پنہور، امتیاز قریشی و دیگر ساتھ تھے

بقیہ بقیہ جات 4

لوڈشیڈنگ قابو کی۔ احسن اقبال کا کہنا ہے کہ پراکسی وار کو پڑنے پاکستان کو 2030 تک ترقی کا ملک قرار دیا، 2018 کے الیکشن نے وہ خواب بھی چکنا چور کر دیا، چینی سرمایہ کاری کو ویت نام اور دیگر مشرق بعید کے ملکوں تک منتقل کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2022 تک ایک بھی معاشی زون تیار نہیں تھا، یورپی اور دیگر ملک پوچھتے رہتے تھے کہ سی پیک میں کیسے سرمایہ کاری کا حصہ بنیں، اپریل 2022 میں ہم نے ملک سنبھالا تو پاکستان کے ڈیفالٹ کی شرطیں لگ رہی تھیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سیاست بچائیں یا ریاست بچائیں، سری لنکا کا ڈیفالٹ اور پاکستان کا ڈیفالٹ دو الگ چیزیں تھیں، پاکستان ایٹمی ملک ہے سری لنکا نہیں ہے۔ وزیر پلاننگ نے کہا کہ الیکشن میں 4 مہینے کی تاخیر کرنی پڑی، سیاسی جماعتوں کی فراست پر ان کا شکر گزار ہوں، توانائی کی قیمتوں کو بڑھا کر مشکل فیصلے کیے، عوام اور میڈیا کا شکریہ کہ ایک بڑی قیمت ادا کی۔ احسن اقبال کا مزید کہنا ہے کہ چینی پر 4 آنے اضافے پر ایوب خان کی حکومت ختم ہوئی تھی، قوم نے 150 سے 200 روپے تک کی قیمتوں کو بھگتا، کوئی احتجاج نہیں کیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

سینیٹ کا کردار انتہائی اہم ہے، ایوان بالا کا قومی یکجہتی اور صوبائی ہم آہنگی میں متحرک کردار ادا کر رہا ہے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی و سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ملکی معیشت کی بحالی کے حوالے سے حکومت کی کوششوں کو سراہا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے صوبہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے حوالے سے وزیراعظم کے اقدامات کی تعریف کی۔

بقیہ بقیہ جات 6

گریز کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بھارتی ہم منصبوں سے سکھ رہنما کے قتل کی سازش پر بات ہوتی رہتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

میں نام نہاد مشکلات کے حوالے سے قیاس آرائیاں انفرادی اختراع کی عکاس اور معتبر ثبوت سے عاری ہیں، حکومت آئی ایم ایف کے ساتھ طے کردہ اہداف پر عمل درآمد کے لیے پرعزم ہے۔ ایک بیان میں وزارت خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ قریبی رابطہ و مشاورت سے 37 ماہ پر محیط پروگرام کو کامیابی سے مکمل کیا جائے گا۔ وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے میکرو اکنامک اصلاحات پر سختی سے کاربند رہنے کا تسلسل سے اعادہ کیا ہے۔ وزیر خزانہ نے قومی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے خزانہ کی حالیہ بریفنگ میں ملک کے دیرپا اور مستقبل معاشی استحکام کے لیے آئی ایم ایف پروگرام کی کلیدی اہمیت کا اعادہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف نے دشمن کے کسی بھی حملہ سے نمٹنے کے لیے مسلسل تیار رہنے کی اہمیت کو اجاگر کیا، مشق کا مقصد جوانوں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بڑھانا ہے۔ اس موقع پر جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ افواج قوم کی حمایت سے ملکی دفاع اور سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، قوم کی حمایت سے افواج ملک کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنا دیں گی، مسلح افواج تمام خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف نے دشمن کے کسی بھی حملہ سے نمٹنے کے لیے مسلسل تیار رہنے کی اہمیت کو اجاگر کیا، مشق کا مقصد جوانوں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بڑھانا ہے۔ اس موقع پر جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ افواج قوم کی حمایت سے ملکی دفاع اور سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، قوم کی حمایت سے افواج ملک کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنا دیں گی، مسلح افواج تمام خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کیس انتہائی اہم ہے، ایسے کیس ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ میں چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں لوگ لاپتہ ہیں، یہاں اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ جیسے سینئر سیاستدان کھڑے ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل کا کہنا ہے کہ مسئلے کا حل پارلیمنٹ کو نکالنا ہے۔ آئینی بینچ نے لاپتہ افراد کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 11

سمیت دیگر اداروں یا کسی شخص کے خلاف خبر دینے اور دہشت پھیلانے والا مواد ہٹا دیا جائے گا۔ مسودے کے تحت ڈیجیٹل رائٹس پروٹیکشن اتھارٹی قائم کی جائے گی، اتھارٹی کو سوشل میڈیا سے مواد بلاک کرنے یا ہٹانے کا اختیار ہوگا، اتھارٹی قانون نافذ کرنے والے اداروں یا کسی شخص کے خلاف مواد ہٹانے کے احکامات جاری کر سکتی ہے۔ مسودے میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی کے پاس ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف نفرت پھیلانے سے متعلق مواد کو بھی ہٹانے کا اختیار حاصل ہوگا، جان بوجھ کر جھوٹی معلومات پھیلانے، خوف و ہراس اور بدامنی پیدا کرنے والوں کو 5 سال قید یا 10 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا۔ اتھارٹی کے پاس فوج اور عدلیہ کے خلاف آن لائن مواد کو ہٹانے کا اختیار حاصل ہوگا، مذہبی فرقہ وارانہ یا نسلی بنیادوں پر نفرت پھیلانے سے متعلق شیئر کیے گئے مواد کو ہٹانے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 12

عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ عمر ایوب اپنے وکیل بابر اعوان کے ہمراہ عدالت پیش ہوئے۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ مقدمہ نمبر 540 میں تو آپ نامزد ہیں، جب اس میں ضمانت مل جائے گی تو وارنٹ تو ختم ہو جائیں گے، پانچ پانچ ہزار روپے کے مچلکے جمع کروا دیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 10 دسمبر تک ملتوی کرتے ہوئے عمر ایوب کو شامل تفتیش ہونے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 13

ہے لیکن تصور نہیں تو امکان ہے مانیٹرنگ جاری ہے۔ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ نے انٹرنیٹ کی اسپیڈ کے سبب آئی ٹی کمپنیز کے پاکستان چھوڑنے کی بات مسترد کر دی۔ سجاد سید کا کہنا ہے کہ کوئی ایک آئی ٹی کمپنی پاکستان چھوڑ کر نہیں گئی، غلط مواد شیئر کرنے پر امریکا میں 10 منٹ کے اندر سکیورٹی اہل کار گھر پر آ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگرانی یا فائر وال کی تنصیب ہر ملک میں ہوتی ہے، شاید طریقہ کار میں کچھ کمی ہے، فکسڈ لائن انٹرنیٹ میں مسئلہ نہیں، فل ٹائم آئی ٹی ورکرز کو مسئلہ نہیں۔ سجاد سید کا یہ بھی کہنا ہے کہ پارٹ ٹائم آئی ٹی ورکرز کو فکسڈ لائن نہ ہونے سے مسائل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

معاونت کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے سپیشل افراد کے عالمی دن پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ قوم کے سپیشل ہیروز کو سلام ہے، آپ ہمارا فخر ہیں، معاشرے کی اصل خوبصورتی ہیں۔ یہ وقت ہے جب سپیشل ہیروز کو مساوی حقوق اور مواقع فراہم ہوں۔ مریم نواز نے کہا کہ خصوصی افراد اپنے جذبے سے دنیا کو حیران کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، سپیشل ہیروز کی حوصلہ افزائی اور معاونت کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، پنجاب حکومت خصوصی افراد کی زندگیوں کو آسان اور باوقار بنانے کیلئے ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نادار سپیشل ہیروز کے لیے "ہمت کارڈ" لانچ کیا ہے، ہمت کارڈ سے نادار سپیشل افراد کو ہر سہ ماہی میں ساڑھے 10 ہزار روپے ملیں گے، سپیشل افراد اورنج لائن، لاہور، ملتان اور راولپنڈی میٹرو بس میں بھی ہمت کارڈ کے ذریعے مفت سفر کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

یونیورسل ہیلتھ کوریج ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او کا صحت کی دیکھ بھال تک رسائی آگے بڑھانے میں تعاون پر شکر گزار ہیں، ہر فرد کو بغیر مالی مشکلات کے صحت کی خدمات تک رسائی دینے کا ہمارا وژن یونیورسل ہیلتھ کوریج کے اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی یونیورسل ہیلتھ کوریج کو آگے بڑھانے میں نمایاں پیش رفت پر فخر ہے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ اضافی 10 ملین خاندانوں تک رسائی کے لیے ہم نے اس سال صحت سہولت پروگرام کو وسعت دی، صحت کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے بلوچستان اور کے پی کے میں نئی شراکت داری بھی شروع کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کی نمایاں کامیابیوں اور رسائی کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں، گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستان نے صحت عامہ پر اخراجات میں اضافہ کر کے سماجی تحفظ کو وسعت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں میں صحت کی عدم مساوات کو دور کر کے یو ایچ سی کے مرکزی خیال بارے ذمہ داری پوری کی گئی۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ پی ایچ سی پر مرکز ماڈل آف کیئر کا تین اضلاع میں لاگو کیا جانا ڈبلیو ایچ او اور دیگر شراکت داروں کے تعاون سے ممکن ہوا، یونیورسل ہیلتھ کوریج حاصل کرنے کے تناظر میں آر ایم این سی اے ایچ سروسز ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت کے تعاون سے کئی تکنیکی دستاویزات تیار کی ہیں، تکنیکی دستاویز تولیدی، زچگی، نوزائیدہ، بچوں کی صحت کے معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری دیکھ بھال تک رسائی کو یقینی بنانے کیلئے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کو بااختیار بنانے پر زور دیا گیا۔ ریونیو جنریشن، پولنگ اور سٹریٹجک خریداری سے نمٹنے کے لیے ایک جامع ہیلتھ فنانسنگ حکمت عملی تیار کی ہے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے اس موقع پر عہد لیا کہ آیئے ہم ایک صحت مند اور زیادہ مساوی پاکستان کی تعمیر کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 16

کے لیے اہم کردار ادا کریگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو ورلڈ اسلامک فنانس فورم 2024 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا انعقاد کراچی میں انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کے زیر اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ اسلامی مالیات شریعت کے اصولوں پر مبنی ایک منصفانہ نظام ہے، مضاربہ کے ذریعے فنانسنگ سود کے خاتمے کی راہ ہموار کرتی ہے، اسلامی مالیات 2027 تک بڑھ کے 6.67 ٹریلین ڈالر ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی مالیاتی نظام دنیا میں مضبوط، اخلاقی اور پائیدار ماڈل کے طور پر ابھر رہا ہے، یہ ایسا نظام ہے جو حقیقی معیشت اور عوامی بھلائی کے لیے کام کرتا ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ اس نظام کی بنیاد اسلامی اصولوں پر ہے جو ایمان، زندگی، عقل، نسل اور دولت کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں، اسلامی مالیاتی نظام معاشی سرگرمیوں کو حقیقی اثاثوں سے جوڑتا ہے، زکوٰۃ اور وقف جیسے اصول غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرین فنانس ماحولیاتی مسائل کے حل میں اسلامی مالیات کے کردار کو بڑھا رہا ہے، پاکستان میں گرین فنانسنگ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرین سکوک کا عالمی اجرا 2023 میں 20 بلین ڈالر سے تجاوز کر گیا، انڈونیشیا نے گرین سکوک سے 5.2 بلین ڈالر کے منصوبے مکمل کیے ہیں، پاکستان نے 500 ملین ڈالر کا پہلا گرین سکوک جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد 2030 تک توانائی کا 60 فیصد حصہ قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنا ہے، اسلامی مالیات جدت اور باہمی تعاون کے ذریعے مستقبل کے لیے ایک اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 17

جدید سہولیات اور مخبروں کو انعامی رقم دینے کیلئے شکارپور، گھوٹکی اور کشمور کے اضلاع کے ایس ایس پیز کو 33 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ سکھر اور لاڑکانہ رینج کے ڈی آئی جیز بھی 33 کروڑ کے فنڈز کا استعمال کر سکیں گے۔ اس حوالے سے آئی جی سندھ غلام نبی میمن کا کہنا ہے کہ کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس کا بھرپور ایکشن جاری ہے۔ کشمور، گھوٹکی اور شکارپور میں اغوا برائے تاوان کی وارداتوں میں کمی آئی ہے، سندھ پولیس نے گزشتہ تین ماہ میں 15 سے زائد مغویوں کو بازیاب کرایا ہے اس کے علاوہ 10 سے زائد ڈاکوؤں کو مقابلے میں ہلاک کیا ہے۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن کا کہنا تھا کہ پولیس نے کچے میں حکمت عملی تبدیل کی ہے، کچے کے داخلی اور خارجی راستوں پر رکاوٹیں لگائی گئی ہیں، 100 سے زائد پولیس چوکیاں قائم کی گئی ہیں اور ریپڈ ریسپانس فورس کے افسران و اہلکاروں کو سندھ اور پنجاب کے بارڈر ایریاز میں تعینات کیا گیا ہے تاکہ ڈاکو ایک کمین گاہ سے دوسری کمین گاہ فرار نہ ہو سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

علاقائی اور عالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے پر

بقیہ بقیہ جات 19

مجرم قیصر عارف کو سزا سنائی۔ مجرم کو سزا غیر قانونی گیٹ وے ٹرانسمیشن ایکسچینج میں ملوث ہونے کا جرم ثابت ہونے پر سنائی گئی۔ یہ سزا پی ٹی اے ایکٹ 1996، ای ٹی او 2002 اور پینل کوڈ کے تحت سنائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ مجرم قیصر عارف کے خلاف ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل راولپنڈی میں 2013 میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 20

اور کشمور سے رپورٹ ہوئے۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے اب تک 8 پولیو کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، کراچی کے ضلع کیماڑی سے رواں سال اب تک 3 پولیو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ کشمور میں رواں سال پولیو کا یہ پہلا کیس سامنے آیا ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 59 ہو گئی ہے۔ رواں سال بلوچستان سے 26 اور خیبر پختونخوا سے 16 پولیو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ رواں سال سندھ سے 15 اور پنجاب اور اسلام آباد سے ایک ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ خصوصی افراد کو مساوی مواقع اور حقوق فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ملک میں خصوصی افراد کی بہبود کے لیے جامع پالیسیاں بنائی گئی ہیں اور ان پر عمل بھی کیا جا رہا ہے تاکہ یہ افراد بھی ایک باعزت اور خود مختار زندگی بسر کر سکیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ خصوصی افراد کی حوصلہ افزائی، ان کی قابلیت کو تسلیم کرنا، ان کے لیے وسائل و مواقع فراہم کرنا ایک مضبوط اور ترقی یافتہ قوم کی نشانی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس ذمہ داری کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 22

آ گئے، آئی جی اسلام آباد، سیکرٹری داخلہ اور ڈی جی اوانک کی پریس کانفرنس ناقابل تردید شواہد ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز پر حملوں کیلئے غیر ملکیوں کو احتجاج میں لایا گیا۔ احتجاج میں شریک افراد تربیت یافتہ اور تخریب کاری کے ماہر تھے، گرفتار افراد کی اکثریت کا پاکستان میں کوئی ریکارڈ ہی نہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس دہشتگردوں سے لڑنے کیلئے اسلحہ نہیں لیکن فیڈریشن پر چڑھائی کیلئے جدید اسلحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاشوں کی سیاست کرنے والے اب تک درجن بھر بیانات تبدیل کر چکے ہیں، صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ فتنہ پارٹی کا سوشل میڈیا اس کیلئے وبال جان بن چکا ہے، اب وقت آ گیا ہے پاکستان میں سوشل میڈیا کو ہر سطح پر ریگولرائز کیا جائے، جنہوں نے انقلاب لانا تھا وہ ایک دوسرے پر ڈاؤٹ اور جاسوس کے الزامات لگا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

مختلف علاقوں میں ژالہ باری سے سولر پلیٹوں اور درختوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ دوسری جانب وادی نیلم کے سیاحتی مقامات اڑانگ کیل اور اپر گریس نے برفباری کے بعد سفید چادر اوڑھ لی ہے۔ سندھ کے شہروں میں صبح اور رات کے اوقات میں خنکی جبکہ کراچی میں آج سے وقفے وقفے سے تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ پیر کے روز سب سے کم درجہ حرارت لیہ میں منفی 8، اسکردو، گوپس، ہنزہ میں منفی 3 اور کالام میں منفی 1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

شدت 3.2 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز کوئٹہ کے شمال مغرب میں 66 کلومیٹر دور تھا۔ زلزلے کے جھٹکوں کے بعد عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے نقصان کے حوالے سے کوئی بات فی الحال سامنے نہیں آئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

آزادیوں کو قید کیا جا رہا ہے، یہ ہتھکنڈے ناقابل برداشت ہیں۔ ملک کی باگ ڈور چند ارب پتیوں کے ہاتھ میں جنہیں عوام کے مسائل کا اندازہ ہے نہ یہ انہیں ٹھیک کرنا چاہتے ہیں۔ ریاست اپنے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم دینے میں بھی ناکام ہو گئی۔ پاک چائنہ سنٹر اسلام آباد میں الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت انٹرنیشنل والنٹیئر ڈے پر یوتھ ایمپاورمنٹ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں آئی ٹی سیکٹر بلندیوں کو چھو رہا ہے ہمارے ہاں آئے روز فائر وال نصب کرنے کے تجربے ہوتے ہیں۔ حکومت جعلی معاشی اعداد و شمار سے عوام کو دھوکہ دے رہی ہے، مہنگائی کم ہونے کے دعوے ہوائی ہیں۔ انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کو کم و بیش آٹھ بڑے شعبہ جات میں عوام کی خدمت کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ الخدمت زلزلہ، سیلاب، ہیلتھ کیئر، یتیموں کی تعلیم و تربیت، رہائش، وظائف، بلاسود قرض، پروگرام اور دیگر پروجیکٹس کے ذریعے عوام کی خدمت کا مشن جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہ الخدمت کا ہی ہے جس کے ذریعے ہزاروں یتیم اور بے سہارا بچے مفت تعلیم و تربیت اور رہائش حاصل کر رہے ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن آغوش جیسے بہترین تعلیمی اداروں میں ضرورت مند، غریب بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے رہنما ایڈووکیٹ علی بلخ کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنا استعفیٰ چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کو بھیج دیا ہے۔ علی بلخ کے مطابق انہوں نے پارٹی عہدے سے ذاتی مصروفیات کی وجہ استعفیٰ دیا ہے کیونکہ وہ جس عہدے پر فائز تھے اس کے حساب سے پارٹی کو وقت نہیں دے پا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عہدے سے علیحدگی کے بعد بطور پارٹی کارکن اور کوئی اور کراس عہدے اور ذمہ داری کے ساتھ ان سے زیادہ بہتر طریقے سے کام کر سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

میٹنگ میں کیا گیا۔ پنجاب حکومت نے 2024/25 کے لیے منصوبے کی تکمیل کے لیے ایڈمنسٹریٹیو منظوری دی جس کی تکمیل کی مدت نومبر 2025 رکھی گئی ہے۔ یہ منصوبہ 84 کلومیٹر ایریا کو کور کرے گا اور اس کے 10 روٹ ہوں گے۔ الیکٹرک بس سروس پروجیکٹ کی مالیت 7 ارب سے زائد ہے جب کہ حکومت پنجاب نے 4.7 بلین روپے جاری کر دیے۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی منصوبے پر عملدرآمد کی ذمہ دار ہوگی۔ بسوں کا پروجیکٹ فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 28

ہنڈریڈ انڈیکس 1 لاکھ 4 ہزار 225 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے پہلے روز ٹریڈنگ کے اختتام پر 1917 پوائنٹس اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1 لاکھ 3 ہزار 274 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹربینک میں ڈالر کی گراوٹ کا سلسلہ برقرار ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹربینک میں امریکی کرنسی 7 پیسے سستی ہوئی جس کے ساتھ انٹربینک میں ڈالر 277.97 روپے سے کم ہو کر 277.90 روپے پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

صدر مملکت نے ٹی 20 بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ فائنل میں بنگلہ دیش کو 10 وکٹ سے ہرانے پر ٹیم کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے فائنل میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ خصوصی افراد کے عالمی دن کے موقع پر بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ جیتنے پر پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ خصوصی کھلاڑیوں نے بلائنڈ ٹی 20 ورلڈکپ جیت کر پاکستان کا نام روشن کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ کھیل سمیت زندگی کے تمام شعبوں میں خصوصی افراد کی شمولیت بڑھانا ہوگی، خصوصی افراد کو آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر نے پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل کو کامیاب ٹورنامنٹ کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 30

کورٹ کے چیف جسٹس راجہ سعید اکرم جسٹس خواجہ نعیم اور جسٹس رضا علی خان پر مشتمل فل کورٹ بینچ نے آج پیس فل اسمبلی پبلک آرڈر آرڈیننس کے خلاف دائر اپیلوں کی۔ سپریم کورٹ نے آزاد جموں و کشمیر ہائی کورٹ کی جانب سے صدارتی آرڈیننس کو آئین اور قانون کے مطابق قرار دیے جانے سے متعلق فیصلے پر عملدرآمد روکنے کا حکم جاری کیا۔ اپیلوں پر کارروائی کے دوران وکلاء کی جانب سے راجہ سجاد خان ایڈووکیٹ جبکہ بار کونسل کی جانب سے امجد علی خان ایڈووکیٹ دلائل دیے۔ سپریم کورٹ نے ابتدائی سماعت کے دوران اپیلیں باضابطہ سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے صدارتی آرڈیننس پر عملدرآمد روکنے کا حکم جاری کیا۔ عوامی ایکشن کمیٹی نے متنازع صدارتی آرڈیننس کے خلاف 5 دسمبر کو آزاد کشمیر بھر میں پہیہ جام اور شٹرڈاؤن ہڑتال کا اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

سلانوالی، بھلوال، کوٹ مومن، بھوانہ، لالیاں بار ایسوسی ایشنز کے صدور و جنرل سیکرٹریز نے لاہور میں صوبائی وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ سے ملاقات کی۔ صدر ساہیوال بار امتیاز احمد ایڈووکیٹ، صدر شاہ پور بار ملک اظہر ایڈووکیٹ، صدر سلانوالی بار کے صدر رانا مبارک علی ایڈووکیٹ، بھلوال بار کے صدر میاں عزیر ایڈووکیٹ ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ سیکرٹری قانون پنجاب آصف بلال لودھی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پنجاب حکومت کی طرف ساہیوال بار ایسوسی ایشن کو 25 لاکھ روپے، شاہ پور بار، سلانوالی بار کو 25,25 لاکھ روپے، بھلوال بار، کوٹ مومن بار کو 25,25 لاکھ روپے اور بھوانہ اور لالیاں بار کو 25,25 لاکھ روپے کی گرانٹ دی گئی۔ گرانٹ سے فی میل بار رومز کی تعمیر، ای لائبریری، ایئرکنڈیشنرز، کتب، کمپیوٹرز اور فرنیچر خرید سکیں گے۔ صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ پنجاب بڑے پیمانے پر وکلاء کے مسائل کو حل کر رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

کی، سماعت کے دوران وکیل درخواست گزار عالم خان ادوبزی ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ بشریٰ بی بی کے خلاف 27 مقدمات میں راہداری ضمانت درخواستیں دائر کی ہیں، مختلف نوعیت کے مقدمات ان کے خلاف درج کیے گئے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت سے درخواست کی کہ ان کو پابند کریں کہ یہ وہاں عدالت میں پیش ہوں۔ جسٹس وقار احمد نے کہا کہ ہم ان کو راہداری ضمانت اس لیے دیتے ہیں کہ یہ وہاں متعلقہ عدالتوں میں پیش ہوں، جس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ یہ وہاں پر پیش ہو جاتے ہیں، تھوڑا زیادہ ٹائم دیا جائے، 50 سے زائد مقدمات میں پیش ہونا ہے۔ جسٹس وقار احمد نے ریمارکس دیے کہ زیادہ ٹائم اس لیے نہیں دے سکتے کیونکہ سردیوں کی چھٹیاں آنے والی ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے بشریٰ بی بی کی 23 دسمبر تک راہداری ضمانت منظور کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 33

رہتے ہیں۔ درخواست علیمہ خان، عظمیٰ خان، نورین نیازی نے اپنے وکلاء کے ذریعے دائر کی ہے۔ درخواست میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے استدعا کی ہے کہ ہم اپنے بھائی سے ملنا چاہتے ہیں ملاقات نہیں کروائی جا رہی۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے جیل سپرنٹنڈنٹ سے دو گھنٹوں کے اندر رپورٹ طلب کرتے ہوئے عدالت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 34

ایک سال بھی نہیں ہوتے ہوتے الیکشن کیسے کروائے جائیں۔ خصوصی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان باہر جانے کو تیار نہیں، عمران خان سے 9 مئی پر قوم سے معافی مانگنے کی بات کرو تو بانی پی ٹی آئی کہتا ہے شواہد لے آئیں پھر بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ اور پی پی پی نے الیکشن میں وہی کیا جو وہ نہ کرنے کے کہتے تھے۔ حافظ حمد اللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کو کسی بھی معاملے پر بریک تھرو دیکھنا ہے، سابق آمر مشرف پہلے نواز شریف اور بے نظیر کو ملک کیلئے سیکیورٹی رسک کہتا تھا پھر مشرف نے ہی دبئی میں پی پی پی سے این آر او کیا۔

بقیہ بقیہ جات 35

میں ملکی تازہ صورتحال سیاسی صورتحال گہری تشویش کا اظہار اور بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کی مذمت کی گئی۔ اجلاس میں نئے عہدیداران کی استقامت اور ملکی سلامتی و استحکام کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں انجینئر اخلاق احمد، ملک شاہد اسلم، احمد جمیل راشد، حاجی ریاض الحسن، عبدالحفیظ اعوان، عبدالعزیز عابد، عامر نثار خان، علی المرتضیٰ حسنی، احسان بن سلمان، جبران بٹ، ڈاکٹر محمود خان میاں غضنفر نذیر، سیف الرحمن، مرزا شعیب یعقوب، مرزا عبدالرشید، چوہدری عبدالقیوم گجر، ملک شفیق و دیگر ممبران شوریٰ موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

ہولڈرز کو آن بورڈ نہیں لیا گیا ہم اس فیصلے کی مذمت کرتے ہیں اور حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ اس غیر قانونی عمل کے خلاف کارروائی کرے اور فیصلہ واپس کیا جائے بصورت دیگر پی ایم ڈی سی کے خلاف ملک گیر احتجاج کیا جائے گا۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ میڈیکل اینڈ ڈینٹل انسٹی ٹیوشنز پامی پی ایم ڈی سی کی جانب سے بیچلر پروگرام کی مدت میں توسیع کے حالیہ نوٹیفکیشن کے بارے میں اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے پامی کا کہنا ہے کہ ڈینٹل سرجری پروگرام 4 سے 5 سال تک کرنا ناقابل قبول ہے جبکہ ہم (BDS) اور دانتوں کی تعلیم کو عالمی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں، یہ ضروری ہے کہ اس حد تک فیصلے مناسب عمل کے بعد اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کیے جائیں، بدقسمتی سے ایسا لگتا ہے کہ اس نوٹیفکیشن کے اجراء میں ضروری مشاورتی عمل کو نظرانداز کیا گیا ہے، جس میں کلیدی اسٹیک ہولڈرز بشمول پامی طبی معلمین، اور پریکٹیشنرز کو نظر انداز کیا گیا ہے، PMDC ایکٹ 2022 کے مطابق نصاب اور پروگرام کے ڈھانچے سے متعلق سفارشات مرتب کرنا نیشنل میڈیکل اینڈ ڈینٹل کا اختیار ہے تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ (NMDAB) اکیڈمک بورڈ کی سفارشات کے بغیر جاری کیا گیا تھا اور نہ NMDAB نے اکیڈمک کونسل یا وزارت انچارج سے منظوری حاصل کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

انہوں نے اپنی نگرانی میں انجینئرز ورک مکمل کروانے کا عندیہ بھی دیا۔ اس موقع پر وزیر تعلیم کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ہونہار سکالرشپ پروگرام میں 65 یونیورسٹیوں، 359 کالجز اور 12 میڈیکل کالجز کے 68 ہزار سے زائد طلباء نے اپلائی کیا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ 130 ارب روپے کا سکالرشپ پروگرام، تعلیم دوست وزیراعلیٰ کا شاندار اقدام ہے جس سے ہر سال 30 ہزار نوجوانوں کو اپنے خواب پورے کرنے میں معاونت ملے گی۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سکیم کے تحت 68 [illegible] کے طلباء کو سکالرشپ دی جائے گی۔ واضح رہے کہ سکالرشپ پروگرام سے 22 سال سے کم عمر اور 3 لاکھ سے کم آمدن والے پنجاب کے شہری مستفید ہو سکیں گے۔ انڈر گریجوایٹ ڈگری پروگرام کے طلباء کو 4 سے 5 سال تک کی مکمل ٹیوشن فیس حکومت کی جانب سے ادا کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 38

آئی اے سائبر کرائم اور ایس ایچ او تھانہ سول لائن کو مقدمہ درج کرنے کی درخواست جمع کرا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق چارج نرس طاہرہ مخدوم اور دیگر نرسز نے شکایت کی تھی کہ انہیں پانچ مختلف نمبروں سے فون کال کر کے بھاری رقوم کا مطالبہ کیا جاتا ہے جبکہ سکندر نامی ایک شخص فون نمبر 03491253192 پر باقاعدہ جاز کیش اور ایزی پیسہ پر رقوم منگواتا ہے۔ اعلیٰ حکام کی ہدایت پر سیکشن افسر عبدالجبار نے تفصیلی تحقیقات کے بعد رپورٹ دی کہ پانچ مختلف فون نمبرز

03250612619،
03252268260،
03313451413،
03003380918،
03491253192،

سے مختلف نرسز کو ان کے دفتری کاموں کو حل کرانے کے سلسلے میں بھاری رقوم کا مطالبہ کیا جاتا ہے اور یہ گروہ پنجاب بھر کی نرسز کو مختلف حیلے بہانوں اور سبز باغ دکھا کر لوٹنے میں مصروف ہے۔ سیکشن افسر نرسنگ عبدالجبار کی جانب سے پنجاب بھر کی نرسز کو دھوکہ دے کر لوٹنے کی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد محکمہ صحت نے ڈائریکٹر ایف آئی اے سائبر کرائم اور ایس ایچ او تھانہ سول لائن کو ان پانچ فون نمبرز سے کال کرنے والے اور جاز کیش پر رقوم منگوانے والے سکندر علی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست جمع کرا دی ہے۔ پنجاب بھر کی نرسز نے محکمہ صحت کے اس فوری قانونی کارروائی کے اقدام اور خاص طور پر سیکشن افسر نرسنگ کی کاوشوں کو سراہا ہے

بقیہ بقیہ جات 39

فزیبلیٹی رپورٹ اور بغیر قانونی تقاضے پورے کیے بغیر ہی شروع کر دیا گیا، جس کی وجہ سے 30 ارب روپے کی مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ نیا پاکستان منزلیں آسان منصوبے کا پی سی ون بھی تیار نہیں کیا گیا، پلاننگ کمیشن کی ہدایات کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا، سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو مالی بے ضابطگیوں سے متعلق کوئی جواب نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 40

کہا گیا کہ خوراک کی بڑھتی ہوئی عالمی طلب کو پورا کرنے کیلئے پیداوار میں اضافہ بہت ضروری ہے، اس مقصد کے لیے جدید زرعی طریقوں کو نافذ کرنا، فصلوں کی پیداوار کو بہتر بنانا، پائیدار کاشتکاری کی تکنیک کو فروغ دینا، اور زرعی تحقیق و ترقی میں سرمایہ کاری کی اشد ضرورت ہے ہر فرد کو خوراک تک رسائی حاصل کرنے کے حق کو یقینی بنائیں خوراک کے حق کو تسلیم کرنے کے باوجود دنیا کو مزید اہم چیلنجز کا سامنا ہے خوراک کے حق کے حصول کے لئے ہمارے چھوٹے کاشتکاروں کی راہنمائی کے لئے حکمت عملی طے کی جائے۔ مقامی کمیونٹیز کو بااختیار بنانے والے طریقوں پر توجہ مرکوز کر کے، خوراک کا ایک ایسا نظام تشکیل دے کر موجودہ اور آنے والی نسلوں کی ضروریات کو کسی حد تک پورے کرنے میں مدد کے پائیدار زرعی طریقوں میں سرمایہ کاری ماحولیاتی نظام کو محفوظ رکھتے ہوئے پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہو سکتا ہے پالیسی سازوں کو ملکی ضروریات کے پیش نظر خوراک کے تحفظ کو ترجیح دیں اور ایسے منصوبے تیار کریں جو پائیدار ترقی کی ضمانت دیں۔ خوراک کی تقسیم کے نظام کو مساوی اور بہتر بنا کر ہی صحت کی سہولیات تمام شہریوں کا حق ہے ہسپتالوں کو محفوظ بنانا اور کینسر کے بڑھتے ہوئے کیسز کی روک تھام اور علاج کے لئے آگاہی مہم شروع کرنا ہوگی کینسر سروائیورشپ: زندگی کا جشن منانے کے لیے کینسر سے لڑنے والوں کا نفرنس کے دوسرے روز انسانی صحت کے حوالے سے ریسرچ پیپرز پیش کیے گئے جن میں 8 تحقیقی مقالے کینسر کے حوالے سے پیش کیے گئے جبکہ اینٹی بائیکس کا بڑھتا ہوا استعمال اس کے مضمرات اور دیگر بیماریوں کے حوالے سے ریسرچ پیپر پڑھے گئے اس دو روزہ کانفرنس میں 85 تحقیقی مقالے، 60 پریزنٹیشن 15 پوسٹر پریزنٹیشن 10 انٹرنیشنل اور 50 نیشنل سپیکرز نے شرکت کی اختتام تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن شعبہ بائیوکیمسٹری اور بائیوٹیکنالوجی ڈاکٹر طاہرہ یوسف نے کہا کہ یہ کانفرنس ویمن یونیورسٹی کے مستقل کیلنڈر کا حصہ بن چکی ہے اس کے مثبت نتائج نے دنیا کو چونکا دیا ہے اس میں پڑھے گئے ریسرچ پیپر انسانی فلاح و بہبود میں استعمال ہوں گے کانفرنس کے انعقاد کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر چیف آرگنائزر ڈاکٹر فرح دیبا مبارکباد کی مستحق ہیں اختتام پر تمام شرکاء میں سرٹیفکیٹس اور شیلڈ تقسیم کی گئی اس موقع پر تمام اساتذہ اور طالبات موجود تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

لاہور 1 ارب 85 کروڑ کے ساتھ 12ویں جبکہ ریجن ڈی لاہور 1 ارب کی ریکوری کے ساتھ آخری نمبر پر رہا۔ ساہیوال 71 کروڑ کے ساتھ دوسرے نمبر، گوجرانوالہ 1 ارب 91 کروڑ کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا، ملتان 1 ارب 69 کروڑ کے ساتھ چھٹے نمبر سرگودھا 64 کروڑ کے ساتھ ساتویں نمبر پر رہا۔ دستاویزات کے مطابق گزشتہ سال کی نسبت رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں 5 ارب زیادہ اکٹھا کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

پاکستان کے لیے سفر 11 جنوری سے 20 مارچ 2025 تک کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

انہوں نے کہا کہ جھوٹے پروپیگنڈے کو فروغ دینا اور سوشل میڈیا کو منفی مقصد کے لیے استعمال کرنا پی ٹی آئی کی قیادت کے لیے مددگار ثابت نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی پہلے ہی سوشل میڈیا کے ذریعے جھوٹے دعوے کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے رہنماؤں کا ریاست کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیان افسوسناک ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈی چوک واقعے کی تحقیقات کے لیے پارلیمانی کمیشن بنایا جائے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیاسی مسائل کے حل کے لیے بات چیت ہی واحد آپشن ہے اور ہم پی ٹی آئی کو آگے بڑھنے کے لیے مذاکرات کی پیشکش کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

کو تقریباً 12 کروڑ ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ پاکستان سوفٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن کے ایک عہدیدار کے مطابق شک ہے کہ فائر وال کی تنصیب میں کچھ مسائل ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

پنشن میں سالانہ اضافہ ختم کر دیا گیا، پنشن میں اضافے پر بندش کا آغاز 2 دسمبر 2024 سے ریٹائر ہونے والے سرکاری ملازمین پر ہوگا، محکمہ خزانہ کے 2015 میں جاری مراسلہ کے پیراگراف ون کے تحت جاری پنشن میں اضافہ جبکہ 2011 میں جاری کردہ مراسلہ کے پیراگراف ٹو کے تحت جاری اضافہ بھی ختم کر دیا گیا۔ اسی طرح محکمہ خزانہ کے 2022 میں جاری لیٹر کے پیراگراف ون کے تحت جاری پنشن میں اضافہ ختم کر دیا گیا۔ سیکرٹری خزانہ نے مراسلے میں ہدایت کی کہ تمام محکمے اور ادارے 2 دسمبر 2024 کے اس مراسلے کے تحت پنشن میں اضافہ روکنے کیلئے دستاویزی اقدامات کریں۔ محکمہ خزانہ پنجاب کے مطابق از خود ریٹائرمنٹ لینے والوں کی پنشن میں بھی کٹوتی ہو گی۔ جلد ریٹائرمنٹ لینے والے 59 سالہ شخص کی پنشن میں 2 فیصد، جلد ریٹائرمنٹ لینے والے 58 سالہ شخص کی پنشن میں 4 فیصد، جلد ریٹائرمنٹ لینے والے 57 سالہ شخص کی پنشن میں 6 فیصد اور 56 سالہ شخص کی پنشن میں 8 فیصد کمی ہو گی۔ اسی طرح جلد ریٹائرمنٹ لینے والے 55 سالہ شخص کی پنشن میں 10 فیصد کمی ہو گی۔

بقیہ بقیہ جات 46

سے زائد درخواستیں موصول ہونے کی صورت میں قرعہ اندازی کی جائے گی، سمندر پار پاکستانی 10 دسمبر تک سپانسرشپ کی رقم لازمی جمع کروا دیں۔ انہوں نے کہا کہ سپانسرشپ سکیم میں موصول درخواست گزاروں کو بلا قرعہ اندازی کامیاب قرار دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عازمین حج نئی ہدایات کے لیے پاک حج موبائل ایپ ضرور ڈاؤن لوڈ کر لیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کو لکھے گئے خط میں ڈاکٹر یاسمین راشد کا کہنا تھا کہ 26 نومبر کو پاکستان میں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی سرپرستی میں سکیورٹی فورسز نے بنیادی حقوق روند ڈالے، اسلام آباد میں پاکستان کے مستقبل کی نسل کا قتل عام کیا گیا، کئی ماؤں کے بچے، کئی بہنوں کے بھائی ان سے چھن گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بطور ماں اس سانحے پر دل ٹوٹ چکا ہے، اپنی 74 سالہ زندگی میں آج تک بھی خود کو اتنا بے یار و مددگار نہیں پایا، پاکستان ہیومن رائٹس کے حوالے سے بدترین دور سے گزر رہا ہے۔ یاسمین راشد نے کہا کہ ہم بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے چیف جسٹس سے اپیل کی کہ 26 نومبر کو ڈی چوک پر [illegible] کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، اگر حقائق سامنے نہ لائے گئے تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 48

احمد نے کہا کہ بچوں کے حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشن کا آرٹیکل 12 بچوں کو فعال حقوق کے حاملین کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ان حقوق کو یقینی بنائیں اور بچوں کو ان کے جائز حقوق فراہم کریں۔ چیئرپرسن نے کہا کہ ہم پنجاب میں بچوں کو تحفظ اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ بچوں کو ملنے کا حق، تحفظ حاصل کرنے کا حق، اور ایسے ماحول میں پروان چڑھنے کا حق ہے جو ان کی حفاظت، وقار اور صلاحیت کو پروان چڑھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں پر تشدد، بدسلوکی اور استحصال کو کسی بھی شکل میں، خواہ جسمانی، جذباتی یا آن لائن، برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بچوں کی حفاظت کے لیے ہمارا عزم غیر متزلزل ہے، اور یہ ایک ایسا مشن ہے جسے ہم انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب نے بچوں کے تحفظ کے لیے ایک جامع چائلڈ پروٹیکشن پالیسی تیار کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

گرد و نواح کے علاقوں میں بارش کے ساتھ سردی بڑھ گئی۔ بلوچستان کے ضلع ژوب میں ژالہ باری کا بیالیس سال کا ریکارڈ ٹوٹ گیا، ژالہ باری سے سولر پلیٹوں اور درختوں کو بھی نقصان پہنچا۔

بقیہ بقیہ جات 50

بریگیڈ حکام کا کہنا ہے کہ آگ پر مکمل قابو پانے کے لیے مزید فائر ٹینڈرز کو طلب کر لیا گیا ہے، آگ بجھانے کے لیے فوم بھی استعمال کیا جا رہا ہے۔ آگ سے متاثرہ عمارت میں موجود افراد کو باہر نکال لیا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق آگ کثیر منزلہ عمارت کی پہلی منزل کے ایک فلیٹ میں لگی تھی جو بعد میں پھیل کر اوپری منزلوں تک بھی پہنچ گئی۔ علاقہ مکینوں نے بتایا ہے کہ فائر بریگیڈ اور دیگر امدادی اداروں کے اہلکاروں کے تاخیر سے پہنچنے کے باعث عمارت کو اپنی مدد آپ کے تحت خالی کرایا گیا اور آگ بجھانے کی کوشش کی گئی۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے رمپا پلازہ میں آگ لگنے کا نوٹس لے لیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

معیار کی ترقی کے لیے جاری مہم سے مواقع تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد شعبوں میں دو طرفہ تعاون کے نئے امکانات سے فائدہ اٹھانے کے طریقوں پر غور کیا۔ جنوبی کوریا میں چینی سفارتخانے کے عبوری ناظم الامور فانگ کون نے اپنے افتتاحی کلمات میں کہا کہ اعلیٰ معیار کی ترقی میں حالیہ پیشرفت اور نئی پیداواری قوتوں کی نشوونما اور تیاری کے لیے تیز تر کوششوں سے چین نے باقی دنیا کے لیے اعلیٰ معیار کی وسعت کے فروغ کے مستحکم راستے کا انتخاب کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

کے لیے صحت پر مبنی عالمی معاشرے کی تعمیر کی بھی ضرورت ہے۔ نی نے کہا کہ چین روایتی ادویات میں باہم سیکھنے کے عمل کو پروان چڑھانے، صحت کے عالمی نظام میں اس کے بہتر انضمام، روایتی ادویات کے کلچر کی تخلیقی جدت پر مبنی تبدیلی اور ترقی کے لئے عالمی برادری کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔ روایتی چینی ادویات (ٹی سی ایم) کے حوالے سے شی جن پھنگ نے کہا کہ چین نے ہمیشہ جدید ادویات اور ٹی سی ایم کو یکساں اہمیت دی ہے اور روایتی ادویات کی خصوصی ترقیاتی راہ ہموار کی ہے۔ روایتی ادویات کی عالمی کانفرنس 2024 عالمی ادارہ صحت اور نیشنل ہیلتھ کمیشن سمیت چینی سپانسرز کے اشتراک سے منعقد ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے مطابق مقدمہ پی ایم سی ملازم ارسلان کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایک پیپل، نیم اور دیگر 2 درخت کاٹنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدعی کے مطابق ملزمان لکڑی کی 2 گنچر، 1 ٹیبل اور مونوٹ بھی نکال کر لے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق ملزمان نے تمام سامان اور لکڑی منی ٹرک پر لوڈ کیا اور فرار ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی اطلاع پر فوری مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

شریک ہوئے، جبکہ معروف شاعر افتخار عارف، نورالہدیٰ شاہ اور اعجاز فاروقی نے پریس بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سترھویں عالمی اردو کانفرنس میں اس سال جشن کراچی منایا جا رہا ہے، جبکہ آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی 70ویں سالگرہ کے موقع پر کیک بھی کاٹا جائے گا۔ جشن کراچی سترھویں عالمی اردو کانفرنس کے پہلے روز افتتاحی اجلاس کے بعد میں ہوں کراچی، میں انور مقصود پر سیشن ہوگا، جس میں تابش ہاشمی اور وسیم بادامی بھی شامل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

دینے ** کے نام پر امن کو نقصان پہنچاتا ہے، جو طویل عرصے سے بین الاقوامی برادری پر واضح ہے۔ دوچیہان نے یہ بات امریکہ کی جانب سے تائیوان کو 38 لاکھ 50 ہزار ڈالر کے اسلحے کی فروخت کی منظوری کے اعلان سے متعلق میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں کہی۔ ترجمان نے کہا کہ امریکہ کا یہ اقدام ایک چین کے اصول اور 3 چین۔امریکہ اصولوں کے مشترکہ اعلامیے کی شدید خلاف ورزی ہے۔ چین کی خودمختاری اور سلامتی کے مفادات کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ چین۔امریکہ تعلقات اور آبنائے تائیوان میں امن و استحکام کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے اس اقدام پر شدید عدم اطمینان اور سخت مخالفت کا اظہار کیا۔ انہوں نے تائیوان کی ڈیموکریٹک پروگریسو پارٹی کے حکام کی جانب سے تائیوان کے ہم وطنوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود کی قیمت پر امریکی حمایت اور طاقت کے ذریعے آزادی حاصل کرنے کی کوششوں کی بھی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ان کی اپنی موت کا سبب بنے گا۔ انہوں نے امریکہ پر زور دیا کہ وہ ** تائیوان کی آزادی ** کی حمایت نہ کرنے کے اپنے وعدے کو پورا کرے اور تائیوان کو کسی بھی طرح سے مسلح کرنا بند کرے۔ ترجمان نے کہا کہ چینی پیپلز لبریشن آرمی اپنی فوجی تربیت اور جنگی تیاریوں کو مضبوط بنانا جاری رکھے گی اور تائیوان کی آزادی ** اور بیرونی مداخلت کی کسی بھی علیحدگی پسند کوشش کو سختی سے ناکام بنائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 56

رکھنے کی ضرورت ہے۔ چینی صدر نے کہا کہ چین تیز رفتاری سے ایک اعلیٰ معیار کی سوشلسٹ مارکیٹ کی تعمیر کر رہا ہے، اور ادارہ جاتی کھلے پن کو تیزی سے بڑھا رہا ہے، اعلیٰ معیار کے بین الاقوامی اقتصادی اور تجارتی قوانین کے مطابق کام کرنے کی پہل کر رہا ہے اور فعال طور پر شفاف، مستحکم اور قابل اعتماد ادارہ جاتی ماحول کو فروغ دے رہا ہے۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ چین کی جدیدیت کی کوشش 1.4 ارب لوگوں کی بہتر زندگی کی امنگوں کو پورا کرتی ہے اور یہ عالمی امن اور ترقی میں نئے اور اہم کردار ادا کرے گی۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ دنیا بھر کے ممالک کو نئے خطرات اور چیلنجز کے ساتھ ساتھ ترقی کے نئے مواقع اور امکانات کا بھی سامنا ہے۔ صدر شی نے کہا کہ چین ترقی کے لئے سازگار ماحول اور حالات پیدا کرنے، بہت سی مشکلات اور چیلنجز سے نمٹنے، پرامن ترقی اور باہمی مفید تعاون کے لئے دیگر تمام ممالک کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے تاکہ انسانیت کے لئے مشترکہ مستقبل کے حامل معاشرے کی تعمیر میں ایک نیا باب رقم کیا جا سکے۔ کانفرنس کی میزبانی چائنا انسٹی ٹیوٹ فار انوویشن اینڈ ڈویلپمنٹ اسٹریٹجی، چائنیز پیپلز انسٹی ٹیوٹ آف فارن افیئرز اور گوانگ ڈونگ صوبائی حکومت نے مشترکہ طور پر کی۔ کانفرنس کا آغاز منگل کے روز گوانگ ژو میں ہوا جس کا موضوع اصلاحات کو آخر تک لے جانا - چینی جدیدیت اور عالمی ترقی کے لیے نئے مواقع تھا۔

بقیہ بقیہ جات 57

علامہ عبدالخالق فریدی سلفی، مرکزی سینئر وائس چیئرمین جمعیۃ الاسلام علامہ محمد حسین مسعودی، مرکزی نائب صدر پروفیسر ڈاکٹر سید طفیل احمد قادری حنبلی، صاحبزادہ پیر سید عمر شاہ سمیت مختلف مکاتب فکر کے جید علماء مشائخ نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطین کا دو ریاستی مجوزہ حل حق و انصاف کا قتل ہے، اقوام متحدہ مسلم حکمران قابض یہودیوں کو نکال کر فلسطینیوں کو ان کا حق دلوائیں، حکومت پاکستان کا فلسطین کے حوالے سے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح والا ہی دو ٹوک، جرأت مندانہ واضح موقف ہے کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے اور عالم اسلام کے قلب میں خنجر ہے۔ غاصب قابض صیہونی ریاست کو کسی صورت تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ فلسطین، غزہ، لبنان، شام پر بمباری، گریٹر اسرائیل کے جارحانہ توسیع پسندانہ منصوبے کا مذموم حصہ ہے۔ قبلہ اول بیت المقدس کے لیے عظیم قربانیاں و شہادتیں دینے والے حماس و حزب اللہ کے شہداء کو بلاامتیاز رنگ و مسلک خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ شہدائے فلسطین میں مسلکی بنیاد پر فرقہ واریت پھیلانے والے استعمار کے ایجنٹ ہیں۔ پاکستان سمیت مسلم حکمران سرکاری سطح پر تمام اسرائیلی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کریں، اسرائیلی جارحیت کے خلاف ایران، سعودی عرب، پاکستان ایک پیج پر ہیں، [illegible] پاراچنار میں شیعہ سنی مسلمانوں کے ناحق قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ پاراچنار قاتل تکفیری کیخلاف وحدت امت کا متقاضی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

تک 4 سیفٹی پروموشن سینٹرز ہیں۔ دیگر 3 سینٹرز فرانس کے تولوز، بھارت کے بنگلور اور جرمنی کے ہمبرگ میں واقع ہیں۔ ایئربس چائنہ کے سی ای او اور ایگزیکٹو نائب صدر جارج شو نے کہا کہ تھیانجن میں قائم سنٹر کا مقصد چینی ہوابازی کی صنعت کے شراکت داروں اور ایئربس چائنہ کے تمام ملازمین کے درمیان ایئربس کے تحفظ کے ماحول کو فروغ دینا ہے۔ طیارہ ساز کمپنی نے کہا کہ ایئربس کے ملازمین اور ایئرلائنز اور سپلائرز جیسے بیرونی مہمان یہ سیکھیں گے کہ ایئربس اپنے ہوائی جہاز کے ڈیزائن اور تیاری میں تحفظ کو کس طرح شامل کرتی ہے، نیز یہ کہ اس کا سیفٹی مینجمنٹ سسٹم اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کس طرح ایئر لائن کی صنعت میں تحفظ کو بہتر بناتا ہے۔ 2008 میں قائم ہونے والی اے 320 فیملی فائنل اسمبلی لائن ایشیا (ایف اے ایل اے) تھیانجن جن میں ایئربس کی یورپ کے باہر قائم کی جانے والی پہلی پیداواری لائن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

سال 3 دسمبر کو خصوصی افراد کا حوصلہ بڑھانے کا دن منایا جاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق بچوں کی ذہنی معذوری کے اسباب میں دوران پیدائش بنیادی حفظان صحت کے اصولوں کو نظر انداز کرنے جیسی سادہ وجہ سے لے کر جینیٹکس اور جینز جیسی پیچیدہ وجوہات کو قصوروار ٹھہرایا جا سکتا ہے، ایسے بچوں کو علاج کے ساتھ ساتھ توجہ کی خصوصی ضرورت رہتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ خصوصی بچوں کے والدین کیلئے بھی یہ صورتحال کسی کڑے امتحان سے کم نہیں، تاہم ان کے حوصلے بلند ہیں، بچوں کو احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے انہیں مکمل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے اپنی کسی کمی کو آڑے نہیں آنے دیا اور ہمت و حوصلہ سے حالات کا مقابلہ کیا، معذور افراد کی صلاحیتوں پر اعتماد کیا جائے اور بہتر مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ افراد بھی معاشرے کا ایک فعال حصہ بن سکتے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا کی کل آبادی میں سے 15 فیصد خصوصی افراد پر مشتمل ہے جن کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

2013 میں شروع کیے گئے بی آر آئی منصوبے کا مقصد شراکت داروں کے لئے بھاری سرمایہ کاری کے ذریعے عالمی معیشت کے نئے راستے قائم کرنا ہے۔ گیالہ نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے وسیع اور کم لاگت کے تبادلے کے فروغ کے ذریعے بین الاقوامی تجارت کے فروغ پر کام کیا جا رہا ہے۔ روزگار کے مزید مواقع پیدا کرنے والی صنعتوں کی ترقی کی معاونت بھی کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

اور 58 فیصد جاپانی جواب دہندگان ایک دوسرے کے ملک کو ایک بڑی عالمی معیشت اور ایک اہم تجارتی شراکت دار سمجھتے ہیں۔ تقریباً 50.8 فیصد چینی جواب دہندگان نے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور صنعتی انحصار کی اعلیٰ سطح کو تسلیم کیا، مشترکہ مفادات کو اجاگر کیا جبکہ 65.3 فیصد جاپانی جواب دہندگان نے کہا کہ چین کے ساتھ معاشی تعاون جاپان کے مستقبل کے لئے اہم ہے۔ سروے میں لوگوں کے درمیان تبادلے کے اہم شعبوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

مرکزی بینک کی جانب سے مزید مالیاتی نرمی کی جانی چاہیے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کنزیومر پرائس انڈیکس کے مطابق پاکستان میں افراط زر کی شرح کئی سال کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افراط زر کی اس کم رفتار کے نتیجے میں مالیاتی نرمی آئے گی جس سے کاروبار اور صنعتوں کے لئے سرمائے کی لاگت میں مزید کمی آئے گی اور حکومت کے لئے قرضوں کی ادائیگی پر زیادہ بچت ہوگی جس کے نتیجے میں آنے والے مہینوں، سہ ماہیوں میں مالی توازن بہتر ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 63

مارک پر جولائی 2025 تک عملدرآمد ہوگا۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کو پروگرام کے 22 اسٹرکچرل بینچ مارک دیے ہیں جن کو حاصل کرنا ہے، ان میں سے 18 وفاقی حکومت اور 4 اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے متعلق ہیں۔ دستاویزات کے مطابق ستمبر 2024 کے آخر تک آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ اہداف میں سے 3 اہم اہداف حاصل نہیں ہوئے جن میں پاکستان کو 2652 ارب روپے کا نیٹ ٹیکس ریونیو حاصل نہیں ہوا اور 85 ارب روپے کا شارٹ فال رہا۔ تعلیم اور صحت کے شعبے پر 685 ارب روپے کے اخراجات کا ہدف حاصل نہیں کیا گیا اور ستمبر 2024 تک مقامی کرنسی ڈیبٹ سیکیورٹیز اسٹاک کی میچورٹی حاصل کرنے میں بھی ناکام رہا۔

بقیہ بقیہ جات 64

طرح تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور سیدھی فائرنگ کر کے ان کی جان لی گئی۔ اس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی، مسلم لیگ ن کی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، دھونس، دھاندلی اور جبر سے اقتدار میں آنے والوں نے کرپشن ظلم جبر اور ناانصافیوں کے سوا کچھ نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 65

بہبود اور بہتری کیلئے دن رات کام کیا اور ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رانا محمد ولاس سیکرٹری انفارمیشن عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نے ثابت کیا کہ وہ سیاسی نہیں دہشتگرد جماعت ہے اور اس کی سرگرمیوں کے آگے بند باندھنا ناگزیر ہو چکا ہے، ہم نام نہاد سیاسی ٹولہ اپنی سیاست بچانے کیلئے جس حد تک جا سکتا ہے پوری قوم کو اس پر سخت تشویش ہے، پی ٹی آئی خود بند گلی میں داخل ہو چکی ہے اور انتشار کے ذریعے ملک کو تباہ کرنا چاہتی ہے یہ انتشار اور فساد کے ذریعے جس منفی ایجنڈے پر گامزن ہے ساری قوم اس سے آگاہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

انہوں نے کہا کہ حکومت کے دعوے مہنگائی کو کم کرنے کے باوجود روز بروز قیمتوں میں اضافہ عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ پیر سید ارشد علی شاہ قادری نے کہا کہ حکومت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے عوام کو ایک بار پھر سولی پر لٹکا رہی ہے، اور اس اضافے کے باعث عوام کی قوت خرید کم ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور مصنوعی مہنگائی نے عوام کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے، اور اس وقت عوام کو کسی قسم کا ریلیف ملنا ناممکن نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور اس کے اداروں کی ناکامی کی وجہ سے ایل پی جی، بجلی، تیل اور دیگر ایندھن کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جو کہ عوام کی روزمرہ کی زندگی پر سنگین اثرات ڈال رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالکریم جمالی، ڈاکٹر ابرار شیخ، یو لائف این جی او کے نظام عباسی، تاج ویلفیئر کے احمد نواز رند، حنیف پنہور کی قیادت میں نکالی گئی، ریلی میں جس اسپتال کے ملازمین، پیرامیڈیکل اسٹاف اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر ڈاکٹر عبدالکریم جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یکم دسمبر کو دنیا بھر میں ایڈز کا عالمی دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد عوام میں ایچ آئی وی ایڈز کے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہوتا ہے، اس سال میری صحت میری زندگی کے عنوان کے تحت ایڈز کا عالمی دن منایا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ دنیا میں 40 ملین لوگ ایڈز میں مبتلا ہیں جبکہ پاکستان میں 2 لاکھ 10 ہزار لوگ ایڈز میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایڈز ایک قابل علاج مرض ہے اور سندھ حکومت کے محکمہ صحت کی جانب سے ایڈز کنٹرول پروگرام کے تحت جس اسپتال جیکب آباد میں ایڈز کے مریضوں کے علاج کے لیے سینٹر قائم کیا گیا ہے، ڈاکٹر ابرار احمد نے کہا کہ ایچ آئی وی ایڈز سے متاثر مریض سے غیر محفوظ جنسی تعلقات، ایڈز سے متاثرہ ماں کا بچے کو جنم دینا، متاثرہ سرنج کے دوبارہ استعمال، نائی کے استعمال شدہ بلیڈ کے تحت یہ مرض پھیلتا ہے اس لیے ایسی چیزوں سے خود کو محفوظ رکھ کر ایسے مرض سے بچا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 68

گئی۔ وزیر امور کشمیر نے کہا کہ بیانات سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جھوٹ بولنے والے کتنے ذمہ دار لوگ ہیں، میڈیا کو بھی ایسے لوگوں کا بائیکاٹ کرنا چاہیے، خیبر پختونخوا کے وسائل وفاق پر حملہ کرنے والوں پر لگائے جا رہے ہیں، یہ وسائل صرف عوام کیلئے ہیں، وزیراعلیٰ ہاؤس پی ٹی آئی کے جھگڑوں کیلئے "علاقہ غیر" بن چکا ہے۔

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری کی زیر صدارت مجلس شوریٰ کا اجلاس

مجلس شوریٰ سے مشاورت کے بعد اظہر بلال کو حلقہ لاہور کا سیکرٹری جنرل اور خالد احمد بٹ کو نائب امیر جماعت اسلامی لاہور مقرر کر دیا

اجلاس میں ملکی تازہ صورتحال سیاسی صورتحال گہری تشویش کا اظہار اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کی مذمت کی گئی

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کی مجلس شوریٰ کا اجلاس زیر صدر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی زیر صدارت سانده روڈ دفتر جماعت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مجلس شوریٰ سے مشاورت کے بعد اظہر بلال کو حلقہ لاہور کا سیکرٹری جنرل اور خالد احمد بٹ کو نائب امیر جماعت اسلامی لاہور مقرر کیا۔ اجلاس میں شوریٰ ممبران کی موجودگی میں نائب امیر جماعت اسلامی لاہور اور سیکرٹری جماعت اسلامی نے اپنی ذمہ داریوں کا حلف لیا۔ اجلاس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیا الدین انصاری ایڈووکیٹ اور شوریٰ ممبران کی موجودگی میں نائب امیر جماعت لاہور خالد احمد بٹ اور سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال اپنی ذمہ داریوں کا حلف لے رہے ہیں

بلاول بھٹو نے پی پی پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 26 دسمبر کو طلب کر لیا

محترمہ بے نظیر بھٹو کی سترویں برسی کے موقع پر 27 دسمبر کو گڑھی خدا بخش میں بہت بڑا جلسہ منعقد ہوگا

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے پی پی پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 26 دسمبر کو طلب کر لیا ہے۔ پی پی پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا غیر معمولی اجلاس نوڈیرو ہاؤس میں منعقد ہوں گا، جس میں سی ای سی، فیڈرل کانسل، اراکین پارلیمنٹ شرکت کریں گے۔ اجلاس میں حکومت اور دیگر سیاسی جماعتوں سے بات چیت کی رپورٹ بھی کمیٹی پیش کریں گی۔ اس کے علاوہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی سترویں برسی کے موقع پر 27 دسمبر کو گڑھی خدا بخش میں بہت بڑا جلسہ منعقد ہوگا۔

سندھ حکومت خصوصی بچوں کی ہر ممکن مدد کرے گی، وزیر اعلیٰ سندھ

میرا مشن ہے کہ خصوصی افراد جو مختلف صلاحیتوں کے مالک ہیں ان کو اس معاشرے کا اہم اور کارگر حصہ بناؤں، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت خصوصی بچوں کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں خصوصی افراد کے عالمی دن کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی۔ ترجمان وزیر اعلیٰ سندھ کے مطابق تقریب کا انعقاد ڈپارٹمنٹ آف امپاورمینٹ آف پرسنس وِتھ ڈس ایبلٹیز (DEPD) نے کیا تھا، جبکہ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خصوصی افراد کے عالمی دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ سب کو وزیر اعلیٰ ہاؤس آنے پر خوش آمدید کہتا ہوں۔

نوجوانوں کو آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں مواقع فراہم کر رہے ہیں، شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں مواقع فراہم کر رہے ہیں، ملک میں ڈیجیٹائزیشن سے سرخ فیتہ میں کمی اور کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو خیبر پختونخوا کے نوجوانوں کی یو این ڈی پی ڈیجیٹل سکلز گریجویشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ ہمارے نوجوان ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

قائد جمعیت ملک، عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں' جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر ممہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تھامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قائد جمعیت ملک اور عوام کے حقوق جنگ لڑ رہے ہیں، اس وقت پاکستان میں جمعیت علماء اسلام واحد پارٹی ہے جو حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کر رہی ہے۔

''نیا پاکستان منزلیں آسان'' منصوبے میں مالی بے ضابطگیوں پر تحریک التوائے کار جمع

مذکورہ منصوبہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں شروع کیا گیا تھا، تحریک اسماء احتشام نے جمع کروائی

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کے دور میں شروع ہونے والے منصوبے ''نیا پاکستان منزلیں آسان'' میں سامنے آنے والی 30 ارب روپے کی مالی بے ضابطگیوں پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں تحریک التوائے کار جمع کروادی گئی۔ حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی اسماء احتشام الحق کی جانب سے جمع کروائی گئی تحریک کے متن میں کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں نیا پاکستان منزلیں آسان منصوبہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

ویمن یونیورسٹی ملتان میں جاری دوروزہ انٹرنیشنل کانفرنس اختتام پذیر

خوراک کی عالمی طلب کو پورا کرنے کے لئے پیداوار میں اضافہ ضروری ہے

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں جاری دو روزہ انٹرنیشنل کانفرنس اس اعلامیہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی کہ جدید زرعی طریقوں کو نافذ کرنا ہوگا اور خوراک کی عالمی طلب کو پورا کرنے کے لئے پیداوار میں اضافہ ضروری ہے۔ ترجمان کے مطابق زراعت، صحت اور غذائی تحفظ میں پائیدار ترقی بارے تیسری بین الاقوامی کانفرنس میں سو سے زائد ملکی اور غیر ملکی ماہرین زراعت شرکت کی اختتامی روز اعلامیہ پیش کیا گیا جس میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

چیف آرگنائزر ڈاکٹر فرح دیبا شرکا میں سرٹیفکیٹس اور شیلڈ تقسیم کر رہی ہیں

پامی نے پی ایم ڈی سی کا پانچ سالہ بی ڈی ایس پروگرام کا نوٹیفکیشن کو مسترد کر دیا

مذکورہ نوٹیفکیشن طلباء، والدین، فیکلٹی کیلئے پریشانی کا باعث، پاکستان میں دندان سازی کے پیشے کو ختم کرنے کی کوشش ہے پامی

یہ فیصلہ کرنے سے پہلے اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ نہیں لیا گیا ہم اس فیصلے کی مذمت کرتے ہیں، حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ اس غیر قانونی عمل کے خلاف کارروائی کرے

لاہور (خبر نگار) ملک بھر میں 110 سے زائد اداروں کی نمائندہ تنظیم پاکستان ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ میڈیکل اینڈ ڈینٹل انسٹی ٹیوشنز (پامی) نے پی ایم ڈی سی کی طرف سے پانچ سالہ بی ڈی ایس پروگرام کے حوالے سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کو مسترد کر دیا ہے۔ پامی عہدیداروں کا کہنا تھا کہ یہ طلباء، والدین، فیکلٹی اور کالجوں میں پریشانی کا باعث ہے اور یہ پاکستان میں دندان سازی کے پیشے کو ختم کرنے کی کوشش ہے یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان میں اب بھی ڈینٹل ڈاکٹرز کی کمی ہے۔ پامی نے خبردار کیا ہے کہ یہ فیصلہ کرنے سے پہلے اسٹیک باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

پنجاب کے سرکاری ملازمین کیلئے پنشن میں سالانہ اضافہ ختم

لاہور (این این آئی) پنجاب کے محکمہ خزانہ نے تین طرز کی پنشن میں سالانہ اضافہ ختم کر دیا جو سرکاری ملازمین کیلئے بڑا دھچکا ثابت ہوگا۔ پنشن میں اضافے پر بندش کا آغاز دسمبر 2024ء سے ریٹائر ہونے والے سرکاری ملازمین پر ہوگیا۔ سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل نے تمام انتظامی سیکرٹریز اور سربراہوں کو مراسلہ بھیج دیا۔ محکمہ خزانہ کے 2015ء میں جاری مراسلہ کے پیراگراف ون کے تحت جاری پنشن میں اضافہ جبکہ 2011ء میں جاری کردہ مراسلہ کے پیراگراف ٹو کے تحت جاری اضافہ بھی ختم کر دیا گیا۔

انٹرمیڈیٹ دوسرے سالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان 27 دسمبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ سمیت تمام بورڈز انٹرمیڈیٹ کے دوسرے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان 27 دسمبر کو کریں گے۔ لاہور بورڈ میں نتائج کا اعلان کنٹرولر امتحانات زاہد میاں اور سیکرٹری رضوان نذیر کریں گے، انٹر پارٹ ون اور ٹو کے امتحان میں 50 ہزار سے زائد امیدواروں نے شرکت کی تھی۔ امیدوار اپنے نتائج آن لائن تعلیمی بورڈ کی ویب سائٹ سے بھی معلوم کر سکیں گے، رواں سال انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں 36 ہزار سے زائد بچوں نے امتحان دیا تھا۔

لاہور، سکھ نہر کے علاقہ میں بجلی کے پولز کی صورت میں لیسکو کا لاکھوں روپے کا اثاثہ بیکار پڑا ہوا ہے

محکمہ ایکسائز نے مالی سال کے پہلے 5 ماہ کے دوران 47 فیصد ٹارگٹ حاصل کر لیا

56 ارب 95 کروڑ کے ٹارگٹ میں سے 26 ارب 84 کروڑ کی ریکوری کی گئی' دستاویزات

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز نے مالی سال کے پہلے 5 ماہ کے دوران 47 فیصد ٹارگٹ حاصل کر لیا، 56 ارب 95 کروڑ کے ٹارگٹ میں سے 26 ارب 84 کروڑ کی ریکوری کی گئی۔ دستاویزات کے مطابق سب سے زیادہ ریکوری لاہور کے موٹر آفس نے 13 ارب کے ٹارگٹ میں سے 7 ارب سے زائد کی، ریجن بی لاہور نے 8 ارب کے ٹارگٹ میں سے 3 ارب 84 کروڑ کر کے چوتھے نمبر پر، ریجن اے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

پی آئی اے کا نئے سال کی آمد پر مسافروں کے لیے بڑا اعلان

کینیڈا سے پاکستان آنے والی پروازوں کی ٹکٹس پر 10 فیصد رعایت ملے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے نئے سال 2025 کی آمد پر مسافروں کے لیے بڑا اعلان کر دیا، کینیڈا سے پاکستان آنے والی پروازوں کی ٹکٹس پر 10 فیصد رعایت کا اعلان کیا گیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق کینیڈا سے پاکستان آنے والی پی آئی اے کی پروازوں پر خصوصی طور پر 10 فیصد رعایت کا اعلان کرتے ہیں، ٹکٹ بکنگ 10 دسمبر تک کی جا سکتی ہے، خریدے گئے رعایتی ٹکٹ پر کینیڈا سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

حج درخواستوں کی وصولی میں 10 دسمبر تک توسیع

3 دسمبر تک موصول ہونے والی تمام حج درخواستیں کامیاب قرار

حج درخواستوں کی وصولی میں 10 دسمبر تک توسیع، 3 دسمبر تک موصول ہونے والی تمام درخواستوں کامیاب قرار

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کی جانب سے حج درخواستوں کی وصولی میں 10 دسمبر تک توسیع کر دی گئی جبکہ 3 دسمبر تک موصول ہونے والی تمام حج درخواستوں کو کامیاب قرار دے دیا گیا ہے۔ سپانسر شپ سکیم میں موصول ہونے والی تمام درخواستیں بھی کامیاب قرار دی گئی ہیں۔ وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین کے مطابق کوٹہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

محکمہ خزانہ پنجاب نے پنشن رولز میں ترامیم کر دی گئیں،

ازخود ریٹائرمنٹ لینے والوں کی پنشن میں بھی کٹوتی ہو گی

اضافے پر بندش کا آغاز 2 دسمبر سے ریٹائر ہونے والے سرکاری ملازمین پر ہوگا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے پنشن رولز میں ترامیم کر دی گئیں، ازخود ریٹائرمنٹ لینے والوں کی پنشن میں بھی کٹوتی ہو گی۔ سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل نے تمام انتظامی سیکرٹریز اور سربراہوں کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ جس کے مطابق پنجاب کے سرکاری ملازمین کیلئے پنشن میں سالانہ اضافہ ختم کر دیا گیا۔ پنجاب کے محکمہ خزانہ نے تین طرز کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

انٹرنیٹ بندش سے آئی ٹی سیکٹر کو یومیہ 12 کروڑ ڈالر نقصان کا سامنا

شک ہے فائر وال کی تنصیب میں کچھ مسائل ہوئے ہیں، پاشا عہدیدار

انٹرنیٹ کی ست روی کے باعث صارفین کو سوشل میڈیا ایپلی کیشنز کے استعمال میں مشکلات کا سامنا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت ملک کے کئی شہروں میں انٹرنیٹ کی ست روی برقرار ہے۔ ملک بھر میں انٹرنیٹ کی ست روی کے باعث صارفین کو سوشل میڈیا ایپلی کیشنز کے استعمال میں مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے طلبہ اور فری لانسرز کی بڑی تعداد شدید متاثر ہو رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک دن انٹرنیٹ کی بندش سے آئی ٹی سیکٹر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

سیاسی مسائل کے حل کے لیے بات چیت ہی واحد آپشن ہے، رانا ثنا اللہ

پی ٹی آئی پہلے ہی سوشل میڈیا کے ذریعے جھوٹے دعوے کر چکی ہے

پی ٹی آئی کے رہنماؤں کا ریاست کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیان افسوسناک ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کے حل کے لیے بات چیت ہی واحد آپشن ہے، پی ٹی آئی کو آگے بڑھنے کے لیے مذاکرات کی پیشکش کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا پی ٹی آئی کو تمام سیاسی مسائل کے حل کے لیے مل بیٹھنے کی دعوت دیتے ہیں۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

لاہور، لیسکو اہلکار مغلپورہ روڈ پر بجلی کی تاروں کے ساتھ ٹکرانے والی درختوں کی شاخیں کاٹ رہے ہیں

رہنما پی ٹی آئی کا چیف جسٹس کو خط، ڈی چوک واقعہ کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن بنانے کی اپیل

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے جیل سے چیف جسٹس آف پاکستان کو خط لکھ دیا۔ یاسمین راشد نے 26 نومبر کو ڈی چوک واقعات کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کی اپیل کر دی۔ چیف جسٹس آف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

بچوں کے تحفظ کے لیے ذمہ داریوں کو سمجھنا، ان پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے' سارہ احمد

تشدد، بدسلوکی اور استحصال کو کسی بھی شکل میں، خواہ جسمانی، جذباتی یا آن لائن، برداشت نہیں کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن اور ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سارہ احمد نے یونیورسل چلڈرن ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا انعقاد سرچ فار جسٹس این جی او کی جانب سے کیا گیا۔ اس موقع پر چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب سارہ احمد نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے ہماری ذمہ داریوں کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ چیئر پرسن سارہ احمد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی بچوں سے استحصال کے حوالے سے زیرو ٹالرینس پالیسی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ دن ہمارے بچوں کے تحفظ اور ان کے روشن مستقبل پر غور کرنے کا دن ہے۔ چیئر پرسن سارہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

کراچی میں آج سے موسم تبدیل ہونے کی پیش گوئی، تیز ہوائیں چلیں گی

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کراچی کا موسم تبدیل ہونے کی پیش گوئی کر دی، تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کراچی میں تیز ہوائیں چل سکتی ہیں، بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں کہیں کہیں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔ ملتان، لودھراں اور خوشاب میں بارش ڈیرہ مراد جمالی کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

اسلام آباد، وفاقی وزیر سالک حسین سے باکسر عامر خان ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا سکالرشپ پروگرام لانچ ہونے کو تیار

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے لانچنگ تقریب کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے تقریب کے مقام کا دورہ کیا

سکالرشپ پروگرام میں 436 تعلیمی اداروں سے 68 ہزار سے زائد طلبہ اپلائی کر چکے۔ وزیر تعلیم

لاہور (خبر نگار) پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا سکالرشپ پروگرام آج لانچ ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز ہونہار سکالرشپ پروگرام کا افتتاح کریں گی۔ سکالرشپ پروگرام کا لانچنگ میلہ پنجاب یونیورسٹی میں سجے گا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے لانچنگ تقریب کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے تقریب کے مقام کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تمام امور کا تکنیکی معائنہ کیا اور انتظامات پر بریفنگ لیتے ہوئے اہم ہدایات دیں۔ وزیر تعلیم کی غیر تسلی بخش انٹیریئر ورک پر کنٹریکٹر کی سرزنش کرتے ہوئے اسے فی الفور بہتر کرنے کی ہدایت کی۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لاہور، وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ افراد باہم معذوری کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ میں نرسز کو بلیک میل کر کے لوٹنے والے بڑے گروہ کا انکشاف

گروہ کی نشاندہی پر ڈائریکٹر ایف آئی اے سائبر کرائم اور ایس ایچ او تھانہ سول لائن کو مقدمہ درج کرنے کی درخواست جمع کرا دی گئی

سکندر نامی ایک شخص فون نمبر 03491253192 پر باقاعدہ جاز کیش اور ایزی پیسہ پر رقوم منگواتا

مختلف نرسز کو ان کے دفتری کاموں کو حل کرانے کے سلسلے میں بھاری رقوم کا مطالبہ بھی کیا جاتا

گروہ پنجاب بھر کی نرسز کو مختلف حیلے بہانوں اور سبز باغ دکھا کر لوٹنے میں مصروف ہے

لاہور (خبر نگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ میں نرسز کو مختلف افسران کے حوالوں سے بلیک میل کر کے لوٹنے والے بڑے گروہ کا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ نے اپنے سیکشن افسر نرسنگ عبدالجبار کی کاوشوں سے اس گروہ کی نشاندہی پر ڈائریکٹر ایف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

چین عالمی مفاد کیلئے مسلسل روایتی ادویات بہتر بنا رہا ہے، چینی صدر

تمام افراد کے لئے صحت پر مبنی عالمی معاشرے کی تعمیر کی بھی ضرورت ہے، شی جن پھنگ

بیجنگ (شِنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے دنیا بھر کے لوگوں کے بہتر مفاد کے لئے روایتی ادویات کو بہتر بنانے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ شی جن پھنگ نے بیجنگ میں منگل کو شروع ہونے والی روایتی ادویات عالمی کانفرنس 2024 کے لئے اپنے تہنیتی خط میں کہا ہے کہ طب اور صحت سے متعلق تعاون کو مستحکم کرنے اور صحت کے عالمی چیلنجز سے مشترکہ طور پر نمٹنے کے لئے تمام فریقوں کی جانب سے کوششوں کی ضرورت ہے۔ تمام افراد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

لاہور، چڑیا گھر میں سیر و تفریح کے لئے آنے والے شہری مصنوعی آبشار دیکھ رہے ہیں

شی جن پھنگ کا انڈرسٹینڈنگ چائنہ کانفرنس کے لئے تہنیتی خط

چین تیز رفتاری سے ایک اعلیٰ معیار کی سوشلسٹ مارکیٹ کی تعمیر کر رہا ہے

بیجنگ (شِنہوا) چین کے صدر شی جن پھنگ نے جنوبی چین کے صوبہ گوانگ ڈونگ کے شہر گوانگ ژو میں منعقدہ انڈرسٹینڈنگ چائنہ کانفرنس 2024 کو مبارکباد کا خط بھیجا ہے۔ چینی صدر شی جن پھنگ نے خط میں کہا ہے کہ کسی کو چین کو سمجھنے کے لئے جدیدیت کو آگے بڑھانے کی خاطر متعارف کردہ اصلاحات کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

ایئر بس کا چین میں اپنے پہلے سیفٹی پروموشن سینٹر کا آغاز

ایئر بس کے دنیا بھر میں اب تک 4 سیفٹی پروموشن سینٹرز ہیں

تھیان جن (شِنہوا) یورپی طیارہ ساز کمپنی ایئر بس نے چین کے شمالی بندرگاہی شہر تھیان جن میں اپنے پہلے سیفٹی پروموشن سینٹر کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ اقدام ایئر بس کا اپنے ادارے میں تحفظ کے ماحول کو مستحکم کرنے اور صنعت بھر میں سیفٹی کے بارے میں آگاہی بہتر بنانے کے لئے کمپنی کی عالمی کوششوں کا حصہ ہے۔ ایئر بس کے دنیا بھر میں اب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین کی جدیدیت کی مہم میں تعاون کے نئے مواقع کی تلاش پر سیول میں سمپوزیم کا انعقاد

سیول (شِنہوا) ''اعلیٰ معیار کی ترقی کے لیے چین کی کوششوں میں چین-جنوبی کوریا تعاون میں نئے امکانات کی تلاش'' کے موضوع پر ہونگ جنگ فورم سیول میں منعقد ہوا۔ فورم میں چین اور جنوبی کوریا کی یونیورسٹیوں اور تھنک ٹینکس سے سکالرز اور ماہرین نے شرکت کی۔ انہوں نے چین میں اعلیٰ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

چینی وزارت دفاع کی تائیوان کو امریکی اسلحے کی فروخت کی مذمت

بیجنگ (شِنہوا) چین کے دفاعی ترجمان نے تائیوان کو امریکہ کی جانب سے اسلحے کی حالیہ فروخت کی مذمت کرتے ہوئے اسے ہمیشہ بدنام 'اقدام قرار دیا ہے۔ وزارت قومی دفاع کے ترجمان وو چھیان نے کہا کہ ہتھیاروں کی فروخت کے ذریعے امریکہ چین کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتا ہے اور نام نہاد ''امن کے تحفظ اور استحکام کو فروغ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

انڈرسٹینڈنگ چائنہ کانفرنس 2024 سے اصلاحات اور مشترکہ ترقی کا فروغ

گوانگ ژو (شِنہوا) چینی جدیدیت اور دنیا کے لئے نئے مواقع کے حوالے سے انڈرسٹینڈنگ چائنہ کانفرنس 2024 چین کے جنوبی صوبے گوانگ ڈونگ کے دارالحکومت گوانگ ژو میں شروع ہوگئی۔ اس سال کانفرنس کا عنوان ''اصلاحات کے ذریعے منطقی انجام تک پہنچنا--چینی جدیدیت اور دنیا کی ترقی کے نئے مواقع'' ہے۔

بیلٹ اینڈ روڈ شراکت دار ملکوں میں معاشی ترقی کو فروغ دے رہا ہے، مصری ماہر

اس اقدام کے ذریعے وسیع اور کم لاگت کے تبادلے کے فروغ کے ذریعے بین الاقوامی تجارت کے فروغ پر کام کیا جا رہا ہے

قاہرہ (شِنہوا) چین کا بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) شریک ملکوں میں معاشی ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ سیاسی معیشت، شماریات اور قانون سازی کی مصری تنظیم کے رکن ولید گبالہ نے کہا کہ یہ اقدام عالمی ترقی پروان چڑھانے کا اہم نمونہ ہے جو بنیادی شہری سہولیات پر تبدیلی کے اثرات اجاگر کرتا ہے۔ ولید گبالہ نے شِنہوا کو ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لاہور، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ، برطانوی ہائی کمشنر، سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود افراد باہم معذوری کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شریک ہیں

کراچی، ایم اے جناح روڈ پر رمپا پلازہ میں آگ بجھانے کی کوششیں جاری

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے رمپا پلازہ میں آگ لگنے کا نوٹس لے لیا، متعلقہ اداروں کو عمارتوں کے معائنہ کی ہدایت

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر کثیر المنزلہ رمپا پلازہ میں لگی آگ بجھانے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ پاک بحریہ کی ٹیم بھی آتشزدگی کے مقام پر پہنچ گئی، آگ سے متاثرہ عمارت کے شیشے توڑے جا رہے ہیں۔ آگ پر قابو پانے کے لیے 10 فائر ٹینڈرز، 2 واٹر باوزر اور اسنارکل آگ بجھانے میں مصروف ہیں۔ فائر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

کراچی، ریڈ زون سے پرانے درخت کاٹنے پر مقدمہ درج

ٹی ایم سی ملازم نے مقدمے میں کے ایم سی کے 8 سے 10 نامعلوم ملازمین کو نامزد کیا، ڈی آئی جی ساؤتھ

کراچی (این این آئی) کراچی میں ریڈ زون سے پرانے درخت کاٹنے کے معاملے پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق مقدمے میں معطل کیے گئے افسران کو نامزد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ٹی ایم سی ملازم نے مقدمے میں کے ایم سی کے 8 سے 10 نامعلوم ملازمین کو نامزد کیا ہے۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

جشن کراچی عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد 5 دسمبر سے ہوگا، احمد شاہ

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر کیک بھی کاٹا جائے

کراچی (این این آئی) صدر آرٹس کونسل پاکستان محمد احمد شاہ نے کہا کہ جشن کراچی عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد 5 دسمبر سے ہوگا۔ آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام چار روزہ سترھویں عالمی اردو کانفرنس 2024 کے حوالے سے پریس کانفرنس ہوئی۔ کانفرنس میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، معروف دانشور و مزاح نگار انور مقصود باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

اسرائیلی وزیر اعظم کو پھانسی دی جائے، فلسطین کا دو ریاستی حل قبول نہیں، متحدہ علماء محاذ

سانحہ پاراچنار کی مذمت، شیعہ سنی مشترکہ دشمن کو پہچانیں سازشوں کیخلاف متحد و بیدار ہو جائیں، مقررین سیمینار

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ پاکستان کے زیر اہتمام محاذ صوبہ سندھ کے صدر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد داؤد کی زیر صدارت انسداد منشیات مرکز جامع مسجد زکریا تیسر ٹاؤن میں یکجہتی فلسطین و کشمیر و لبنان سیمینار میں شریک سرپرست مولانا محمد امین انصاری، مہمانان خصوصی مرکزی صدر حجۃ الاسلام علامہ مرزا یوسف حسین، مرکزی چیئرمین باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

پاکستان سمیت دنیا بھر میں معذوروں کا عالمی دن منایا گیا

دن کو منانے کا مقصد عوام میں معذور افراد کے مسائل، مساوی حقوق، فلاح و بہبود اور احترام کا شعور بیدار کرنا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں معذوروں کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد عوام میں معذور افراد کے مسائل، مساوی حقوق، فلاح و بہبود اور احترام کا شعور بیدار کرنا ہے، ایسے افراد بھی معاشرے کا کارآمد فرد ثابت ہوتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی طرف سے 1981 کو معذور افراد کا عالمی سال قرار دیا گیا، ہر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

اقتصادی تعاون چین۔جاپان تعلقات کا ستون ہے، سروے

ٹوکیو (شِنہوا) رائے عامہ کے ایک سروے کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ اقتصادی اور تجارتی تعاون چین۔جاپان تعلقات کی بنیاد اور محرک رہا ہے کیونکہ دونوں ممالک میں سروے میں شامل نصف سے زیادہ افراد ایک دوسرے کو ایک اہم اقتصادی اور تجارتی شراکت دار کے طور پر دیکھتے ہیں۔ 20 ویں بیجنگ ٹوکیو فورم سے قبل جاری ایک سروے کے مطابق تقریباً 51.8 فیصد چینی جواب دہندگان باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

لاشوں کا جھوٹا بیانیہ دینے والوں کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں، امیر مقام

ملک کی عالمی بدنامی کرانے والوں کو سر عام جھوٹ بولنے پر سزا ہونی چاہیے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و شمالی علاقہ جات انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ لاشوں کا جھوٹا بیانیہ دینے والوں کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں، جھوٹ بول کر ریاست، حکومت اور اداروں کو بدنام کیا گیا۔ اپنے بیان میں امیر مقام نے کہا کہ ملک کی عالمی بدنامی کرانے والوں کو سر عام جھوٹ بولنے پر سزا ہونی چاہیے، بیرسٹر گوہر کا بیان جھوٹ بولنے والوں کے خلاف فرد جرم ہے، قوم کو گمراہ کرنے کی کوشش کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68

لاہور، ویٹ مین روڈ پر کوڑے کے ڈھیر کو لگی آگ سے اٹھنے والا دھواں فضائی آلودگی کا باعث بن رہا ہے

(ن) کی قیادت نے ملک کے لئے استحکام حاصل کیا' محمد سلیم رضا

حکومت نے ملک کی فلاح و بہبود، بہتری کیلئے دن رات کام کیا، ڈیفالٹ سے بچایا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں ملک نے نہ صرف استحکام حاصل کیا بلکہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، حکومت نے اس ملک کی فلاح و باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

حکمران خوشحالی کے بجائے مخالفین کو کچلنے میں مصروف ہیں' محمد حسین

دھاندلی کے ذریعے اقتدار پر براجمان حکمران عوام کے خیر خواہ نہیں عوام دشمنی میں انکا کوئی ثانی نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ حکمران خوشحالی کے بجائے مخالفین کو کچلنے میں مصروف ہیں، حکمرانوں کو ملک و قوم کی کوئی پرواہ نہیں یہ اپنی جعلی حکومت بچانے کیلئے جبر کی انتہا تک جا پہنچے ہیں، دھاندلی کے ذریعے اقتدار پر براجمان حکمران عوام کے خیر خواہ نہیں عوام دشمنی میں انکا کوئی ثانی نہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے نہتے کارکنوں کو اسلام آباد احتجاج کے دوران جس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

جیکب آباد میں محکمہ صحت کی جانب سے ایڈز کے عالمی دن کے سلسلے میں آگاہی ریلی نکالی گئی

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں محکمہ صحت کی جانب سے ایڈز کے عالمی دن کے سلسلے میں آگاہی ریلی نکالی گئی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں ایڈز کے عالمی دن کے سلسلے میں عوام میں ایچ آئی وی ایڈز سے آگاہی کے لیے ایک ریلی محکمہ صحت اور ایچ آئی وی سینٹر کی جانب سے جمس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67

حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے پہلے جائزہ میں تین بڑے اہداف حاصل کرنے میں ناکام

اسلام آباد (این این آئی) حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے پہلے جائزے میں تین بڑے اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ نیٹ ٹیکس ریونیو، تعلیم اور صحت کے اخراجات کیلئے طے شدہ ہدف اور مقامی کرنسی ڈیبٹ سکیورٹیز کی میچورٹی حاصل نہیں کی جا سکی۔ 2652 ارب کا ٹیکس ریونیو حاصل نہیں ہوا، 85 ارب کا شارٹ فال اور 22 اسٹرکچرل بینچ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

افراط زر کی شرح میں کمی کے نتیجے میں مرکزی بینک کو مزید مالیاتی نرمی کرنی چاہیے' خرم شہزاد

حکومت کے لئے قرضوں کی ادائیگی پر زیادہ بچت ہو گی، مالی توازن بہتر ہوگا' مشیر اقتصادی و مالیاتی اصلاحات

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر برائے اقتصادی و مالیاتی اصلاحات خرم شہزاد نے کہا ہے کہ نومبر 2024 کے لیے کنزیومر پرائس انڈیکس افراط زر کی شرح کم ہو کر 4.9 فیصد رہ گئی ہے، پاکستان میں افراط زر کی شرح میں کمی کے نتیجے میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

لاہور، رہنما ن لیگ سید حشمت علی شاہ کے فرزند کی دعوت ولیمہ کی تقریب میں ملک ذیشان، حاجی امداد حسین، وحید عالم خان، محمد عاصم ودیگر کا گروپ فوٹو

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور